★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | ہفتہ 11 جمادی الثانی 1446ھ 14 دسمبر 2024ء 28 مگھر 2081 ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 59

فرمان الٰہی — **اللہ ایک ہے**

تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

ہواوے کے تعاون سے لاہور کو پہلا جدید ترین سمارٹ سٹی بنانے کا فیصلہ

مریم نواز شریف کی ہواوے کو نواز شریف آئی ٹی سٹی میں آفس قائم کرنے، صوبہ میں ریٹیل آفس اور آفٹر سیل سروس سنٹر قائم کرنے کی پیشکش

ہواوے کو پنجاب میں اسمبلنگ اور مینوفیکچرنگ پلانٹ لگانے پر تعاون کی یقین دہانی، ای کامرس، ایکو سسٹم پروڈکشن، ہیلتھ اور ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی ڈیجیٹلائزیشن سے متعلق تبادلہ خیال

مریم نواز کا لونگ گانگ میں ہواوے ٹیکنالوجیز کا دورہ، مختلف شعبے دیکھے، صدر ہواوے گورنمنٹ افیئرز وانگ چینگ ڈونگ کی ملاقات، دورہ لاہور کی دعوت

ڈیجیٹل پنجاب کے ویژن کو ہواوے کے اشتراک کار سے عملی شکل دینگے، ٹیلی کمیونیکیشن، الیکٹرانک اور ڈیجیٹلائزیشن کے امور میں ہواوے کی مہارتوں سے مستفید ہونا چاہتے ہیں' مریم نواز شریف

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے دورہ چین کے پانچویں روز بھی مصروفیت سے بھرپور دن گزارا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے شنگھائی کے ڈسٹرکٹ لونگ گانگ میں ہواوے ٹیکنالوجیز کا دورہ کیا اور مختلف شعبے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1


وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا یانتین ڈسٹرکٹ میں بی جی آئی جینومکس ہیڈ آفس پہنچنے پر تپاک استقبال کیا جارہا ہے

پاکستان، چین کے درمیان مصنوعی ذہانت پر مبنی زرعی آلات کے معاہدے پر دستخط

پنجاب حکومت نے اے آئی فورس ٹیک کمپنی کیساتھ مصنوعی ذہانت پر مبنی زرعی آلات کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے

لاہور (این این آئی) پاکستان اور چین کے درمیان مصنوعی ذہانت پر مبنی زرعی آلات کے معاہدے پر دستخط ہوگئے۔ ایس آئی ایف سی کے تعاون سے پاکستان چین کی زرعی مہارت سے مستفید ہوکر پیداوار اور برآمدات بڑھانے کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

وفاقی وزیر اطلاعات کا ترکیہ کے قومی ٹی وی چینل "ٹی آر ٹی ورلڈ" ہیڈ کوارٹرز کا دورہ

پاکستان اور ترکیہ میں بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے، پاکستان میں ترکیہ کے ڈرامے اور دستاویزی فلمیں بہت پسند کی جاتی ہیں، عطاء اللہ تارڑ

استنبول (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات، قومی ورثہ و ثقافت عطاء اللہ تارڑ نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان مشترکہ دستاویزی فلموں کی تیاری اور مشترکہ نشریات کی تجویز پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اور ترکیہ میں بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے، پاکستان میں ترکیہ کے ڈرامے اور دستاویزی فلمیں بہت پسند کی جاتی ہیں۔ یہ بات انہوں نے ترکیہ کے قومی ٹی وی چینل "ٹی آر ٹی ورلڈ" ہیڈ کوارٹرز کے دورہ کے موقع پر ڈائریکٹر جنرل انٹرنیشنل براڈ کاسٹ عمر فاروق تنبویردی سے ملاقات کے دوران کہی۔ ملاقات

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

سویلینز کے ملٹری ٹرائل

سپریم کورٹ نے فوجی عدالتوں کو فیصلے سنانے کی اجازت دیدی

جن ملزمان کو سزاؤں میں رعایت مل سکتی ہے انہیں رہا کیا جائے جن ملزمان کو رہا نہیں کیا جا سکتا انہیں سزا سنانے پر جیلوں میں منتقل کیا جائے، آئینی بینچ کا حکم

ہائی کورٹس میں اپیل کا حق انٹرا کورٹ اپیلوں کے فیصلے تک معطل، سپریم کورٹ نے آئینی بینچ نے کیس کی سماعت جنوری کے پہلے ہفتے تک ملتوی کردی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے فوجی عدالتوں کو 9 مئی کے واقعات میں ملوث 85 ملزمان کے فیصلے سنانے کی اجازت دیتے ہوئے قرار دیا ہے کہ فوجی عدالتوں کے فیصلے سپریم کورٹ میں زیر التوا مقدمہ کے فیصلے سے مشروط ہوں گے جبکہ آئینی بینچ نے حکم دیا ہے کہ جن ملزمان کو سزاؤں میں رعایت مل سکتی ہے انہیں رہا کیا جائے، جن ملزمان کو رہا نہیں کیا جا سکتا انہیں سزا سنانے پر جیلوں میں منتقل کیا جائے۔ سپریم کورٹ کے جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ نے سویلینز کے فوجی عدالتوں میں ٹرائل سے متعلق کیس کی سماعت کی۔ سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے سویلینز کے ملٹری کورٹس کیس کی سماعت موسم سرما کی تعطیلات کے بعد تک ملتوی کردی، آئینی بینچ نے 26 ویں ترمیم کا کیس جنوری کے دوسرے ہفتے میں سننے کا عندیہ دے دیا۔ آئینی بینچ نے فوجی عدالتوں کے علاوہ دیگر تمام مقدمات کی سماعت موخر کردی، جسٹس امین الدین خان نے ریمارکس دیے کہ آج صرف فوجی عدالتوں کا مقدمہ ہی سنا جائے گا۔ وزارت دفاع کے وکیل خواجہ حارث دلائل کے لیے عدالت کے روبرو پیش ہوئے، جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا کہ پہلے اس نکتے پر دلائل دیں کہ آرمی ایکٹ کی کالعدم دفعات آئین کے مطابق ہیں؟ کیا آرمی ایکٹ میں ترمیم کرکے ہر شخص کو اس کے زمرے میں لایا جاسکتا ہے؟ جسٹس محمد علی مظہر نے سوال کیا کہ پہلے بتائیں عدالتی فیصلے میں دفعات کالعدم کرنے کی وجوہات کیا ہیں؟ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ اس پہلو کو بھی مدنظر رکھیں کہ آرمی ایکٹ 1973 کے آئین سے پہلے بنا تھا۔ وزارت دفاع کے وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے میں خرابیاں ہیں، اس پر جسٹس جمال مندوخیل نے ناپسندیدگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عدالتی فیصلے کو اتنا بے توقیر تو نہ کریں کہ اسے خراب کہیں۔ وکیل خواجہ حارث

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

نواز شریف سینئر لیگی رہنما حاجی نذیر کی عیادت کرنے انکی رہائش گاہ پہنچ گئے

محمد نواز شریف نے حاجی نذیر کی عیادت کی اور ان کی صحت یابی کے لئے دعا کی

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و سابق وزیر اعظم محمد نواز شریف کئی ماہ سے علیل سینئر لیگی رہنما حاجی نذیر کی عیادت کرنے کے لئے انکی رہائش گاہ گڑھی شاہو پہنچ گئے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق حاجی نذیر صدر مسلم لیگ (ن) نواز شریف کے دیرینہ ساتھی ہیں۔ محمد نواز شریف نے حاجی نذیر کی عیادت کی اور ان کی صحت یابی کے لئے دعا کی۔ ذرائع کے مطابق میاں نواز شریف کی آمد کے باعث علاقے میں سیکورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کیے گئے تھے۔

حکومت کفایت شعاری پر عمل پیرا ہے، اعظم نذیر تارڑ

نادرا میں گزشتہ دو سال میں کوئی گاڑی نہیں خریدی گئی، وفاقی وزیر پارلیمانی امور و قانون وانصاف

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور و قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے سینٹ کو بتایا ہے کہ حکومت کفایت شعاری پر عمل پیرا ہے، نادرا میں گزشتہ دو سال میں کوئی گاڑی نہیں خریدی گئی۔ جمعہ وقفہ سوالات کے دوران سینیٹر دنیش کمار، سید مسرور احسن کے سوال کے جواب میں وفاقی وزیر پارلیمانی امور و قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ حکومت کفایت شعاری پر عمل پیرا ہے، وزراء تنخواہ نہیں لے رہے، وہ بجلی اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

پی ٹی آئی کیساتھ مسئلہ ہے کہ نہیں پتہ کس سے بات کی جائے: شیری رحمٰن

بلاول بھٹو زرداری نے پارلیمان میں واضح کہا تھا کہ پی ٹی آئی قوم سے معافی مانگے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمٰن کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی کے ساتھ ایک مسئلہ یہ بھی ہے کہ ہمیں نہیں پتہ کس سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف سے تاجکستان کے وزیر توانائی ملاقات کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف لونگ گانگ ڈسٹرکٹ میں ہواوے ٹیکنالوجیز کا دورہ کر رہی ہیں

سکیورٹی فورسز کے بلوچستان، کے پی میں آپریشنز 43 دہشتگرد ہلاک

خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشتگردوں کی ہلاکتیں 9 دسمبر سے اب تک مختلف آپریشنز کے دوران ہوئیں، خفیہ اطلاعات پر کی گئی کارروائیوں میں ہلاکتیں فتنہ الخوارج اور بلوچستان میں دہشت گرد گروپوں کیلئے بڑا دھچکا ہے

بلوچستان میں موسیٰ خیل اور پنجگور میں کارروائیاں کی گئیں، سکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں 10 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا، بلوچستان میں 25 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا گیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سکیورٹی فورسز نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں مختلف آپریشنز کے دوران 43 خوارجی اور دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشتگردوں کی ہلاکتیں 9 دسمبر سے اب تک مختلف آپریشنز کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

ن لیگ کسی صورت مذاکرات نہیں چاہتی، شوکت یوسفزئی

ملک کی خاطر مذاکرات ہو رہے ہیں تو ہونے چاہئیں، پی ٹی آئی رہنما کا انٹرویو

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن کسی صورت مذاکرات نہیں چاہتی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف مذاکرات کر رہی ہے تو یہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

حکومت کا مذاکراتی کمیٹی کو سنجیدہ نہ لینا الارمنگ ہوگا، علی محمد خان

سب دیکھ رہے کہ بانی پی ٹی آئی نے سول نافرمانی کی کال دی لیکن یہ کوئی نہیں دیکھ رہا کہ پہلے انہوں نے کمیٹی بنائی، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) رہنما پی ٹی آئی علی محمد خان نے کہا ہے کہ اگر حکومت مذاکراتی کمیٹی کو سنجیدہ نہیں لیتی تو یہ ان کے لیے الارمنگ ہوگا۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے علی محمد خان نے کہا کہ اس طرف تو سب دیکھ رہے ہیں کہ بانی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

شام میں پھنسے 318 پاکستانی لبنان کے راستے ملک پہنچ گئے

پاکستانیوں کو خیریت سے ملک واپس آنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں' احسن اقبال نے استقبال کیا

اسلام آباد (این این آئی) شام میں پھنسے 318 پاکستانی بیروت سے چارٹر طیارے کے ذریعے پاکستان پہنچ گئے۔ شام میں پھنسے پاکستانی لبنان کے راستے پاکستان پہنچے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کی درخواست پر لبنان نے پاکستانی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

اسحاق ڈار مانتے ہیں فائرنگ ہوئی، ریاست ناانصافی نہ کرے، مہر بانو قریشی

اس وقت لوگوں کو مرہم رکھنے کی ضرورت ہے، ادارے سب سے زیادہ اہم ہیں، ملتان میں میڈیا سے گفتگو

ملتان (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما مہر بانو قریشی نے کہا ہے کہ اسحاق ڈار مانتے ہیں کہ فائرنگ ہوئی۔ ملتان میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریاست اپنے لوگوں کے ساتھ ناانصافی نہ کرے۔ مہر بانو قریشی کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

شہباز شریف

مستقبل میں کم لاگت بجلی منصوبوں کو ہی ترجیح دی جائے

پن بجلی کے منصوبے کم لاگت بجلی کے ایسے ذرائع ہیں جن سے صارف کو ماحول دوست اور سستی بجلی فراہم ہوگی

بجلی کی پیداواری لاگت کے لحاظ سے کم لاگت بجلی کے انتخاب و ترسیل کیلئے جدید ٹیکنالوجی کے نظام کے نفاذ پر جلد عملدرآمد یقینی بنایا جائے، شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے بجلی صارفین کیلئے بجلی کے نرخوں کو مزید

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

وزیر اعظم شہباز شریف مستقبل کے لیے بجلی کے پیداواری منصوبوں، بجلی شعبے بالخصوص ترسیلی نظام پر جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد، وزیر خارجہ و نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار سے امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم ملاقات کر رہے ہیں

رانا ثناء اللہ

ن لیگ نے ہمیشہ مذاکرات کی حمایت کی ہے

فائنل کال سے پہلے رابطہ ہوا تھا، بانی پی ٹی آئی کی رہائی کی بات نہیں ہوئی تھی

پی ٹی آئی نے مذاکرات کا پیغام بھیجا تو ہماری طرف سے انکار نہیں ہوگا' مشیر سیاسی امور

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ فائنل کال سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

اسلام آباد، وفاقی وزیر ریاض حسین پیرزادہ سردار ایاز صادق سے ان کی بہن کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ملک میں بارش اور شدید برفباری سے سردی میں اضافہ، شاہراہ قراقرم بند

بالائی علاقوں میں برفباری، پہاڑوں پر 2 فٹ سے زائد برف گرنے سے نظام زندگی متاثر

کاغان (این این آئی) ملک میں شدید سردی کی لہر برقرار ہے، شمالی علاقوں میں بارش اور شدید برفباری سے سردی کی شدت میں اضافہ ہوگیا۔ وادی ہنزہ میں شاہراہ قراقرم بند ہوگئی، کوئٹہ، اسکردو، مالم جبہ، چترال اور دیر میں پارہ منفی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

پاک افغان سرحدی علاقوں میں قبائلی عمائدین کیساتھ جرگے

آئی جی ایف سی نے منزہ کئی میں واقع ایف سی پبلک اسکول کا دورہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) پاک افغان سرحدی علاقوں قمر دین کاریز اور منزہ کئی کے قبائلی عمائدین کے ساتھ جرگوں کا انعقاد کیا گیا۔ بلوچستان میں امن جرگوں کا انعقاد جاری ہے جرگوں میں آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) میجر جنرل عابد مظہر،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

تھائی لینڈ نے پاکستانیوں کیلئے ویزا سے متعلق اہم سہولت متعارف کرا دی

ویزا ایپلیٹ فارم کے ذریعے درخواست جمع کرانی ہوگی جس کے لیے ویب سائٹ کا وزٹ کرنا ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) تھائی لینڈ نے پاکستان اور افغانستان میں غیر ملکی شہریوں کے لیے اہم سروس متعارف کرادی گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق تھائی لینڈ کی جانب سے ای ویزا سروس متعارف کرائی ہے جس کا اطلاق یکم جنوری 2025 کو صبح

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

چیئرمین سینیٹ نے سینیٹر اعجاز چوہدری کی گرفتاری کے معاملے پر جواب طلب کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے سینیٹر اعجاز چوہدری کی گرفتاری کے معاملے پر جواب طلب کرلیا۔ جمعہ کو سینیٹ کے اجلاس کے دوران سینیٹر عون عباس نے عوامی اہمیت کے معاملے پر بات کرتے ہوئے کہا کہ سینیٹر اعجاز چوہدری کی صحت ٹھیک نہیں ہے، وہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

امیر مقام کا نادرا پشاور ریجنل ہیڈ کوارٹر کی نئی بلڈنگ کا دورہ

نئی عمارت کے انفراسٹرکچر، سہولیات اور منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے نادرا ریجنل ہیڈ کوارٹر پشاور کی نئی بلڈنگ کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران ڈائریکٹر جنرل نادرا خالد عنایت اللہ خان اور دیگر اعلیٰ حکام نے وفاقی وزیر کو نئی عمارت کے انفراسٹرکچر، سہولیات

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

گزشتہ دو سال میں پیمرا نے انٹرٹینمنٹ اور نیوز چینلز سے متعلق 390 شکایات کو نمٹایا ہے، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور و قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ گزشتہ دو سال میں پیمرا نے انٹرٹینمنٹ اور نیوز چینلز سے متعلق 390 شکایات کو نمٹایا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

پنجاب کے 5 ریجنز کے سی ٹی ڈی اہلکاروں کیلئے 38 لاکھ روپے کی منظوری

ملتان ریجن کے سی ٹی ڈی اہلکاروں کیلئے 10 لاکھ، فیصل آباد کیلئے 17 لاکھ، لاہور ریجن کیلئے ساڑھے 7 لاکھ کی منظوری

لاہور (این این آئی) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے خوارجی دہشت گردوں کی سرکوبی پر 05 ریجنز کے سی ٹی ڈی اہلکاروں کیلئے 38 لاکھ 50 ہزار روپے کی منظوری دے دی۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق ملتان ریجن کے سی ٹی ڈی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

پاکستان وسط ایشیائی ممالک کے لیے تجارتی مرکز بنے گا، جام کمال خان

دونوں ممالک کے درمیان براہ راست پروازیں تجارت کو مزید آسان بنائیں گی' وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ پاکستان وسط ایشیائی ممالک کے لیے تجارتی مرکز بنے گا، تاجکستان کے ساتھ کاروباری تعلقات کو مزید فروغ دیں گے۔ جمعہ کو اسلام آباد چیمبر آف کامرس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

پاکستانی سفیر کی امریکی کانگرس کی خارجہ امور کمیٹی کے چیئرمین سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات کے فروغ پر تبادلہ خیال

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے رکن کانگرس اور خارجہ امور کمیٹی کے نو منتخب چیئرمین برائن ماسٹ سے ملاقات کی۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

بابر اعظم پر ہراسانی کا الزام لگانیوالی خاتون عدالت میں پیش

عدالت کا سابق کپتان پر ہراسانی مقدمے کی سماعت ملتوی کرنے کی استدعا پر کرکٹر کے وکیل پر ناراضگی کا اظہار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ کے حکم پر قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم پر ہراسانی کا الزام عائد کرنے والی خاتون اپنی وکیل کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوگئیں۔ عدالت عالیہ کے جسٹس وحید خان نے قومی کرکٹر بابر اعظم کی درخواست پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

190 ملین پاؤنڈ کیس: عمران خان گواہ پیش کرنے سے پیچھے ہٹ گئے

راولپنڈی (این این آئی) تحریک انصاف کے بانی عمران خان 190 ملین پاؤنڈ کیس میں گواہ پیش کرنے سے پیچھے ہٹ گئے۔ راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں احتساب عدالت کے جج ناصر جاوید نے 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس پر سماعت کی۔ دوران سماعت بانی پی ٹی آئی کو کمرہ عدالت میں پیش کیا گیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اگلے 15 روز کیلئے پیٹرول مہنگا ہونے کا امکان

اگر شام کی صورتحال جلد مستحکم ہوجاتی ہے تو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں مزید کم ہو سکتی' ماہرین

اسلام آباد (این این آئی) 16 دسمبر 2024 سے اگلے 15 روز کے لیے پیٹرول کی قیمت میں معمولی اضافہ جبکہ ڈیزل کی قیمت میں کمی کا امکان ہے۔ اگلے 15 روز کے لیے پیٹرول کی قیمت میں 81.0 روپے فی لیٹر اضافہ جبکہ ڈیزل کی قیمت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

عبدالعلیم خان سے پاکستان میں تعینات ایران کے سفیر کی ملاقات

باہمی دلچسپی اور دوطرفہ تعاون کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی کے صدر و وفاقی وزیر نجکاری، سرمایہ کاری و مواصلات عبدالعلیم خان سے پاکستان میں تعینات ایران کے سفیر رضا امیری مقدم نے ملاقات کی۔ جمعہ کو پارٹی ترجمان کی جانب سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

اسلام آباد میں کھوکھوں کا معاملہ قانون کے مطابق طے کیا جارہا ہے، وزیر قانون

سی ڈی اے ہسپتال میں میرٹ اور شفافیت کے ذریعے بھرتیوں کا عمل جاری ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور، قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے سینٹ کو بتایا ہے کہ اسلام آباد میں کھوکھوں کا معاملہ قانون کے مطابق طے کیا جارہا ہے، سی ڈی اے ہسپتال میں میرٹ اور شفافیت کے ذریعے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

پنجاب میں سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول موجود ہے، چوہدری شافع حسین

شافع حسین کا چین میں لیتھیم بیٹریاں بنانے والے کارخانے کا دورہ، بیٹریوں کی تیاری کے مختلف مراحل کا مشاہدہ کیا

چین کی کمپنی کو پنجاب میں لیتھیم بیٹریاں بنانے کا پلانٹ لگانے کیلئے ہر ممکن سہولت دیں گے، صوبائی وزیر صنعت و تجارت

لاہور (کامرس رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے چین کے شہر شین زین میں لیتھیم بیٹریاں بنانے والی فیکٹری کا دورہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین چین کے شہر شین زین میں لیتھیم بیٹریاں بنانے والی فیکٹری کا دورہ کر رہے ہیں

وفاقی وزیر اطلاعات

نوجوانوں کو مصنوعی ذہانت کے شعبے میں تربیت فراہم کر رہے ہیں

پاکستان کے نوجوان محنتی اور باصلاحیت ہیں، پاکستان کی آبادی میں زیادہ تر تعداد نوجوانوں کی ہے

دنیا بھر میں سوشل میڈیا کو کنٹرول کیا جارہا ہے، ہم سوشل میڈیا پر کشمیری نوجوان برہان وانی کا نام نہیں لکھ سکتے، وفاقی وزیر اطلاعات

استنبول (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو مصنوعی ذہانت کے شعبے میں تربیت فراہم کر رہے ہیں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25


اسلام آباد، چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود سے جرمن سفیر ملاقات کر رہے ہیں

(ن) لیگ کا دفتر جلانے کا کیس، حماد اظہر، اسلم اقبال، مراد سعید اشتہاری قرار

پولیس نے انسداد دہشت گردی عدالت میں موقف اختیار کیا کہ ملزمان گرفتاری کے خوف سے روپوش ہیں

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کا دفتر جلانے کے کیس میں پاکستان تحریک انصاف کے رہنما حماد اظہر، میاں اسلم اقبال، مراد سعید اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

سٹاک مارکیٹ میں انڈیکس 1 لاکھ 15 ہزار پوائنٹس کی بلند ترین سطح کو چھو گیا

کاروباری ہفتے کے پانچویں اور آخری روز بھی سٹاک ایکسچینج میں کاروبار کے آغاز پر زبردست تیزی دیکھنے میں آئی

کراچی (این این آئی) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں نیا ریکارڈ قائم، ہنڈرڈ انڈیکس نے ایک لاکھ 15 ہزار پوائنٹس کی بلند ترین سطح کو چھو گیا۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

لاہور ہائیکورٹ میں کرسمس کے حوالے سے تقریب

چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے بشپ ڈاکٹر آزاد مارشل کے ہمراہ کرسمس کا کیک کاٹا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں کرسمس کے حوالے سے کیک کاٹنے کی تقریب منعقد ہوئی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز



لوڈر رکشوں کے خلاف کریک ڈاؤن تیز، سخت کارروائی کا حکم

مال روڈ، جیل روڈ، کینال روڈ اور مین بلیوارڈ گلبرگ پر لوڈر رکشوں کا داخلہ بند، پرچہ درج کیا جائے گا

لاہور (کرائم رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے لاہور میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے پیش نظر لوڈر رکشوں کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کرنے کا حکم دیدیا۔ مال روڈ، جیل روڈ، کینال روڈ اور مین بلیوارڈ گلبرگ پر لوڈر رکشوں کا داخلہ بند کر دیا گیا ہے۔ سریا، ٹی آئرن اور دیگر سامان سے لوڈ رکشوں کو چلتی پھرتی موت قرار دیتے ہوئے سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر نے کہا کہ ایسے رکشوں کے خلاف چالان اور مقدمات درج کیے جائیں گے۔ رواں سال 43 ہزار سے زائد لوڈر رکشوں کو چالان ٹکٹس جاری کیے جا چکے ہیں اور 94 مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ سی ٹی او لاہور نے مزید کہا کہ اوور لوڈنگ کرنے والے رکشہ ڈرائیوروں کے لائسنس کینسل کر دیئے جائیں گے اور رکشہ مالک کو بھی ایف آئی آر میں نامزد کیا جائے گا۔ شہر کے داخلی اور خارجی راستوں پر 8 سیکٹر وارڈنز اور 24 وارڈنز تعینات کر دیئے گئے ہیں جبکہ علامہ اقبال روڈ، جی ٹی روڈ، فیروزپور روڈ اور ملتان روڈ پر خصوصی ناکہ جات بھی قائم کیے گئے ہیں۔ عمارہ اطہر نے تمام لوڈر گاڑیوں کو ہیڈ و بیک لائٹس اور ریفلیکٹر نصب کرنے کا حکم بھی دیا ہے۔

ہفتہ وار بنیاد پر مہنگائی میں 0.07 فیصد کا اضافہ ریکارڈ

18 اشیائے ضروریہ مہنگی، 11 کی قیمتوں میں کمی ہوئی، وفاقی ادارہ شماریات

لاہور (سٹاف رپورٹر) ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی میں 0.07 فیصد اضافہ ہوا جس سے سالانہ شرح 3.17 فیصد کی سطح پر رہی، گزشتہ ہفتے 18 اشیائے ضروریہ مہنگی ہوئیں 11 کی قیمتوں میں کمی ہوئی۔ وفاقی ادارہ شماریات کے مطابق زندہ برائلر چکن تین اعشاریہ 8 صفر فیصد، گھی دو اعشاریہ دو سات فیصد اور کیلے دو فیصد تک مہنگے ہوئے۔ آلو تقریباً دو فیصد جبکہ کوکنگ آئل تقریباً ایک فیصد تک مہنگا ہوا۔ انرجی سیور، کپڑے دھونے والا صابن، ایل پی جی، سگریٹس بھی مہنگی ہونے والی اشیا میں شامل ہیں۔ گزشتہ ہفتے پیاز تین اعشاریہ پانچ آٹھ فیصد، ٹماٹر تین اور انڈے دو فیصد مہنگے ہوئے۔ لہسن اور دال چنا کی قیمتوں میں معمولی کمی آئی، چاول، دال ماش، گندم کا آٹا اور لکڑی بھی سستی ہوئی۔ سالانہ بنیاد پر دال چنا ساٹھ فیصد، دال مونگ اور آلو 36 فیصد تک مہنگے ہوئے۔ گزشتہ سال کی نسبت خشک دودھ 26 فیصد، بڑا گوشت 24 فیصد اور ٹماٹر 21 فیصد مہنگے ہوئے۔ اس دوران لہسن کے دام سولہ فیصد، جوتے 75 فیصد اور گیس چارجز 16 فیصد بڑھ گئے۔ سالانہ بنیاد پر کپڑے 15 فیصد اور جلانے کی لکڑی بارہ فیصد تک مہنگی ہوئی۔ سالانہ بنیاد پر پیاز، چاول اور گندم سستی ہوئی۔

MEHBOOB ELLAHI G,SEC, PMLN LABOUR WING KARACHI DIVISION

فواد چوہدری کیخلاف درج مقدمات ایک ہی جج کے پاس مقرر کرنے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کے خلاف درج مقدمات ایک ہی جج کے پاس مقرر کرنے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس طارق ندیم اور جسٹس امجد رفیق نے بطور اعتراضی درخواست پر سماعت کی، فواد چوہدری کی جانب سے ایڈووکیٹ میاں علی حیدر عدالت پیش ہوئے۔ رجسٹرار آفس کی جانب سے اعتراض عائد کیا گیا کہ درخواست میں بہت ساری استدعائیں نہیں کی جاسکتیں، درخواست کی سماعت آئینی بینچ کرے۔ درخواست گزار کے وکیل ایڈووکیٹ میاں علی حیدر نے مؤقف اپنایا کہ درخواست میں ایک ہی طرز کی استدعائیں کی گئی ہیں، پنجاب اسمبلی نے آئینی بینچ کے حوالے سے بل پاس نہیں کیا، آئینی بینچ ابھی تک نہیں بنا اس لیے اعتراض درست نہیں ہے۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ فواد چوہدری کے خلاف 9 مئی کے پنجاب بھر میں 32 مقدمات درج ہیں، پنجاب بھر میں جھوٹے اور بے بنیاد مقدمات درج کیے گئے ہیں، تمام مقدمات میں ایک ہی طرز کا جرم بیان کیا گیا ہے، درخواست گزار کا تمام مقدمات میں پیش ہونا ممکن نہیں ہے، عدالت تمام مقدمات کو ایک ہی جج کے پاس سماعت کے لیے مقرر کرنے کا حکم دے۔

لاہور جنرل ہسپتال میں منعقدہ تربیتی ورکشاپ کے شرکاء کا پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر کے ساتھ گروپ فوٹو

جنرل ہسپتال میں بواسیر، مقعد کے پھوڑے، فسچولا کے پروسیجر کیلئے لیزر پروکٹولوجی کا آغاز: پروفیسر الفرید ظفر

پروفیسر وارث فاروقہ، پروفیسر آمنہ جاوید اور ڈاکٹرز شبیر چوہدری نے نوجوان ڈاکٹرز کو جدید طریقہ بارے آگاہی دی

بواسیر عام بیماری، روایتی طریقہ علاج کے باعث بعض اوقات خواتین اور مرد آپریشن کروانے سے ہچکچاہٹ محسوس کرتے تھے: طبی ماہرین

لاہور (خبر نگار) پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج و پی جی ایم آئی پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ مریضوں کے علاج معالجہ اور سرجری کیلئے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو فوقیت دی جا رہی ہے۔ لاہور جنرل ہسپتال میں بواسیر، فسچولا اور مقعد کے پھوڑے کی سرجری کیلئے جدید ٹیکنالوجی لیزر پروکٹولوجی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ جس کی مدد سے 5 مریضوں کے مفت پروسیجر کامیابی سے مکمل کیے گئے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ایل جی ایچ سرجیکل یونٹ 2 کے زیر اہتمام پوسٹ گریجویٹ ڈاکٹرز کی تربیت کیلئے منعقدہ تربیتی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جس میں صوبہ بھر کے ہسپتالوں سے 60 نوجوان ڈاکٹرز نے شرکت کی۔ پرنسپل سرگودھا میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر وارث فاروقہ، پروفیسر آمنہ جاوید، ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر شبیر احمد چوہدری نے تربیتی ڈاکٹرز کی آگاہی کیلئے براہ راست آپریشن تھیٹر سے وارڈ کے کلاس روم میں پروسیجر بھی دکھائے۔ طبی ماہرین کا کہنا تھا کہ لیزر پروکٹولوجی ٹیکنالوجی کے ذریعے مریض کو جلد سے جلد تکلیف سے نجات مل جاتی ہے۔ زیادہ دن ہسپتال میں زیر علاج بھی نہیں رہنا پڑتا۔ انہوں نے کہا کہ بواسیر بہت عام بیماری ہے۔ قبل ازیں روایتی طریقہ علاج کے باعث بعض اوقات خواتین اور مرد آپریشن کروانے سے ہچکچاہٹ محسوس کرتے تھے۔ اس موقع پر پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے زور دیا کہ نوجوان سرجنز اپنی پیشہ وارانہ مہارت اور قابلیت کو بڑھانے کیلئے انتھک محنت اور لگن کے ساتھ ریسرچ و میڈیکل کی اعلیٰ تعلیم پر توجہ دیں تاکہ وہ ترقی یافتہ ممالک کے میڈیکل فیلڈ کے ماہرین کے شانہ بشانہ آ سکیں۔ پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ آج سپیشلائزیشن کا دور ہے اور ہر ڈاکٹر/سرجن کو اپنے لیے مخصوص شعبے کا انتخاب کر کے آگے بڑھنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایل جی ایچ کے فیکلٹی ممبران اور انتظامیہ کی یہ ہمیشہ سے کوشش رہی ہے کہ مریضوں کی سہولت کیلئے زیادہ سے زیادہ وسائل بروئے کار لاتے ہوئے جدید ترین ٹیکنالوجی کو متعارف کروایا جائے تاکہ جنرل ہسپتال ملک بھر کے شفاخانوں میں نمایاں مقام حاصل کر سکے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے ینگ ڈاکٹرز کو جدید طریقہ علاج سے آگاہی دینے کیلئے ورکشاپ منعقد کرنے پر پروفیسر آمنہ جاوید اور ڈاکٹر شبیر احمد چوہدری و ان کی ٹیم کو مبارکباد دی۔ اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین، ڈاکٹر سعید محمود، ڈاکٹر کریم اللہ، ڈاکٹر قاسم فاروق، ڈاکٹر بابر حمید، ڈاکٹر اظہر عالم، ڈاکٹر حافظ محمد عمران، ڈاکٹر عبدالعزیز، ڈاکٹر نادیہ ارشاد اور نوجوان ڈاکٹرز بڑی تعداد میں موجود تھے۔ تقریب کے اختتام پر پروفیسر الفرید ظفر نے پرنسپل میڈیکل کالج سرگودھا پروفیسر وارث فاروقہ کو یادگاری شیلڈ سے بھی نوازا۔

پنجاب بھر میں 1505 ٹریفک حادثات میں 09 افراد جاں بحق، 1570 زخمی

لاہور (کرائم رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1505 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 662 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 908 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (82 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 864 ڈرائیورز، 69 کم عمر ڈرائیور، 521 مسافر اور 194 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے۔

پاکستان اور تاجکستان کے معروف بزنس مین کے درمیان بی ٹو بی میٹنگ کا انعقاد

تاجکستان کے بزنس مین Khamjon اور پاکستان کے چوہدری عمران شوکت علی کے درمیان مستقبل میں بزنس کے متعلق تبادلہ خیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور ٹی اے پی کے زیر اہتمام پاکستان اور تاجکستان کے معروف بزنس مین کے درمیان بی ٹو بی میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں تاجکستان کے مشہور بزنس مین Khamjon اور پاکستان کے چوہدری عمران شوکت علی کے درمیان مستقبل میں بزنس کے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا اور آنے والے وقت کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا۔ پاکستان اور تاجکستان کے درمیان بزنس روابط اور زیادہ مضبوط کرنے کے متعلق مزید کوششیں کرنے کے بارے میں سیر حاصل گفتگو کی گئی اور عمران شوکت کی جانب سے پاکستان کے مؤثر اور مثبت تصویر پیش کی گئی۔

سیف سٹی ورچوئل سنٹر فار چائلڈ سیفٹی نے 3 معصوم بچے والدین سے ملوا دیئے

سیف سٹی آفیسر نے ون فائیو کانفرنس کال فیچر کے ذریعے کالر اور متعلقہ پولیس آفیسر کا رابطہ کروا دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) سیف سٹی سوشل میڈیا پیج بچھڑوں کو اپنوں سے ملوانے کے لیے پیش پیش، سیف سٹی ورچوئل سنٹر فار چائلڈ سیفٹی نے 3 معصوم بچے والدین سے ملوا دیئے۔ ترجمان کے مطابق ماڑوال سے تین لاوارث معصوم بچوں کے ملنے کی اطلاع موصول ہوئی۔ کالر نے بتایا کہ بچے 3 گھنٹے سے لاوارث بیٹھے رو رہے ہیں، اپنا نام پتہ بتانے سے بھی قاصر ہیں۔ سیف سٹی آفیسر نے ون فائیو کانفرنس کال فیچر کے ذریعے کالر اور متعلقہ پولیس آفیسر کا رابطہ کروا دیا۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر بچوں کو حفاظتی تحویل میں لیا اور علاقے میں تلاش شروع کی۔ سیف سٹی میرا پیارا ٹیم نے سوشل میڈیا کمپین کا آغاز بھی کیا۔ سوشل میڈیا پوسٹ کے ذریعے بچوں کے والد نے میرا پیارا ٹیم سے رابطہ کر لیا۔ پولیس نے ایس او پیز کے مطابق مکمل تصدیق کے بعد بچوں کو والد کے حوالے کر دیا۔ ترجمان سیف سٹیز نے کہا کہ شہری کسی بھی لاوارث بچے یا بزرگ کو دیکھیں تو 15 پر کال کر کے 3 دبا کر ورچوئل سنٹر فار چائلڈ سیفٹی میں اطلاع دیں۔

الحمراء میں ایک ماہ پر مشتمل کامیڈی تھیٹر ورکشاپ کا آغاز

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور آرٹس کونسل الحمراء نے کامیڈی تھیٹر کے فروغ کے لئے ایک ماہ تک جاری رہنے والی ورکشاپ کا آغاز کر دیا۔ افتتاحی تقریب میں چیئرمین بورڈ آف گورنرز لاہور آرٹس کونسل الحمراء رضی احمد نے خصوصی شرکت کی۔ رضی احمد نے نامور کامیڈین افتخار ٹھاکر کو خوش آمدید کہا، انہیں گلدستہ پیش کیا اور اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کامیڈی ادب کی اہم صنف ہے جس میں ہلکے پھلکے انداز میں اپنی بات کو کہا جاتا ہے جو ذہنی و مزاح کا باعث بنتی ہے، لوگ اس صنف کو بہت پسند کرتے ہیں، اسی وجہ سے اس کا فروغ ضروری ہے، الحمراء معاشرتی بہتری کے لئے بڑھ چڑھ کا اقدام کر رہا ہے۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر سارہ رشید نے اس حوالے سے اپنے بیان میں کہا کہ چیئرمین الحمراء رضی احمد الحمراء کے لئے ایک اثاثہ ہیں، انکی خدمات ادارہ کی ترقی کے لئے کلیدی کردار ادا کر رہی ہیں۔

ویٹرنری یونیورسٹی میں پہلی بزنس ریسرچ انٹرنیشنل کانفرنس آن لائف سائنسز کا انعقاد



لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کے یو اس بزنس سکول نے ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے باہمی اشتراک سے گذشتہ روز پہلی ایک روزہ بزنس ریسرچ بین الاقوامی کانفرنس آن لائف سائنسز (BRICL) کا انعقاد سٹی کیمپس پاشا بلاک کے لیکچر تھیٹر میں کیا۔ کانفرنس کی افتتاحی تقریب کی صدارت چیئرمین ہائیر ایجوکیشن کمیشن پروفیسر ڈاکٹر مختار احمد نے کرتے ہوئے بیسٹ پیپرز ایوارڈ کے کیش پرائز انعامات جیتنے والے قومی و بین الاقوامی تحقیق کاروں میں تقسیم کیے جبکہ افتتاحی تقریب کی صدارت ویٹرنری یونیورسٹی کے وائس چانسلر میریٹوریس پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس (تمغہ امتیاز) نے کی۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین ہائیر ایجوکیشن کمیشن پروفیسر ڈاکٹر مختار احمد نے کہا کہ پاکستانی نوجوان طلبہ میں بے پناہ پوٹینشل موجود ہے اور وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر علم و عمل سے پوری دنیا میں اپنے ملک کا نام روشن کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی ادارے جدید نتائج اور تحقیق کو تخلیق کرنے کے حوالے سے جانے جاتے ہیں اور ہر سال پاکستانی تحقیق کاروں کے چالیس ہزار ریسرچ پیپرز پبلش ہوتے ہیں مگر بہتر تحقیق وہی ہے جو مسائل حل کرنے والی ہو اور جس سے لوگوں کی بڑی تعداد مستفید ہو نیز طلبہ کو تاکید کی کہ ایچ سی وی میں ریسرچ پیپرز کی تعداد اور بڑھانے سے زیادہ مسائل حل کرنے والی تحقیق پر زیادہ توجہ دیں۔

حکومت پنجاب

دفتر مائنز لیبر ویلفیئر کمشنریٹ پنجاب (مائنز اینڈ منرلز ڈیپارٹمنٹ)

نوٹس نیلام عام

نیلامی حقوق وصولی ایکسائز ڈیوٹی معدنیات بشمول عام ریت جس کی ترسیل بذریعہ سڑک (ماسوائے سیمنٹ فیکٹریز ملکیتی کوارٹرز، سالٹ مائنز ملکیتی PUNJMIN اور PMDC) بمطابق گورنمنٹ آف پنجاب گزٹ نوٹیفکیشن نمبری PAP/LEGIS-2(08)/2024/70 مورخہ 27.06.2024 زیر قاعدہ 136(A) ایکسائز ڈیوٹی آن منرلز (لیبر ویلفیئر) (پنجاب) رولز 1971 مبلغ تیس روپے فی ٹن برائے عرصہ ایک سال مندرجہ ذیل پروگرام کے مطابق بوقت گیارہ بجے دن ہوگی۔ تاریخ نیلامی کو معقول پیشکش نہ ہونے کی صورت میں آئندہ تاریخ کو دوبارہ نیلامی کے لیے از خود تصور کیا جائے گا۔

نمبر شمار	تفصیل معدنیات	وضاحت کردہ علاقہ	نیلامی کی جگہ	[illegible]	تاریخ نیلامی	[illegible]
1.	عام ریت	بہاولپور زون۔ (بہاولپور، بہاولنگر اور رحیم یار خان اضلاع)	دفتر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو، بہاولپور۔	خالی	30.12.2024 13.01.2025 27.01.2025	70 لاکھ
2.	ایضاً	ساہیوال زون۔ (ساہیوال، پاکپتن، اوکاڑہ اضلاع)	دفتر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو، ساہیوال۔	خالی	31.12.2024 14.01.2025 28.01.2025	60 لاکھ
3.	ایضاً	لاہور زون۔ (لاہور، قصور، شیخوپورہ، ننکانہ صاحب اضلاع)	دفتر مائنز لیبر ویلفیئر کمشنر، پنجاب، لاہور 95-A، انور علی روڈ، نیو مسلم ٹاؤن، لاہور	خالی	01.01.2025 15.01.2025 29.01.2025	02 کروڑ

شرائط نیلام عام۔ نیلامی بذا میں حصہ لینے کے لیے ادارہ سے جاری شدہ شناختی کارڈ کی کاپی اور NTN سرٹیفکیٹ کی مصدقہ نقل ہمراہ CDR بطور زر بیعانہ جس کی تفصیل ہر زون/ضلع کے سامنے دی گئی ہے۔ بحق مائنز لیبر ویلفیئر کمشنر پنجاب لاہور موقع پر سیکرٹری نیلامی کمیٹی کو پیش کرنا ہوگی۔ نیلامی میں حصہ لینے والے افراد کو بیان حلفی بھی جمع کروانا ہوگا کہ گورنمنٹ آف پنجاب کے کسی محکمہ میں نادہندہ نہ ہے علاوہ ازیں سب سے زیادہ بولی دینے والے کو زر نیلام کا 10 فیصد موقع پر بصورت کال ڈیپازٹ جمع کروانا ہوگا۔ بولی کی حتمی منظوری کے ایک ہفتے کے اندر بولی کا 50 فیصد بطور ایڈوانس جمع کروانا ہوگا اور بقایا 50 فیصد چھ برابر ماہانہ اقساط کی صورت میں پیشگی ہر ماہ کی پہلی تاریخ کو جمع کروانا ہوگا۔ مجاز اتھارٹی کو حق حاصل ہے کہ بلا اظہار وجہ کسی ایک یا تمام بولیوں کو مسترد کر دے۔

نوٹ: مزید وضاحت کی جاتی ہے کہ اس نیلامی میں کامیاب بولی دہندہ بمطابق انکم ٹیکس آرڈیننس مجریہ 2001ء انکم ٹیکس اسسٹنٹ کمشنران لینڈ ریونیو کے علاوہ ادا کرنے کا پابند ہوگا اور بعد از نیلامی کوئی بھی پیشکش قابل غور نہیں ہوگی۔ اگر نیلامی کی تاریخ پر کوئی سرکاری چھٹی آجاتی ہے تو نیلامی کی تاریخ اگلے دن تصور کی جائے گی۔

تفصیل شرائط و ضوابط مندرجہ ذیل دفاتر سے دفتری اوقات کار میں حاصل کی جا سکتی ہیں۔

1. ڈپٹی مائنز لیبر ویلفیئر کمشنر، پنجاب، A-95، انور علی روڈ، نیو مسلم ٹاؤن، لاہور۔ فون 042-99232122.
2. اسسٹنٹ مائنز لیبر ویلفیئر کمشنر سرگودھا ریجن 1 سکھر روڈ خوشاب۔ فون نمبر 0454-710676
3. اسسٹنٹ مائنز لیبر ویلفیئر کمشنر، چوآسیدن شاہ ضلع چکوال۔ فون نمبر 0543-580095
4. اسسٹنٹ مائنز لیبر ویلفیئر کمشنر ملتان ریجن، A-18، گلی نمبر 14، نزد سیال ہسپتال قدیر آباد ملتان۔ فون نمبر 061-4782014
5. اسسٹنٹ مائنز لیبر ویلفیئر کمشنر راولپنڈی ریجن [illegible] 1st فلور [illegible] سیکٹر 01 [illegible] راولپنڈی۔ فون 051-9334716

مائنز لیبر ویلفیئر کمشنر پنجاب
A-95، انور علی روڈ، نیو مسلم ٹاؤن، لاہور۔ فون (042-99232121)

(ABDUL RASHID)
Deputy Mines Labour Welfare Commissioner
Punjab, Lahore

IPL 10572

بجلی کے بلوں میں سے فکسڈ چارجز فوری ختم، ٹیکسوں میں کمی کی جائے، لاہور چیمبر

اضافی چارجز، ٹیکسز سے کاروباری لاگت مزید بڑھ گئی، شدید مشکلات کا سامنا ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کے بلوں میں شامل فکسڈ چارجز فوری طور پر ختم کیے اور ٹیکسوں کی تعداد میں فوری کمی کی جائے کیونکہ ان کی وجہ سے کاروباری برادری پر اضافی بوجھ پڑ رہا ہے۔ لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوذر شاد، سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان اور نائب صدر شاہد نذیر چوہدری نے کہا کہ ان اضافی چارجز اور ٹیکسز سے کاروباری لاگت مزید بڑھ گئی ہے اور کاروباری برادری کو مسابقت کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ خاص طور پر مینوفیکچرنگ اور برآمدی شعبے ان اضافی مالی بوجھ سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں جو عالمی منڈی میں پہلے ہی دباؤ کا شکار ہیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ ان چارجز کو فوری طور پر ختم کرے اور بجلی کے نرخوں میں شامل ٹیکسز کی تعداد کم کرے تاکہ کاروباری برادری کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ لاہور چیمبر کے عہدیداروں نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے، جو پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، توانائی کے بڑھتے ہوئے اخراجات سے سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں۔ اس کے نتیجے میں بہت سے تاجر کاروباری جاری رکھنے میں دشواریوں کا سامنا کر رہے ہیں جس کے اثرات روزگار اور معاشی سرگرمیوں پر مرتب ہو رہے ہیں۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ موجودہ بجلی قیمتوں کے ڈھانچے پر نظرثانی کرے اور اصلاحات کرے تاکہ اسے کاروبار کے لیے مزید دوستانہ بنایا جا سکے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ فکسڈ چارجز کو ختم کیا جائے، توانائی قیمتوں کے نظام کو آسان بنایا جائے، اور بجلی کے بلوں پر ٹیکسز کو کم کیا جائے۔

محنت کش وزنی سامان اٹھا کر لے جا رہا ہے

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر ماحولیاتی خلاف ورزیوں کے خلاف سخت کارروائیاں جاری

سگیاں روڈ، محمود بوٹی کے علاقوں میں اسٹیل ملز، دیگر فیکٹریوں پر چھاپے، متعدد فیکٹریوں کو سیل، جرمانے عائد کیے گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر ماحولیاتی خلاف ورزیوں کے خلاف سخت کارروائیاں جاری ہیں۔ محکمہ تحفظ ماحول نے سگیاں روڈ اور محمود بوٹی کے علاقوں میں اسٹیل ملز اور دیگر فیکٹریوں پر چھاپے مارے، جن کے نتیجے میں متعدد فیکٹریوں کو سیل کیا گیا اور جرمانے عائد کیے گئے۔ بٹالہ اسٹیل گودام میں کھلے عام کچرا جلانے کی اطلاع پر فوری کارروائی کی گئی، آگ بجھا دی گئی، اور متعلقہ افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کی گئی۔ حسین اسٹیل ری-رولنگ مل کو ای سی ایس (ماحولیاتی کنٹرول سسٹم) نصب ہونے کے باوجود غیر فعال ہونے پر سیل کر دیا گیا اور 1 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ کے مطابق فضائی آلودگی عوام کی صحت کے لیے ایک بڑا خطرہ ہے، اور اس مسئلے کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ مریم اورنگزیب نے بتایا کہ تمام فیکٹریوں کو ماحولیاتی قوانین پر سختی سے عمل کرنا ہوگا، بصورت دیگر سخت کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ سگیاں اور محمود بوٹی کے علاقوں میں تمام صنعتوں کا معائنہ جاری ہے، اور کسی بھی قسم کی خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائے گی۔ شہر بھر میں ویٹ سویپنگ، پانی کا چھڑکاؤ، اور گرد آلود سڑکوں کی دھلائی روزانہ کی بنیاد پر کی جا رہی ہے۔

سول نافرمانی کی تحریک ملک دشمنی کے مترادف ہے، گورنر پنجاب

مذاکرات کی ٹیبل پر ہر مسئلے کا حل نکل سکتا ہے، سردار سلیم حیدر خان کی وفد سے گفتگو

لاہور (سٹاف رپورٹر) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس لاہور میں پیپلز لائرز فورم گوجرانوالہ ڈویژن کے وفد نے صدر پنجاب پی ایل ایف راحیل کامران چیمہ کی قیادت میں ملاقات کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ پیپلز لائرز فورم کے وکلا نے حقیقی جمہوریت کی بحالی میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک سیاسی جماعت کی سول نافرمانی کی تحریک ملک دشمنی کے مترادف ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ مذاکرات کی ٹیبل پر ہر مسئلے کا حل نکل سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئینی بینچ کے قیام میں چیئرمین بلاول بھٹو کا تاریخی کردار ہے جو کہ شہید بے نظیر بھٹو کے ویژن کی تکمیل ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ 26 ویں آئینی ترمیم کی وجہ سے جمہوریت کے خلاف کام کرنے والے سازشی عناصر کا راستہ بند کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بھٹو ازم کے منشور کو پنجاب کی ہر وکلا بار میں لے کر جائیں گے۔

مسلم لیگ ہاؤس میں مرکزی ترجمان پاکستان مسلم لیگ شاہد محمود چوہدری کی ونگز کی میٹنگ کے بعد شاشفین صفدر، محمد اشرف چوہدری، راجہ شہزاد اختر، شہزاد چیمہ و دیگر کے ساتھ گروپ فوٹو

پنجاب کے تمام ونگز کو فعال، منظم اور مضبوط بنانے کیلئے عوام رابطہ مہم شروع کی جائے، شاہد محمود چوہدری

مسلم لیگ شعبہ خواتین، لیبر ونگ، کسان ونگ پنجاب سمیت تمام ونگز کو فعال، منظم اور فعال بنایا جائے گا، ترجمان مسلم لیگ

لاہور (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ ہاؤس پنجاب میں پاکستان مسلم لیگ شعبہ خواتین، لیبر ونگ اور کسان ونگ کے عہدیداران کا اجلاس مرکزی ترجمان پاکستان مسلم لیگ شاہد محمود چوہدری کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں شعبہ خواتین پنجاب کی صدر شاشفین صفدر، محمد اشرف چوہدری جنرل سیکرٹری مسلم لیگ لیبر ونگ پنجاب، شہزاد احمد چیمہ کسان ونگ، شاقب صدیقی جوائنٹ سیکرٹری لیبر ونگ پنجاب، عمیر احمد بھٹی سینئر نائب صدر سمیت دیگر عہدیداروں نے شرکت کی۔ شاہد محمود چوہدری نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ کے قائد چوہدری شجاعت حسین نے ہمیشہ چوہدری ظہور الٰہی شہید کے سیاسی نقش قدم پر چلتے ہوئے عوام کی بالادستی پر کوئی سودے بازی نہیں کی ہمیشہ اپنی غریب عوام کا ہی سوچا ہے اور ان کی مشکلات کو کم کرنے کی کوشش کی ہے۔ ان کی ہدایت پر پنجاب کے تمام ونگز کو فعال، منظم اور مضبوط بنانے کیلئے عوام رابطہ مہم شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے ونگز کو متحرک کریں، مسلم لیگ کے ونگز ہر اضلاع میں تنظیم سازی کریں اور مسلم لیگ کا پیغام محبت عوام تک پہنچا کر زیادہ سے زیادہ لوگوں کو اپنے ساتھ شامل کریں پارٹی کے ونگز فعال ہونگے تو پارٹی مضبوط ہوگی۔ پاکستان مسلم لیگ پنجاب میں تیسری بڑی پارٹی بن کر ابھری ہے پاکستان مسلم لیگ پر عوام نے جو اعتماد کیا ہم انشاءاللہ اس پر پورا اتریں گے اور پہلے سے بڑھ کر عوام کی خدمت اور علاقہ کی ترقی کیلئے کوشاں رہیں گے۔

ایل ڈی اے کا مصطفی ٹاؤن میں آپریشن، جھگیاں و تجاوزات ختم کر دیں

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے تجاوزات کے خلاف آپریشن کرنے کی ہدایت کی تھی

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر ایل ڈی اے ٹیموں نے گزشتہ روز مصطفی ٹاؤن سکیم، ہدایت اللہ بلاک میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے آپریشن کے دوران ہدایت اللہ بلاک میں عرصہ دراز سے قائم جھگیاں و تجاوزات ختم کر دیں۔ ٹیموں نے سوک سنٹر، مصطفی ٹاؤن کے اطراف سے بھی تجاوزات ختم کر دیں۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے دو روز قبل مصطفی ٹاؤن سکیم کا دورہ کیا تھا اور تجاوزات کے خلاف آپریشن کرنے کی ہدایت کی تھی۔ ڈائریکٹر ہاؤسنگ تھری سمیرا علی جان اور ڈائریکٹر انفورسمنٹ کاشف اعوان نے آپریشن کی نگرانی کی۔ آپریشن میں ایل ڈی اے انفورسمنٹ سکواڈ اور پولیس نے حصہ لیا۔

جی سی یو اور سی ایس اے کے درمیان تعلیمی معاہدہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور اور سول سروسز اکیڈمی کے درمیان تعلیمی اور پیشہ ورانہ تعاون کے فروغ کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط۔ سول سروسز اکیڈمی میں منعقدہ تقریب میں جی سی یو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی اور سی ایس اے کے ڈائریکٹر جنرل فرحان عزیز خواجہ نے معاہدہ پر دستخط کیے۔ معاہدے کا مقصد زیر تربیت افسران میں مشترکہ طور پر سائنس و ٹیکنالوجی، آرٹس اور اردو زبان کی مہارتوں کو فروغ دینا ہے۔

سیکرٹری اوقاف کا ایم ڈی نیسپاک کے ہمراہ داتا دربار تعمیراتی پراجیکٹ کے امور کا جائزہ

خانقاہوں اور مساجد کے انفراسٹرکچر کی بہتری کیلئے حکومت سرگرم عمل ہے، ڈاکٹر طاہر رضا بخاری

لاہور (سپیشل رپورٹر) سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے ایم ڈی نیسپاک محمد ضرغام اسحاق خان کے ہمراہ داتا دربار ترقیاتی و تعمیراتی پراجیکٹ کے امور کے جائزے کیلئے دورہ کیا، انہوں نے دربار شریف پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر نیسپاک انجینئرز کی ٹیم نے پراجیکٹ کی بابت بریفنگ اور ٹیسٹ پائلنگ کے حوالے سے تازہ صورتحال سے آگاہ کیا۔ تمام سٹیک ہولڈرز اور پراجیکٹ پارٹنرز کا کام کے معیار اور رفتار کو بہتر بنانے اور مقررہ ٹائم لائن کو فالو کرنے پر اتفاق ہوا۔ اس موقع پر سیکرٹری اوقاف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خانقاہوں اور مساجد کے انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے حکومت سرگرم عمل ہے۔ صوفیاء نے سماجی بہبود اور سوشل سکیورٹی کے عملی مظاہر دنیا کے سامنے پیش کیے۔ گزشتہ عرصے میں اوقاف نے اپنے ریونیو میں ریکارڈ اضافہ کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر پراجیکٹس اوقاف رفیق نورو ٹو، گروپ ایڈوائزر مدینہ فاؤنڈیشن محمد اسلم ترین، جی ایم نیسپاک عادل نذیر، میسرز انجم حفیظ کے ڈائریکٹر محمد شہزاد، ایڈمنسٹریٹر اوقاف داتا دربار شاہد حمید ورک اور مینیجرز اوقاف داتا دربار شیخ محمد جمیل، طاہر مقصود و دیگر بھی موجود تھے۔ سیکرٹری اوقاف نے مزید کہا کہ حکومت صوبہ بھر کے مزارات کو ماڈل شرائنز کے طور پر آراستہ کر رہی ہے، جس میں سکیورٹی، صفائی اور زائرین کی سہولیات سمیت جملہ امور شامل ہیں۔ مزارات روحانی آسودگی کا ذریعہ ہیں، یہاں پر محبت و امن اور رواداری کا فروغ حکومت کی ترجیح ہے۔ انہوں نے داتا دربار کے جاری تعمیراتی امور بروقت پایہ تکمیل تک پہنچانے پر شعبہ انجینئرنگ اوقاف، مدینہ فاؤنڈیشن، داتا دربار ایڈمنسٹریشن اور میسرز انجم حفیظ کی کاوشوں کو سراہا۔ واضح رہے کہ داتا دربار کی تزئین و آرائش کا 272 ملین پر محیط یہ پراجیکٹ تین حصوں پر مشتمل ہے، جس میں پہلا مرحلہ Dismantling کا تھا جو کہ مکمل ہو چکا، دوسرا مرحلہ پائل فاؤنڈیشن، جبکہ تیسرا مرحلہ سپر سٹرکچر کا ہے۔

سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری، ایم ڈی نیسپاک محمد ضرغام اسحاق خان کے ہمراہ داتا دربار ترقیاتی پراجیکٹ کے امور کا جائزہ لیتے ہوئے

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	5:03
فجر	5:45
ظہر	1:30
عصر	3:45
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	6:45

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

9 مئی کی مذمت کئے بغیر کیسے مذاکرات کی کامیابی ممکن ہے، خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ؟

پاکستان پیپلز پارٹی وفاق کی جماعت اور ملکی داخلی خارجی سکیورٹی کی محافظ بیشمار شہادتیں دینے والی پولیس و سیکیورٹی فورسز و مسلح افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) پاکستان پیپلز پارٹی وفاق کی جماعت اور ملکی داخلی خارجی سکیورٹی کی محافظ بیشمار شہادتیں دینے والی پولیس و سیکیورٹی فورسز و مسلح افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے۔ ہر روز ملک و قوم کی خاطر قیمتی جانوں کے نذرانے پیش کرنے والی پاکستانی بہادر سیکورٹی فورسز قوم ہے ماتھے کا جھومر ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے بحیثیت وفاق کی زمہ دار جماعت ہونے کے 9 مئی واقعات کی ہمیشہ مذمت کی ہے۔ ان باتوں کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل پنجاب کے نائب صدر خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے سینئر صحافیوں کیساتھ ملاقات کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹر شیری رحمان نے گزشتہ روز سینیٹ میں بانی تحریک انصاف کی پارٹی بارے جو بیان دیا ہم اس سے مکمل طور پر اتفاق کرتے ہیں کہ 9 مئی کی مذمت کرنے سے گریزاں سیاسی پارٹی کیساتھ 9 مئی کے افسوناک واقعات کو پس پشت ڈالتے ہوئے مذاکرات کیسے کئے جاسکتے ہیں۔

عورت بارے مثبت معاشرتی رویوں کی ترویج پر بیداری سیمینار منعقد ہوا

ویمن ایمپاورمنٹ ایکشن پلان پر ہریزیڈنٹ بیداری حنا نورین ومقررین کا خطاب

Awareness Session
Promoting Employment Opportunities for Women
& Persons with Disabilities
Social Behavior Change Campaign
Date: 03-Dec-202
Sialkot

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) بیداری ساوتھ ایشیاء پارٹنر شپ پاکستان و GIZ کے تعاون سے آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ عورتوں کی مالی اور سماجی خود مختاری کی اہمیت، سماجی و ثقافتی رکاوٹیں، خواتین کو مالی خود مختاری حاصل کرنے میں مشکلات اور باہم معذوری والے افراد کے لیے رکاوٹیں، خواتین کے حقوق کے فورم کا کردار اور سوشل رویے تبدیل کرنے کے لیے سفارشات کی گئیں۔ پریذیڈنٹ بیداری سیالکوٹ حنا نورین ایڈووکیٹ ہائی کورٹس نے خطاب کرتے ہوئے خواتین کی مالی اور سماجی خود مختاری نہ صرف ان کی ذاتی ترقی کے لیے ضروری ہے بلکہ یہ معاشرتی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ آج کے دور میں خواتین کی مالی خود مختاری کی اہمیت پہلے سے کہیں زیادہ ہے کیونکہ یہ ان کی زندگی کے فیصلے خود کرنے کی صلاحیت فراہم کرتی ہے اور انہیں معاشی بحرانوں سے نمٹنے کی طاقت دیتی ہے۔

امیدواروں کو کسی سفارش کے بغیر ڈرائیونگ لائسنس جاری کیئے جارہے ہیں، محمد پرویز

رشوت ستانی کی ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ میں کوئی گنجائش نہیں نہ ہی کسی کرپٹ اہلکار کی برانچ میں کوئی جگہ ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ کے انچارج انسپکٹر محمد پرویز نے کہا ہے کہ میرٹ کی بالادستی میری اولین ترجیح ہے امیدواروں کو کسی سفارش کے بغیر ڈرائیونگ لائسنس جاری کئے جارہے ہیں رشوت ستانی کی ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ میں کوئی گنجائش نہیں نہ ہی کسی کرپٹ اہلکار کی برانچ میں کوئی جگہ ہے عملہ کو واضح ہدایت دے رکھی ہے کہ امور ذمہ داری کی انجام دہی کی خاطر کوئی کسر اٹھانہ رکھی جائے کسی طرح کی کوتاہی ولاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، انسپکٹر محمد پرویز نے کہا کہ ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کی خاطر امیدواروں کو ڈرائیونگ سکلز پر مکمل عبور حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی اصولوں کی مکمل آگاہی حاصل کرنا ہوگی سکلز اور کمپیوٹر ٹیسٹ میں پاس ہونے والے امیدوار ہی ڈرائیونگ لائسنس کے حقیقی حقدار ہیں، انہوں نے کہا کہ ڈرائیونگ لائسنسوں کے بھی امیدواروں کے کمپیوٹر ٹیسٹ اور ڈرائیونگ سکلز ٹیسٹ کی مکمل نگرانی کی جارہی ہے جس کیلئے جدید طریقہ کار اپنایا گیا ہے امیدواروں کی دوران ٹیسٹ ویڈیوز بنائی جاتی ہیں تاکہ کوئی ابہام باقی نہ رہے فقط انہیں امیدواروں کو ڈرائیونگ لائسنس جاری کیئے جائیں گے جو میرٹ پر پورا اتریں۔

جن سکیموں کے فنڈز جاری ہوچکے ہیں انہیں اسی سال مکمل کیا جائے، کمشنر ساہیوال

جاری منصوبوں پر کام کی کوالٹی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام محکمے ایس ایم ڈی پی پورٹل کو روزانہ کی بنیاد پر اپ ڈیٹ بھی کریں، شاہد محمود

ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے کہا ہے کہ افسران اپنے اپنے دفتر میں ضلع بھر میں جاری ترقیاتی سکیموں پر محکموں کی جاری ترقیاتی سکیموں کا دورہ کریں اور ایسی سکیمیں جن کے تمام فنڈز جاری ہوچکے ہیں انہیں ہر صورت اسی سال مکمل کرایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جاری منصوبوں پر کام کی کوالٹی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام محکمے ایس ایم ڈی پی پورٹل کو روزانہ کی بنیاد پر اپ ڈیٹ بھی کریں۔ وہ یہاں کام کی رفتار کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اعتزاز اسلم مارتھ سمیت تمام محکموں کے ضلعی افسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کہا کہ سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کی دو سکیموں شفیق چشتی سٹیڈیم اور ظفر علی سٹیڈیم کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جھال روڈ فلائی اوور برج پر سٹریٹ لائٹس کو فنکشنل کرنے کے لئے اسے کارپوریشن کو منتقل کرنے کے مسئلہ کے فوری حل کے لئے سیکرٹری لوکل گورنمنٹ سے بات کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایکسین ہائی وے اور ڈویژنل فارسٹ آفیسر زیر تعمیر شیخ فاضل روڈ اور عارف والا روڈ کا دورہ کریں اور سڑکوں کے درمیان آنے والے درختوں کو ہٹانے کے عمل کو جلد مکمل کریں تاکہ دونوں اہم شاہراہوں کو جلد مکمل کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ زیر تعمیر سول ریسٹ ہاؤس کو جلد مکمل کروایا جائے اور کام کی کوالٹی کو برقرار رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ وہ خود بھی جاری منصوبوں کا دورہ کریں گے۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ محمد اکرم وٹو نے تمام سکیموں بارے تفصیلی بریفنگ دی۔

محکمہ فوڈ اتھارٹی کی ضلع بھر میں صحت دشمن عناصر کیخلاف کاروائیاں، بھارتی جرمانے

علی الصبح داخلی وخارجی راستوں کی ناکہ بندی کرکے 36 گاڑیوں میں موجود 200 لیٹر ملاوٹی دودھ کو موقع پر ہی تلف کردیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محکمہ فوڈ اتھارٹی کی ضلع بھر میں صحت دشمن عناصر کیخلاف کاروائیاں غیر معیاری دودھ مضر صحت بریانی تیار کرنے پر بھارتی جرمانے تفصیلات کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی کا شکنجہ مزید سخت ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں کا سٹی ایریا اور مضافات میں کریک ڈاؤن، معروف بریانی شاپ کو بھاری جرمانہ عائد، 200 لیٹر غیر معیاری دودھ اور دیگر اشیاء تلف کر دی گئیں گزشتہ روز علی الصبح داخلی و خارجی راستوں کی ناکہ بندی کرکے 36 گاڑیوں میں موجود 3 ہزار 970 لیٹر دودھ کی چیکنگ کے دوران 4 گاڑیوں میں موجود 200 لیٹر ملاوٹی دودھ کو موقع پر ہی تلف کر دیا گیا۔ ترجمان پنجاب فوڈ اتھارٹی کے مطابق ہدایات پر عمل درآمد نہ کرنے اور لازم ریکارڈ کی عدم دستیابی پر کارروائی عمل میں لائی گئی۔

مصطفیٰ آباد: سینئر صحافی سمیع اللہ جٹ کی درخواست پر مقدمہ درج کیا جائے:: محمد عمران سلفی

ملوث ملازمین کے خلاف اندراج مقدمہ تک احتجاج جاری رہے، گفتگو

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) سینئر صحافی سمیع اللہ جٹ کی درخواست پر مقدمہ درج کیا جائے، ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ آباد کو معطل کرنے اور ملوث ملازمین کے خلاف اندراج مقدمہ تک احتجاج جاری رہے گا، ہم ضلع بھر کے صحافیوں کے شانہ بشانہ قصور پولیس کی کوریج کا بائیکاٹ کرنے کا اعلان کرتے ہیں، آئے روز صحافیوں کو تشدد کا نشانہ بنانا اور صحافیوں پر جھوٹے مقدمات کا اندراج کسی صورت قابل قبول نہیں، ان خیالات کا اظہار صدر پریس کلب مصطفیٰ آباد للیانی رجسٹرڈ محمد عمران سلفی، صدر الیکٹرونک میڈیا سیٹھ محمد حسین نے پریس کلب مصطفیٰ آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا، انہوں نے مزید کہا کہ صحافت ملک کا چوتھا اور مرکزی ستون ہے لیکن اس ستون کے ساتھ انتظامیہ کی طرف سے ناروا سلوک کیا جاتا ہے، صحافی بغیر کسی تنخواہ کے رضا کارانہ طور پر مظلوم کی آواز بنتے ہیں، مظلوم کی آواز بننے والے خود پر مظالم برداشت کرنے کے پر بھی مجبور ہیں۔

پولیو کی خصوصی مہم کو سو فیصد کامیاب بنانے کے انتظامات مکمل

انسداد پولیو کی خصوصی مہم 16 تا 21 دسمبر تک جاری رہے گی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے کہا ہے کہ 16 دسمبر سے شروع ہونے والی انسداد پولیو کی خصوصی مہم کو سو فیصد کامیاب بنانے کے لئے تمام تر انتظامات ہر لحاظ سے مکمل ہونے چاہیں اس ضمن میں مائیکرو پلان پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے تاکہ گزشتہ کمزوریوں و خامیوں کا سو فیصد ازالہ ہو سکے، انہوں نے یہ ہدایات ضلع چنیوٹ میں پولیو مہم شروع کرنے کے حوالے سے انتظامات کے جائزہ بارے ڈسٹرکٹ پولیو اریڈیکیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے جاری کیں، سی او ہیلتھ ڈاکٹر شہزاد خلیل، ڈپٹی ڈی او ڈاکٹر نعیمہ اشرف نے ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ انسداد پولیو کی خصوصی مہم 16 تا 21 دسمبر تک جاری رہے گی اس سلسلے میں ضلع چنیوٹ میں پانچ سال تک کی عمر کے 2 لاکھ 97 ہزار 122 بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کے لئے مجموعی طور پر 1467 ٹیمیں ڈیوٹی انجام دیں گی۔ اس ضمن میں تمام تر ضروری انتظامات کو مکمل کر لیا گیا ہے، اجلاس میں نمائندہ ڈبلیو ایچ او اور محکمہ ہیلتھ و دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی، ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے ہدایت دی کہ پولیو کا ہر راؤنڈ اہمیت کا حامل ہے لہذا متعلقہ سٹاف کی جدید خطوط پر ٹریننگ کے ساتھ ساتھ والدین کی آگاہی کے لئے تمام تر تشہیری ذرائع بروئے کار لائے جائیں۔

ریلوے لائن کیساتھ گزرنے والی شاہراہ گندے جوہڑ میں تبدیل

راہگیروں کے ساتھ ساتھ جنازوں کا جنازگاہ تک پہنچنا محال ہوگیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد شہر میں بڑے قبرستان ریلوے لائن والے کے ساتھ گزرنے والی شاہراہ گندہ پانی کھڑے ہونے سے تالاب میں تبدیل ہوگئی جس کی وجہ سے مذکورہ شاہراہ سے راہگیروں کے ساتھ ساتھ جنازوں کا جنازگاہ تک پہنچنا محال ہوگیا۔ شہریوں نے اس ناگفتہ بہ صورت حال پر شدید احتجاج کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق اور دیگر ارباب اختیار سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر بھر میں صفائی وستھرائی کے ابتر نظام اور بالخصوص ریلوے والے قبرستان سے ملحقہ شاہراہ کی جانب فوری توجہ دیکر یہاں پر کھڑا گندا پانی نکلوایا جائے تاکہ شہری ذہنی اذیت سے بچ سکیں۔

ضلع چنیوٹ میں گرین ٹریکٹر سکیم کی تقسیم کا آغاز کردیا گیا

پہلے مرحلے میں ضلع کے 139 کاشتکاروں کو ٹریکٹر فراہم کئے جارہے ہیں، ڈاکٹر شہباز احمد

چنیوٹ: (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے کسان دوست اقدامات کا سلسلہ جاری ضلع چنیوٹ میں گرین ٹریکٹر سکیم کی تقسیم کا آغاز تفصیلات کے مطابق محکمہ زراعت آفس چنیوٹ میں تقریب کا انعقاد کیا گیا اس میں گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت آج ضلع چنیوٹ کے 15 خوش نصیب کاشتکاروں میں ٹریکٹر کی چابیاں تقسیم کی گئیں۔ رکن صوبائی اسمبلی سردار ذوالفقار علی شاہ، مولانا الیاس چنیوٹی نے چابیاں تقسیم کیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ڈاکٹر شہباز احمد اور ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن زراعت سمیت دیگر ہمراہ موجود تھے ضلع کے 12 ہزار سے زائد کاشتکاروں نے گرین ٹریکٹر اسکیم کے لیے اپلائی کیا تھا، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کسانوں اور کاشتکاروں کی قسمت بدلنے کے لئے متحرک ہیں پہلے مرحلے میں ضلع کے 139 کاشتکاروں کو گرین ٹریکٹر فراہم کئے جارہے ہیں۔ خوش نصیب کسان کو ٹریکٹر پر 10 لاکھ روپے کی سبسڈی دی جارہی ہے مقررین کا کہنا تھا کہ گرین ٹریکٹر سکیم وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا وعدہ تھا جو پورا ہوا ہے گرین ٹریکٹر سکیم عملی اقدامات کی ابتدائی کڑی ہے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے کسانوں اور مویشی پال حضرات کے لئے کارڈز اور دیگر سہولیات کا اجراء کیا جارہا ہے۔

ایس ای فیسکو جھنگ سرکل مدثر علی شیخ کا رورل سب ڈویژن فیسکو جھنگ کا دورہ

جھنگ (بیورو رپورٹ) ایس ای فیسکو جھنگ سرکل مدثر علی شیخ نے رورل سب ڈویژن فیسکو جھنگ کا دورہ کیا اس دوران ٹی اے ٹو ایس ای فیسکو جھنگ سرکل محمد عمران بلوچ بھی ان کے ہمراہ تھے ایس ای فیسکو جھنگ سرکل مدثر علی شیخ نے ڈیڈ ڈیفالٹرز سے ریکوری کے حوالے سے ایس ڈی او رورل سب ڈویژن محمد عمران گوہیر سے میٹنگ کا انعقاد کیا اس موقع پر لائن سپرنٹنڈنٹ ڈی اینڈ آر احسن رحمان، میٹر انسپکٹر غلام رسول بھی موجود تھے میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے ایس ای مدثر علی شیخ نے کہا کہ ڈیڈ ڈیفالٹرز کے خلاف گھیرا تنگ کردیں ڈیڈ ڈیفالٹرز سے ریکوری کو سو فیصد یقینی بنایا جائے اور ان کا کوئی دوسرا کنکشن نہ چلنے دیا جائے انہوں نے فیسکو افسران کو ہدایت کی کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر صبح 11 بجے سے دن 1 بجے تک دفتر میں لگائی جانیوالی کھلی کچہری میں صارفین کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں اور ان کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آئیں۔

قتل کے ملزم کی حوالات میں ٹک ٹاک کا معاملہ ڈی پی او چنیوٹ عبداللہ احمد کا نوٹس

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) قتل کے ملزم کی حوالات میں ٹک ٹاک کا معاملہ ڈی پی او چنیوٹ عبداللہ احمد کا نوٹس ایس ایچ او و تھانہ لالیاں سمیت دیگر اہلکار معطل تفصیلات کے مطابق تھانہ لالیاں حوالات میں بند قتل کے ملزم کی ٹک ٹاک ویڈیو وائرل ہوگئی ویڈیو میں تھانہ لالیاں کی حدود میں ہونیوالے قتل کے تین ملزمان دیکھائی دے رہے ہیں۔ ملزمان غلام رازق، فیصل اور بلال پر عبداللہ ندیم کو قتل کرنے کا مقدمہ درج ہے۔ ملزمان پر پبلک پارک میں شہری کے قتل کا الزام ہے تینوں ملزمان جسمانی ریمانڈ پر تھانہ لالیاں کی حوالات میں بند ہیں۔ ڈی پی او کے نوٹس پر تھانہ محرر صفدر علی اور نائب محرر عمران زبیر کو معطل کردیا گیا۔ ڈی ایس پی سٹی کو انکوائری آفیسر جبکہ ایس ایچ او آفتاب افضل کو چارج شیٹ دی گئی ہے۔

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام آل پاکستان لائرز ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل میں جیتنے والی اور رنر اپ ٹیم کو ٹرافی دیدی گئی

وزیرآباد (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام آل پاکستان لائرز ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل میں جیتنے والی اور رنر اپ ٹیم شیخوپورہ اور لاہور بار کے کپتانوں کو امیدواران برائے پنجاب بار کونسل سیالکوٹ، گجرات، سیالکوٹ، منڈی بہاؤ الدین سیٹس چوہدری رضا سبحانی، نوید وڑائچ، چوہدری شمشاد احمد باجوہ، چوہدری قاسم محمود بابا، امیدوار برائے صدارت اعجاز احمد پرویا، سابق جنرل سیکرٹری عدنان شکر گورائیہ ٹرافیاں دے رہے شبیر اکرم چیمہ، عثمان چیمہ، عمران اکرم ٹھکراہ و دیگر ہمراہ ہیں۔

اتحاد امن کونسل نے سماجی شخصیت عمران صدیقی کو "فاروق آباد امن ایوارڈ" سے نوازا

شہر کے مسائل اور ضروریات اولین ترجیحات میں شامل ہیں، میاں عمران صدیقی

فاروق آباد (نامہ نگار) سماجی خدمات کے اعتراف میاں عمران صدیقی کو، فاروق آباد امن ایوارڈ، سے نوازا گیا، امن ایوارڈ دینے کیلئے پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ بین المذاہب اتحاد امن کونسل کی جانب سے چیئرمین فیملی گروپ میاں عمران صدیقی کو سماجی خدمات کے اعتراف پر" فاروق آباد امن" ایوارڈ سے نوازا گیا۔ میاں محمد عمران صدیقی نے فاروق آباد کے شہری مسائل کو حل کرنے کیلئے موثر آواز اور جدوجہد کی ہے۔ پورا شہر انکی سماجی خدمات کا معترف و ممنون ہے۔ بعد ازاں میاں محمد عمران صدیقی اور ان کے رفقاء حاجی محمد اشفاق (لائیڈ فونان سکول والے) نقاش رضوی نے حاجی محمد شریف سرپرست بین المذاہب اتحاد امن کونسل کی سماجی خدمات کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ پیش کیا۔ اس پروقار تقریب میں اتحاد امن کونسل فاروق آباد کے صدر مولانا گلزار حسین فیاضی، جنرل سیکرٹری علامہ نفیس الرحمن اور جملہ عہدیداران، ممبران خصوصی طور پر مدعو تھے پروگرام کے اختتام پر تمام مدعو معززین نے ممتاز صحافی سوشل ایکٹوسٹ بابر علی بسراء کو اتحاد امن کونسل فاروق آباد میں شمولیت پر خوش آمدید کہا اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

فضل بی بی ٹرسٹ کے زیراہتمام کرسمس گفٹ تقسیم کا انعقاد

دسمبر کا مہینہ کے آتے ہی پوری دنیا میں کرسمس کی تقریبات کا آغاز ہوجاتا ہے، ظہور احمد کا خطاب

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) ظہور احمد ایڈیشنل سیکرٹری بین الصوبائی وزارت، احمد سعید شیخ ڈائریکٹر جنرل پاکستان براڈ کاسٹنگ کارپوریشن نے کہا ہے کہ پاکستان میں بسنے والے دیگر مذاہب کے لوگوں کے مذہبی تہواروں کو اپنی خوشیوں میں شامل ہونا مذہبی ہم آہنگی، رواداری اور بھائی چارے کو فروغ دیتا ہے جو دور حاضر میں ایک اہم ضرورت ہے اسے ملک پاکستان میں امن سلامتی استحکام لانے میں سنگ میل کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا دسمبر کا مہینہ کے آتے ہی پوری دنیا میں کرسمس کی تقریبات کا آغاز ہو جاتا ہے دنیا بھر کے مسیحی عبادات اور ایک دوسرے کو تحائف دے کر اس تہوار کو مناتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے فضل بی بی ٹرسٹ کے زیراہتمام ہونے والی تقریب مستحقین میں کرسمس گفٹ کی تقسیم کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب کے میزبان جوزف گل نے کہا کہ کرسمس کا تہوار ہمیں امن اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے اس موقع پر ہمیں اپنے غریب، لاچار اور بے کسوں اور بیماروں کو نہیں بولنا چاہئے بعد ازاں مہمان خصوصی ظہور احمد، احمد سعید شیخ، جوزف گل نے مستحقین مرد و خواتین میں کرسمس تحائف تقسیم کیے۔

سول ڈیفنس کی جانب سے فائر فائٹنگ کی بنیادی تربیت

مزدوروں کو ہنگامی حالت میں جانوں اور املاک کے تحفظ کیلئے تربیت اور آگاہی دی گئی

واک ریلی
اہمیت و افادیت شہری دفاع

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب ضمیر حسین، ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ اور سول ڈیفنس آفیسر خالد شہزاد کی خصوصی ہدایت پر چیف انسپکٹر چوہدری محمد حنیف ورک نے فیروزوالہ میں صنعتی مزدوروں کو فائر فائٹنگ کی بیسک تربیت دی اور انہیں ہنگامی حالات میں اپنی اور دیگر ساتھیوں کی جانوں کے تحفظ اور املاک کو آگ سے محفوظ رکھنے کے حوالے سے آگاہ کرتے ہوئے سمیت عملی مشقیں کروائیں، انہوں نے سول ڈیفنس کی اہمیت اجاگر کرنے کی خاطر آگاہی ریلی کا بھی انعقاد کیا جس میں درجنوں صنعتی مزدوروں نے شرکت کی، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چیف انسٹرکٹر چوہدری محمد حنیف ورک نے کہا کہ محکمہ سول ڈیفنس کی اہمیت زمانہ امن و جنگ میں نمایاں ہے، دورِ امن میں انتظامی محکموں کو امور ذمہ داری کی انجام دہی میں بھرپور معاونت فراہم کرتا ہے اور قومی تہواروں پر سکیورٹی ڈیوٹی کی انجام دہی سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ہر ممکن مدد یقینی بناتا ہے تاکہ شہریوں کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے جبکہ زمانہ جنگ میں اس کی اہمیت وذمہ داری مزید بڑھ جاتی ہے جو تحفظ عامہ کے کلیدی امور انجام دیتا ہے اور شہریوں کی جانوں کے تحفظ سمیت املاک کی حفاظت کیلئے نوجوانوں کی مدد سے اقدامات اٹھانے کا پابند ہے لہذا نوجوانوں کو شہری دفاع کی تربیت پر خصوصی توجہ دینی چاہیے۔

کرپشن زدہ معاشرے کبھی پھلتے پھولتے نہیں، محمد یوسف

بچوں کو دیانتداری و انسانیت کا درس دیجیئے، سی آئی او پاکستان کارگو



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) کرپشن کسی بھی ملک و معاشرے کیلئے ناسور اور زہر قاتل ہے جو انسان نہیں نسلیں تباہ کردیتی ہے۔ وطن عزیز میں کرپشن ہر دور میں رہی ہے من حیث القوم قیام پاکستان سے لیکر آج تلک ملک کا ترقی یافتہ ہو پانے کی بنیادی وجوہات میں ایک وجہ کرپشن ہے۔ ان باتوں کا اظہار کرپشن کے عالمی دن کے حوالہ سے ڈائریکٹر ایئر سیال/سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ محمد یوسف آف پاکستان کارگو سروسز نے جاری میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ کرپشن کے عادی لوگوں کے گھر سے بیماریوں کا خاتمہ ہی نہیں ہوتا ہے جبکہ اولاد بھی نافرمان اور بدتمیز ہوتی ہے۔ لیکن ان کو سمجھ نہیں آتی ہے۔ بچوں کو دیانتداری اور ایمانداری کی اہمیت سکھائیں اور ایک ایسی ثقافت کو فروغ دینے کی ضرورت ہے جہاں اخلاقی اقدار اور اخلاقیات کو اہمیت دی جائے اور معاشرے میں کرپشن کا خاتمہ ہو سکے۔ کرپشن ایک ناسور ہے۔ کرپشن زدہ معاشرہ والے ممالک کبھی نہیں پھلتے پھولتے ہیں۔

ماحولیاتی آلودگی، بھٹہ خشت، زہریلا دھواں سموگ کا سبب بنتا ہے، خواجہ نادر جاوید بٹ

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ایس ایم او جی کے تدارک کیلئے کوڑا کرکٹ وفصلوں کی باقیات جلانے اور دھواں چھوڑنے والی خراب انجن گاڑیوں کے مالکان کیخلاف بھرپور قانونی کاروائی جاری ہے۔ مبینہ طور پر کوڑا کرکٹ وفصلوں کی باقیات جلانے پر قانونی کاروائی کیجانی چاہیے۔ ان باتوں کا اظہار معروف سماجی و کاروباری شخصیت نے میڈیا سے گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ سموگ سے بچاؤ اور شہریوں کی حفاظت کیلئے ہر زمہ دار شہری کو ہر ممکن عملی اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ سموگ ماحولیاتی آلودگی کا نتیجہ ہے اور اس کا سبب بھٹہ خشت وگاڑیوں کا زہریلا دھواں، فصلوں کی باقیات و کوڑا کرکٹ وکیمیکل شدہ باقیات کو جلائے جانا ہے۔

شکرگڑھ سمیت ضلع بھر میں ملاوٹ ناقص اشیاء کی فروخت کے حوالے سے کریک ڈاؤن جاری ہے، ڈپٹی کمشنر

شکرگڑھ (عمران عارف سے) چیف سیکرٹری پنجاب کے خصوصی احکامات اور ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کی ہدایت پر ضلع بھر میں ذخیرہ اندوزی، ملاوٹ ناقص اشیاء کی فروخت کے حوالے سے کریک ڈاون جاری، ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کی سربراہی میں 30 پرائس مجسٹریٹس کی طرف سے روزانہ کی بنیاد پر کاروائیاں جاری ہیں، خلاف ورزی کے مرتکب افراد کو بھاری جرمانے، ضلع بھر میں جاری مہم کے تحت یکم دسمبر سے تک ذخیرہ اندوزاور اوور چارجنگ کے حوالے سے 6 ہزار 144 انسپکشنز کی گئیں جن میں 317 دوکاندار خلاف ورزی کے مرتکب پائے گئے جنہیں مجموعی طور پر 18 لاکھ 39 ہزار روپے جرمانہ کیا گیا اور 2 مقدمات درج کرکے 14 افراد کو پابند سلاسل کیا گیا اور 6 دوکانیں سیل کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نارووال کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ صارفین کو ملاوٹ سے پاک، سستی اور معیاری اشیاء کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور ان کاروائیوں کا مقصد عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنا ہے۔

کرتارپور بھارتی فلم کے اداکار اروبندر سنگھ بھٹی کی اہل خانہ کے ہمراہ آمد

پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ کے سیف اللہ کھوکھر نے مہمانوں کا استقبال کیا

شکرگڑھ (عمران عارف سے) کرتارپور بھارتی فلم "یار میرا رب ورگا" کے اداکار اروبندر سنگھ بھٹی اہل خانہ کے ہمراہ براستہ راہداری دربار کرتار پور پہنچے، پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ کے سیف اللہ کھوکھر نے مہمانوں کا استقبال کیا، اروبندر سنگھ نے دربار میں ماتھا ٹیکا، دیوان استھان کی یاترا کی اور لنگر ہال میں مزے مزے کے پکوان اور لنگر کھایا، ہیڈ گرنتھی سردار گوبند سنگھ نے مہمانوں کو سروپا پہنائے اور تحائف پیش کیے، اروبندر سنگھ نے بہترین مہمان نوازی پر حکومت اور انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔

بابائے صحافت مولانا ظفر علی خان عہد ساز شخصیت، عتیق بٹ

شہرہ آفاق شاعر کا مزار وزیرآباد میں موجود ہے، معروف سیاسی سماجی شخصیت

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) تاریخ اسلام کی ورک گردانی کریں تو اکثر شہرہ آفاق مسلم مغل بادشاہوں کے مقبرے عبرت کا نشان دکھائی دیتے ہیں مگر کچھ ایسے لوگ بھی گزرے ہیں جو اپنی مخلوق کیساتھ صلہ رحمی وعلم و ادب کے باعث آج بھی آباد اور لوگوں کیلئے انکے مقبرے جائے مقام خاص و عام ہیں۔ برصغیر پاک و ہند کے ایک ایسے ہی مسلمان شاعر و صحافی مولانا ظفر علی خان ان میں سے ایک ہیں۔ سینئر صحافیوں خواجہ عامر جاوید و محمد عتیق بٹ نے مولانا ظفر علی خان کے مزار پر حاضری کے موقع پر دعا کے بعد انکے اشعار بلکہ پرشکوہ مقبرے کے اندر و بیرونی دیواروں مسلمانوں کیلئے پیغامات پر کندہ تاریخ کے اوراق دیکھے۔ صحافیوں نے تاریخ کی ورک گردانی کی تو پڑھا کہ ایک دفعہ مولانا ظفر علی خان کے نام مہاشہ کرشن۔ ایڈیٹر "پرتاب" کا ایک دعوت نامہ آیا جس میں لکھا تھا (فلاں) دن پروشا (فلاں) سمت بکرمی میرے سپتر ویرندر کا موؤنڈن سنسکار ہوگا۔ شریمان سے نویدن ہے کہ پدھار کر مجھے اور میرے پریوار پر کرپا کریں"۔ (شبھ چنتک کرشن) (فلاں دن میرے بیٹے ویرندر کی سرمنڈائی ہے۔ آپ سے درخواست ہے کہ تشریف لا کر مجھ پر اور میرے خاندان پر مہربانی کریں) ولانا نے آواز دی سالک صاحب! ذرا آیئے گا۔ فرمایا کہ مہربانی کرکے اس دعوت نامے کا جواب میری طرف سے آپ ہی لکھ دیجیے۔ برسات کے دن ہیں، بارش تھمنے کا نام نہیں لیتی۔ میں کہاں جاؤں گا۔ معذرت کردیجیے"۔ میں نے اسی وقت قلم اٹھایا اور لکھا جمیل المناقب، عمیم الاحسان معلی الالقاب، مدیر پرتاب

السلام علیٰ من اتبع الهدیٰ

نامہ عنبر شمامہ شرف صدور لایا۔ ازبسکہ تقاطر امطار بحدے ہے کہ مانع ایاب و ذہاب ہے۔ لہٰذا میری حاضری متعذر رہے۔

العذر عند کرام الناس مقبول

الراجی الی الرحمۃ والغفران

ظفر علی خان مہاشہ کرشن نے یہ خط پڑھنے کی کوشش کی۔

کچھ پلے پڑنا تو درکنار، وہ پڑھنے میں بھی ناکام رہے۔ آخر مولانا کو دفتر "زمیندار" ٹیلی فون کرکے پوچھا مولانا! آپ کا خط تو مل گیا، لیکن یہ فرمایئے کہ آپ آسکیں گے یا نہیں؟ اس پر مولانا ظفر علی خان نے بے اختیار قہقہہ لگایا اور مہاشہ جی سے کہا کہ آپ کا خط میں نے ایک پنڈت جی سے پڑھوایا تھا۔ آپ بھی کسی مولوی صاحب کو بلا کر میرا خط پڑھوا لیجیے۔

چوہدری عاشق چھینہ کے بڑے بھائی انکم ٹیکس سپرنٹنڈنٹ چوہدری ریاست علی چھینہ انتقال کرگئے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) نواز لیگ کے سینئر رہنما چوہدری شہباز احمد چھینہ، سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چوہدری عباس علی چھینہ، چوہدری سرفراز احمد چھینہ کے تایا زاد بھائی اور چوہدری عاشق چھینہ کے بڑے بھائی انکم ٹیکس سپرنٹنڈنٹ چوہدری ریاست علی چھینہ انتقال کر گئے مرحوم کو سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں آبائی علاقہ جنڈیالہ شیر خان کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا نماز جنازہ میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

چنیوٹ ٹریفک کے مختلف حادثات میں پانچ خواتین سمیت پچیس افراد شدید زخمی ہوگئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ ٹریفک کے مختلف حادثات میں پانچ خواتین سمیت پچیس افراد شدید زخمی ہوگئے تفصیلات کے مطابق ضلع بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب ایمرجنسی سروس نے 21 روڈ ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کرتے ہوئے 25 زخمی افراد کو ریسکیو کیا زخمی مردوں کی تعداد 20 جبکہ خواتین کی تعداد 5 ہے۔ ان 25 زخمی افراد میں سے 10 افراد شدید جبکہ 15 افراد معمولی زخمی ہوئے۔ ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیموں نے زخمی افراد کو ریسکیو کرتے ہوئے ہسپتال منتقل کر دیا۔

وکلاء اتحاد کو ہر دور میں اہمیت حاصل رہی ہے، اویس عادل قریشی ایڈووکیٹ

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان کے قیام سے لیکر دوام پاکستان اور ملکی استحکام کیلئے ہر دور میں وکلاء نے ہراول دستے کا کردار عملاً ادا کیا ہے۔ ہم نے اپنے والد گرامی حکیم ظہیر الحسن قریشی سے قیام پاکستان کے حالات و بانی پاکستان اور انکے رفقاء کے لازوال کردار سنے کہ جس طرح سے انہوں نے پاکستان کے حصول کیلئے آگ و سمندر کے دریا پار کیئے اور بطور وکیل قائد اعظم محمد علی جناح کی قیادت میں ہمارے آباؤاجداد نے آزاد ملک پاکستان کا مقدمہ برطانوی سامراج کے سامنے لڑ کے پاکستان بنایا تھا۔ ان باتوں کا اظہار معروف سمبڑیال بارایسوسی ایشن کے نوجوان وکلاء حکیم اویس عادل قریشی و میڈم عاصمہ اویس قریشی ایڈووکیٹس نے میڈیا سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ عاصمہ اویس قریشی ایڈووکیٹ کا کہنا تھا کہ ہمیشہ سمبڑیال بارایسوسی ایشن نے خواتین وکلاء کی بہترین نمائندگی کی اور ہم نے بار کی فلاح و بہبود و خواتین وکلاء کے حقوق کیلئے ہراول دستے کا کردار ادا کیا۔

تعلیم کے بغیر کوئی معاشرہ ترقی نہیں کرسکتا، نواز چوہان

محنت لگن، جذبے اور اعلیٰ تعلیم سے ہی مقاصد کا حصول ممکن بنایا جاسکتا ہے

Kids
Business Potential Show

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) مسلم لیگ ن کے ممبر صوبائی اسمبلی و مانیٹرنگ انچارج ڈی ایچ کیو ہسپتال نواز چوہان نے کہا ہے کہ تعلیم کے بغیر کوئی معاشرہ ترقی نہیں کرسکتا، نوجوان نسل کے لئے جدید تعلیم کا حصول وقت کا تقاضا ہے، نوجوانوں کی ترقی سے مستحکم و مضبوط قیادت حاصل ہوتی ہے محنت لگن، جذبے اور اعلیٰ تعلیم سے ہی مقاصد کا حصول ممکن بنایا جاسکتا ہے، حالیہ دور سائنس و ٹیکنالوجی کا علم ہے جسکے بغیر ترقی ہو سکتی ہے نہ کسی کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے، تعلیمی اداروں کے منتظمین اور اساتذہ پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے وہ اپنی تہذیب و کلچر کی حفاظت کریں اور طلباء میں کردار سازی پر توجہ دیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محافظ ٹاؤن میں نجی سکول میں منعقدہ کڈز بزنس پوٹینشل شو کے دورہ کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ نوجوان نسل کو تعلیم اور تربیت کے ساتھ بزنس آئیڈیاز کی تعلیم دے کر انہیں خود انحصاری کی طرف گامزن کرنا انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ تقریب میں آمد پر ملک عقیل خان ایڈووکیٹ، چیئرمین اعظم حمید مشرقی اور ان کی ٹیم نے مہمان خصوصی کا استقبال کیا، اس موقع پر ملک ذوالقرنین، ملک افتخار احمد صدر محافظ ٹاؤن و دیگر ہمراہ تھے۔ بعد ازاں انہوں نے طلبہ و طالبات کی طرف سے میں لگائے گئے مختلف سٹالز کا دورہ کیا اور بچوں کی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے انہیں مزید لگن سے تعلیم و تربیت پر توجہ دینے کی تلقین کی۔

ساہیوال آرٹس کونسل کے زیراہتمام دوروزہ ادبی ثقافتی کانفرنس کا انعقاد

اردو ادب کے مایہ ناز ادیب، محقق اور دانشور شرکت کریں گے



ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپرا سے) ساہیوال آرٹس کونسل کے زیر اہتمام پانچویں 2 روزہ ساہیوال ادبی و ثقافتی کانفرنس کے انعقاد کے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں جس میں اندرون و بیرون ممالک سے اردو ادب کے مایہ ناز ادیب، محقق اور دانشور شرکت کریں گے۔ یہ کانفرنس 19 اور 20 دسمبر کو جناح ہال میں منعقد ہوگی اور کانفرنس کے اختتام پر شرکاء کو خصوصی طور پر ملکہ ہانس میں وارث شاہ مسجد اور پاک پتن میں بابا فرید گنج شکر کے مزار کا بھی دورہ کرایا جائے گا۔ یہ بات ڈائریکٹر ساہیوال آرٹس کونسل ڈاکٹر سید ریاض ہمدانی نے کمشنر آفس میں منعقدہ ایک خصوصی اجلاس میں کمشنر ساہیوال/چیئرمین ساہیوال آرٹس کونسل شعیب اقبال سید کو بریفنگ دیتے ہوئے بتائی۔ انہوں نے بتایا کہ اس سال کانفرنس کا عنوان "مصنوعی ذہانت، ادب اور ثقافت" (مسائل، خطرات اور امکانات) ہے جس پر محققین اپنے مقالہ جات پیش کریں گے۔

DAILY QUWAT ایڈیٹوریل

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ میں انکشاف ہوا ہے کہ پاکستان نے 8 فیصد تک بھاری شرح سود پر قرض لیا جبکہ سب سے زیادہ زرعی قرضے پنجاب کو ملے ہیں۔ کمیٹی کا اجلاس چیئرمین کمیٹی سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) اور عالمی کمرشل بینکوں سے حاصل کردہ قرضے کی شرائط پیش کردی گئی ہیں۔ اجلاس میں انکشاف ہوا کہ آئی ایم ایف سے تقریباً 5 فیصد شرح سود پر 7 ارب ڈالر قرض حاصل کیا گیا جس میں 3.37 فیصد ایس ڈی آر ریٹ، 1 فیصد مارجن اور 50 بیسز پوائنٹس سروس چارجز شامل ہیں جبکہ آئی ایم ایف کو قرضہ گریس پیریڈ سمیت 10 سال کی مدت میں قابل واپسی ہوگا اور آئی ایم ایف کو ششماہی بنیاد پر 12 اقساط میں یہ قرض واپس کیا جائے گا۔ اجلاس میں چینی بینکوں سمیت دیگر اداروں سے 7 سے 8 فیصد سود پر قرض لینے کا انکشاف ہوا جن میں چائنا ڈیولپمنٹ بینک، انڈسٹریل کمرشل بینک آف چائنا اور سٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک شامل ہیں۔ ای سی او ٹریڈ اینڈ ڈیولپمنٹ بینک اور مشترکہ لون فیسیلٹی بھی حاصل کی گئی۔

اجلاس میں بریفنگ دیتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے مہنگے بیرونی کمرشل قرضے لینے کا تاثر رد کیا اور کہا کہ اب ہم تب قرض لیں گے جب ضرورت ہوگی، کمرشل بینکوں سے کوئی بھی قرض ہم اپنی شرائط پر لیں گے، بیرونی فنانسنگ کا گیپ پورا کرلیا گیا ہے۔ وزیر خزانہ نے انٹرنیشنل کیپٹل مارکیٹ سے جلد رجوع کرنے کا بھی عندیہ دیتے ہوئے کہا کہ رواں مالی سال پانڈا بانڈ کے اجراء کا پلان ہے۔ آئی ایم ایف کے ساتھ کلائمیٹ فنانسنگ پر بھی بات چیت جاری ہے، اس مقصد کے لیے منصوبوں کی نشاندہی کرنا ہوگی۔ اجلاس میں زرعی ترقیاتی بینک کے صدر نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سب سے زیادہ زرعی قرضے پنجاب میں 124 ارب روپے کے دیے گئے جبکہ سب سے کم آزاد کشمیر کو 60 کروڑ روپے دیے گئے۔ زرعی ترقیاتی بینک کے فراہم کردہ قرضے 200 ارب ہیں جس میں شرح سود شامل ہے۔ بینک کی طرف سے خیبر پختونخوا میں 3.5 ارب روپے کے قرضے فراہم کیے گئے، سندھ میں 23 ارب، بلوچستان میں 2.7 ارب اور گلگت بلتستان میں 2.6 ارب روپے کے زرعی قرضے فراہم کیے گئے۔

ادھر، ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان میں بجلی کے تقسیم نظام کو جدید بنانے کے لیے 20 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دیدی ہے۔ بینک کی جانب سے جاری کیے گئے اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ قرض سے ڈسکوز کی قابل بھروسا بجلی فراہمی یقینی بنائی جاسکے گی۔ امداد سے لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو)، ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) اور سکھر الیکٹرک پاور کمپنی (سیپکو) کے انفرا اسٹرکچر میں بہتری لائی جائے گی۔ بینک پاکستان کی بڑھتی ہوئی بجلی کی ضرورت پوری کرنے کے لیے مدد فراہم کرے گا۔ امداد سے بجلی کی تقسیم کا نظام جدید بنایا جائے گا اور نقصانات کو کم کیا جائے گا۔ بجلی کے نقصانات میں کمی سے شعبے کے مجموعی نقصانات میں خاصی کمی ہوگی۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ گرڈ سے قابل بھروسا بجلی کی فراہمی سے کاروبار کو بڑی سہولت حاصل ہوگی، بجلی کے ترسیلی نقصانات کم کرنے اور انفرا اسٹرکچر بہتر بنانے میں مدد ملے گی، منصوبے کے تحت 3 لاکھ 32 ہزار ایڈوانس میٹر لگائے جائیں گے۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کا کہنا ہے کہ منصوبے سے ڈسکوز کو اصل وقت میں بجلی کے استعمال اور گرڈ کی کارکردگی کا ڈیٹا میسر ہوگا، منصوبے سے تینوں ڈسکوز کی آن لائن ٹرانسفارمر مانیٹرنگ کی جاسکے گی۔ قرض کے تحت سیپکو کے چار 66 کلوواٹ کے گرڈ اسٹیشنز کو 132 کلوواٹ پر منتقل کیا جائے گا، لیسکو میں 25 گرڈ اسٹیشنز کو جدید بنایا جائے گا، تقسیم کا نظام اپ گریڈ کرنے سے نقصانات میں کمی اور بل کی وصولی میں اضافہ ہوگا۔

یہ ایک افسوس ناک امر ہے کہ پاکستان قرضوں کی بیساکھیوں پر چلنے والا ملک بن کر رہ گیا ہے اور اس کے لیے وہ تمام سیاسی جماعتیں ذمہ دار ہیں جنھیں اس ملک پر حکمرانی کا موقع ملا۔ ہر جماعت نے اپنے دورِ حکومت میں آئی ایم ایف سمیت بیرونی اداروں سے بھی قرضے لیے اور دوست ممالک سے بھی کبھی امداد کے نام پر رقوم حاصل کی گئیں تو کبھی قرض لیے گئے۔ آئی ایم ایف سے پاکستان نے پہلی بار 1958ء میں قرضہ لیا تھا اور اب ساڑھے چھے دہائیوں سے زائد عرصہ گزرنے کے بعد بھی ہم اسی ادارے کے در پر کشکول لے کر کھڑے ہیں۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ہمارے حکمران کشکول توڑنے کے دعوے تو بہت کرتے ہیں لیکن حقیقت میں وہ کشکول توڑنا نہیں چاہتے کیونکہ ایسا کرنے کے لیے جو اقدامات کیے جانے چاہئیں وہ ان کی طرف نہیں آ رہے اور نہ ہی آنے کی کوئی خواہش رکھتے ہیں۔

اشرافیہ اور بیوروکریسی کا وجود اس ملک کے عذاب بنا ہوا ہے اور یہ مل کر اس ملک کی جڑوں کو کھوکھلا کر رہی ہیں۔ یہ ایک تکلیف دہ حقیقت ہے کہ ہر سیاسی جماعت کی اعلیٰ قیادت اشرافیہ سے تعلق رکھتی ہے اور بیوروکریسی کو ساتھ ملا کر یہ لوگ تمام سیاہ سفید کرتے ہیں، لہٰذا ملی بھگت سے یہ لوگ ایک دوسرے کو فائدہ بھی پہنچا رہے ہیں اور ایک دوسرے کے مفادات کا تحفظ بھی کر رہے ہیں۔ انھیں نہ تو عام آدمی سے کوئی سروکار ہے اور نہ ہی انھیں پتا ہے کہ اس ملک کا عام آدمی کس حال میں جی رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بیرونی اداروں اور دوست ممالک سے جو قرضے لیے جاتے ہیں ان کے بارے میں عوام کو کچھ نہیں بتایا جاتا ہے کہ حاصل کیا گیا قرضہ کہاں لگایا گیا ہے، یہ واپس کب اور کیسے ہوگا اور آئندہ قرض سے بچنے کے لیے کیا اقدامات کیے جارہے ہیں؟ جب تک اس سلسلے میں کوئی واضح پالیسی اختیار کر کے سیاست قیادت کو احتساب کے عمل سے نہیں گزارا جاتا تب تک ملک اپنے پاؤں پر کھڑا نہیں ہوسکتا۔

اسد قیصر سے انٹرویو

وغیرہ وغیرہ
عبداللہ طارق سہیل
atsohail@gmail.com

چکوال کا چاہ بابل خشک ہوئے عرصہ گزر گیا۔ اس کا ہلکورے لیتا، منڈیروں سے چھلکتا آب سموم کب کا خشک ہو کر پاتال میں جا گھسا، تہہ میں سوکھی پپڑیاں رہ گئیں۔ اس کی سطح سے پھوٹنے والے باد سموم کے معطر جھونکے جو کبھی ارباب حقیقی آزادی کے مشام جاں کو پر بہار وادیوں میں لے جایا کرتے تھے، حدت کی شدت سے بخارات بنے، فضا میں بلند ہوئے اور اتنے بلند ہوئے کہ آسمانوں کی تنہائیوں میں پنہاں ہو گئے۔ اب اس کھنڈر بنے چاہ چکوال عرف چشمہ فیض کو کورٹ مارشل نامی بلڈوزر سے اسی طرح نابود کرنے کی تیاری ہے جیسے گزشتہ روز شام میں حافظ الاسد کی سادھی کو مٹی میں ملا دیا گیا۔

ظاہر ہے کہ ارباب حقیقی آزادی اس سے دل گرفتہ ہیں۔ کچھ محض دل گرفتہ ہیں اور کچھ ازحد دل گرفتہ ہیں اور دل گرفتگان ازحد میں سرفہرست اسد قیصر کا نام آتا ہے۔ چنانچہ ازحد عالم دل گرفتگی میں برافروختہ ہو کر ایک عدد بیان برانگیختہ انھوں نے جاری فرمایا ہے جو اخبارات میں مختصر طور پر شائع کیا گیا ہے۔

انھوں نے فرمایا، ہم پختونوں کو دیوار سے نہ لگایا جائے ورنہ ہم پختون نہ جانے کیا کیا کر دیں گے۔

اس پر تبصرہ کرتے ہوئے کسی جلد باز نے کہا کہ اسد قیصر پختون کارڈ استعمال کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ظاہر ہے جلد باز صاحب نے تبصرہ جلد بازی میں کیا، بیان کو غور سے پڑھا ہی نہیں۔ اسد قیصر صاحب نے پختون کا لفظ تو استعمال ہی نہیں کیا اس لیے پختون کارڈ کے استعمال کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ ویسے بھی پختون کارڈ کو دو اناڑی کھلاڑیوں یعنی گنڈاپور اور سپیکر کے پی اسمبلی نے کچھ اس طرح استعمال کیا ہے کہ وہ مزید استعمال کے قابل نہیں رہا، ناکارہ یعنی کہ پنکچر ہو چکا ہے۔

اسد قیصر نے پختون نہیں، ہم پختون کا لفظ استعمال کیا ہے۔ دونوں میں فرق ہے۔ پختونوں میں تو اے این پی، جے یو آئی، پی ٹی ایم، جماعت اسلامی، پیپلز پارٹی والے بھی شامل ہیں لیکن 'ہم پختون' کا لفظ ایک مخصوص اور محدود دائرے اور منفرد ڈی این اے رکھنے والوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

ہم پختونوں میں پاکپتن والی مرشدانی جی ہیں، لندن کے ذلفی بخاری اور زک گولڈ سمتھ ہیں۔ مراد سعید ہیں، قاسم سوری ہیں، ملتان کے جمشید دستی ہیں، حامد رضا 'لیل پوری' ہیں۔ ناصر عباس کلکتوی ہیں، مرشد نہیں تو پاکستان نہیں والی شاندانہ گلزار ہیں، چیکو کراچی حال لندوی ہیں، وہی مسجد نبوی میں غل غپاڑے کا میلہ لگانے والے چیکو مسجد نبوی والے اس پروجیکٹ کے 'ماسٹر مائنڈ' لال حویلی والے راجہ جی کو بھی 'ہم پختونوں' میں شامل کیا جا سکتا ہے۔ فرخ گوگی والے اصغر سلیم گوجر بھی ایک جلیل القدر 'ہم پختون' گنے جاتے تھے، ان دنوں پتا نہیں کہاں ہیں، مجملہ ان افراد کی تعداد 50 بنتی ہے جن کا ذکر شہ سرخیوں میں آیا کہ سب چشمہ فیض سے فیض یاب ہوتے رہے۔

بہر حال، حکومت کو محتاط رہنا چاہیے ورنہ یہ سارے 'ہم پختون' کچھ نہ کچھ کر ڈالیں گے۔ کیا کر ڈالیں گے، یہ خود انھیں بھی نہیں پتا اور بالخصوص 26 نومبر والے معاملے کے بعد سے تو بالکل ہی نہیں پتا۔

ایک رپورٹر تصور خیالی نے اسد قیصر سے نہایت شاندار تصوراتی انٹرویو لیا ہے جو تخیلات ٹائمز میں شائع ہوا ہے، بہت تفصیلی ہے۔ سارا تو یہاں نہیں دیا جاسکتا البتہ اس آخر سے ایک دو جھلکیاں یہاں نقل کی جاتی ہیں۔

سوال: آپ کا اب تک کا پرزور موقف تھا کہ مذاکرات صرف اور صرف اسٹیبلشمنٹ سے ہوں گے، حکومت سے مذاکرات کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اب کیا ہوا کہ آپ نے اسٹیبلشمنٹ کو ایک طرف رکھتے ہوئے حکومت سے بات کرنے پر راضی ہو گئے؟

جواب: ہونا کیا تھا، ہمیں ابھی ابھی پتا چلا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ اور حکومت ایک ہی ہیں۔ اس لیے حکومت سے مذاکرات کا مطلب اسٹیبلشمنٹ سے مذاکرات ہوا۔ چنانچہ ہمارا پرزور موقف اپنی جگہ ہے، اس میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔

سوال: پہلے آپ حضرات کا کہنا تھا کہ 26 نومبر کو ہمارے سینکڑوں کارکن گولی مار کر ہلاک کر دیے گئے۔ پھر آپ نے یہ تعداد کم کر کے 12 کر دی، اس کی کیا وجہ ہے؟

جواب: ہم سے کہا گیا تھا کہ سیاسی درجہ حرارت کم کرو، چنانچہ ہم نے یہ درجہ حرارت کم کرنے کے لیے تعداد 12 کر دی ورنہ مارے جانے والوں کی تعداد سینکڑوں نہیں، ہزاروں میں ہے۔ تعداد کی اتنی بڑی قربانی ہم نے قومی مفاد میں دی ہے۔

سوال: لیکن حکومت تو 12 کی تعداد بھی نہیں مانتی۔ وہ کہتی ہے، ان بارہ کے شناختی کارڈ دکھاؤ۔ آپ شناختی کارڈ کیوں نہیں دکھا دیتے؟

جواب: ہم پاگل ہیں جو ان بارہ کے شناختی کارڈ دکھا دیں۔ حکومت والے ویگو ڈالے بھیج کر ان بارہ کو گرفتار کر لیں گے۔

سوال: یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں، کبھی مرنے والے بھی گرفتار ہوا کرتے ہیں؟

جواب: مرے نہیں، وہ شہید ہوئے اور شہید زندہ ہوتے ہیں اور زندہ افراد کو گرفتار کیا جا سکتا ہے۔ بس اسی لیے ہم شناختی کارڈ نہیں دکھا رہے۔

سوال: حکومت کہتی ہے، آپ کے جلوس والوں نے مشتعل ہو کر گنڈاپور کی گاڑی پر حملہ کر دیا کیونکہ کارکنوں کے مطابق گنڈاپور 'کمپرومائزڈ' ہو چکے تھے اور پھر گنڈاپور کو بچانے کے لیے ان کے محافظوں نے فائرنگ کر دی اور اس فائرنگ سے کچھ لوگ مارے گئے جن کو آپ نے حکومتی کھاتے میں ڈال دیا ہے۔

جواب: دیکھو میاں رپورٹر، یہ معاملہ ہماری پارٹی کا اندرونی معاملہ ہے، آپ اس میں مت گھسو۔

سوال: آپ کی پارٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ سیاسی قیدی رہا کیے جائیں۔ کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ مرشد کی رہائی کے مطالبے سے دستبردار ہو گئے ہیں کیونکہ مرشد تو سیاسی قیدی نہیں ہیں، وہ تو چوری چکاری اور 9 مئی کے دنگوں میں اندر ہیں۔

جواب: تمھاری تو۔۔۔ تمھیں کس نے رپورٹر بنا دیا ہے۔ نکلو ادھر سے۔ فوراً، ابھی کیا ابھی (جوتا اتار کر رپورٹر کی طرف لپکتے ہیں، رپورٹر جوتا چھوڑ کر فرار ہو جاتا ہے)۔

سٹیٹ بنک نے بتایا ہے کہ رواں سال کے پہلے 5 ماہ میں (بشمول نومبر) بیرون ملک پاکستانیوں کی ترسیلات زر میں 33 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ یہ اضافہ پونے چار ارب ڈالر کے لگ بھگ ہے۔

ایک رپورٹ کے مطابق، پی ٹی آئی حکومت کے خاتمے کے بعد سے ان ترسیلات زر میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔

پی ٹی آئی نے بیرون ملک پاکستانیوں سے اپیل کی ہے کہ وہ پاکستان کو ترسیلات زر روک دیں۔ مذکورہ بالا اضافہ اس اپیل سے پہلے کا ہے۔ تحقیق عالم بالا معلوم شد کا ایک ماجرا تو ہوا کہ عسکری مصنوعات کے بائیکاٹ کی اپیل پر لوگوں نے خریداری اور بڑھا دی۔ اسی حسن فہمی کے نتیجے میں یقین ظاہر کیا جارہا ہے کہ ترسیلات زر میں اگلے ماہ سے خاطر خواہ اضافہ ہوجائے گا۔

اویس قرنی اور عشق رسول ﷺ

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

عشق رسول ﷺ کے آسمان پر اربوں چاند ستارے روز اول سے روز محشر تک اسی طرح چمکتے دمکتے رہیں گے۔ ان چاند ستاروں کی اپنی اپنی اہمیت اور نرالی ہی شان ہے لیکن ان چاند ستاروں کے جھرمٹ میں ایک ایسا روشن چاند بھی ہے کہ اس کے سامنے باقی سب کی چمک ماند پڑ جاتی ہے۔ جو اعزاز اور مقام مرتبہ اس روشن چاند کو ملا وہ اور کسی کے مقدر میں نہیں ہے کیونکہ سید الانبیا تاجدار عرب و عجم افضل البشر رحمۃ للعالمین خاتم النبیین و المرسلین نبی کریم ﷺ نے بار بار اس عاشق صادق کے عشق کا اعتراف اور برملا اظہار کیا ہے ساقی کوثر ﷺ نے کئی بار اس چاند حضرت اویس قرنی کی مدح سرائی کی ہے۔ خالق ارض و سما کی یہ کائنات پر اسرار بھیدوں اور رازوں سے بھری ہوئی ہے سرور کونین ﷺ ساری عمر حضرت اویس قرنی سے محبت کا اظہار کرتے رہے اور حضرت اویس قرنی بھی ہر لمحے عشق رسول ﷺ گزارتے رہے لیکن اللہ تعالیٰ کی بڑی حکمت کے تحت حضرت اویس قرنی کی آقائے دو جہاں ﷺ سے ملاقات نہ ہو سکی حضرت اویس اپنی نابینا اور ضعیفہ والدہ ماجدہ کی خدمت میں ہر وقت حاضر رہتے آپ ہمیشہ والدہ سے اجازت مانگا کرتے مگر وہ اجازت نہیں دیتیں تھیں بالآخر ایک دن آپ کی والدہ نے آپ کو اس شرط پر جانے کی اجازت دی کہ اگر نبی کریم ﷺ گھر پر موجود نہ ہوں تو رکنا نہیں واپس چلے آنا فخر دو عالم حضور پر نور ﷺ نے حضرت عائشہ سے فرما دیا تھا کہ خاصانِ خدا میں سے ایک شخص ہمارے گھر آئے گا اگر اتفاقاً میں گھر پر موجود نہ ہوں تو اس نیک مہمان کا بہت زیادہ احترام کرنا اور ان کا حلیہ ضرور یاد رکھنا کیونکہ ان کا حلیہ اور زیارت کرنا سعادت کی بات ہے ماں نے جب دیوانے کو مدینہ جانے کی اجازت دی تو ننگے پاؤں چاک گریبان سوئے مدینہ بھاگ کھڑے ہوئے خوشی کا یہ عالم کہ پاؤں زمین پر نہیں ٹک رہے تھے جب مدینہ منورہ تشریف لائے تو محبت سے درو دیوار کو بوسے دیتے اور راہ گیروں سے پوچھتے اے لوگو میرے محبوب آقائے دو عالم ﷺ کا گھر مبارک کدھر ہے عالم وارفتگی و عشق میں حجرہ حضرت عائشہ پر پہنچے اور درد و فراق میں ڈوبی آواز سے عرض کی میرے آقا ﷺ کدھر ہیں اس وقت نبی کریم ﷺ گھر پر تشریف فرما نہیں تھے ہماری ماں حضرت عائشہ نے عزت و احترام کرتے ہوئے فرمایا آپ اندر تشریف لے آئیں تو عاشق رسول ﷺ نے فرمایا میں اندر نہیں آسکتا ماں سے آٹھ پہر کی اجازت لے کر آیا تھا چار پہر گزر گئے واپسی میں چار لگ جائیں گے اور الٹے پاؤں واپس لوٹ گئے اب ہجر و فراق کے زخم اور بھی گہرے ہو گئے۔ حضرت اویس کے جانے کے تھوڑی دیر بعد محسن انسانیت محبوب خدا ﷺ گھر تشریف لائے اور فرمایا عائشہ یہ نور کیسا ہے تو عرض کی یا رسول اللہ ﷺ قرن سے اس حلیے کا آپ ﷺ کا دیوانہ آیا تھا سلام کہہ کر واپس چلا گیا آقا ﷺ نے فرمایا یہ نور اویس کا ہے یہ وہی دیوانہ آیا ہوگا حضور ﷺ پر نور کی چشمان مبارک نم آلود ہو گئیں۔ آقا دو جہاں ﷺ کے وصال کے بعد جب حضرت اویس قرنی کو آپ ﷺ کے روضہ مقدسہ کی زیارت کا شوق کا غلبہ چڑھا اور اس وقت آپ کی والدہ ماجدہ بھی وفات پا چکیں تھیں تو آپ مدینہ منورہ تشریف لائے اور مسجد نبوی کے دروازے پر کھڑے ہو گئے تو لوگوں نے کہا یہ نبی کریم ﷺ کا مزار شریف ہے تو یہ سن کر آپ بے ہوش ہو گئے جب ہوش آیا تو فرمایا مجھے اس شہر سے باہر لے چلو کیونکہ جس زمین میں میرے آقا ﷺ آسودہ خاک ہیں وہاں میرا رہنا مناسب نہیں ایسی مقدس و مطہر جگہ قدم رکھنا بے ادبی ہے۔ اس عاشق کی شان دیکھیے جب سرور دو عالم ﷺ کے وصال کا زمانہ قریب آیا تو صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ کے بعد آپ ﷺ کا جبہ مبارک کس کو دیا جائے سرور دو جہاں ﷺ نے ارشاد فرمایا اویس قرنی کو ایک روایت میں آتا ہے حضرت عمر فاروق فرماتے ہیں ایک دن رسول کریم ﷺ نے مجھ کو آواز دی اے عمر میں بولا یا رسول اللہ ﷺ میں حاضر ہوں جو حکم ہو بجا لانے کو تیار ہوں حضرت عمر فرماتے ہیں کہ مجھے گمان ہوا کہ آقا نبی کریم ﷺ مجھے کسی کام سے کہیں بھیجیں گے لیکن پیارے آقا ﷺ نے مجھ سے یوں فرمایا اے عمر میری امت میں ایک شخص ہوگا جس کا نام اویس ہوگا اگر تم اس سے ملو تو تمہیں خدا کی یاد آئے گی تم جب بھی اس سے ملنا تو اس کو میرا سلام کہنا اور اس سے اپنے لیے دعائے مغفرت کی درخواست کرنا کیونکہ وہ اللہ کے نزدیک ایسا معزز ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بھروسہ پر کسی بات پر قسم کھا بیٹھے تو اللہ تعالیٰ اس کی قسم کو سچ کر دیتا ہے۔ حضرت عمر فاروق فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد سنتے ہی میں نے اس شخص کو تلاش کیا نبی کریم ﷺ کے وصال کے بعد حضرت ابوبکر کا دور ختم ہوا میں مسلسل اسی تلاش میں لگا رہا۔ ایک دن حضرت عمر کوفہ میں آئے اور خطبہ دیا اور کہا اہل نجد کھڑے ہو جاؤ وہ کھڑے ہو گئے پھر فرمایا تم میں کوئی قرن کا رہنے والا ہے تو قرن والوں کو امیر المومنین کے سامنے پیش کر دیا گیا حضرت عمر نے اویس قرنی کے بارے میں دریافت کیا تو زیادہ تر لوگوں نے انکار کیا لیکن ایک شخص بولا میں ایک دیوانے اور حقیر فقیر کو جانتا ہوں وہ لوگوں سے دور بھاگتا ہے وادی میں اونٹ چراتا ہے نہ آبادی میں آتا ہے اور نہ ہی کسی سے میل جول رکھتا ہے جب لوگ ہنستے ہیں تو وہ روتا ہے اور جب لوگ روتے ہیں تو وہ ہنستا ہے یہ باتیں سنتے ہیں حضرت عمر فاروق اور حضرت علی اس وادی کی طرف روانہ ہوئے جب یہ دونوں عظیم حضرات حضرت اویس قرنی کے پاس پہنچے تو وہ اس وقت نماز میں مشغول تھے اور اونٹوں کی حفاظت ایک فرشتہ کر رہا تھا۔ حضرت اویس قرنی نے نماز ختم کی تو حضرت عمر فاروق نے سلام کہا تو انہوں نے سلام کا جواب دیا پھر حضرت عمر نے نام پوچھا تو انہوں نے کہا عبداللہ تو حضرت عمر نے جواب دیا کہ ہم سب بھی اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں اپنا خاص نام بتائیں تو حضرت اویس نے جواب دیا اویس تو حضرت عمر نے فرمایا اپنا سیدھا ہاتھ دکھائیں جب حضرت اویس نے ہاتھ دکھایا تو حضرت عمر نے وہ نشانی موجود پائی جو نبی کریم ﷺ نے اشارہ کیا تھا حضرت عمر نے اس نشانی کو بوسہ دیا اور فرمایا رسول خدا ﷺ نے آپ کو سلام بھیجا ہے اور فرمایا کہ میری امت کے لیے دعا کریں حضرت اویس قرنی بولے اچھا تو لاؤ اور مجھے رسول کریم ﷺ کا مرقع دو تاکہ میں دعا کروں حضرت عمر نے مرقع رسول ﷺ حضرت اویس قرنی کو دیا اور کہا اب اس کو پہن کر دعا کریں۔ حضرت اویس قرنی نے کہا کہ صبر کریں ان سے دور جا کر مرقع کسی گوشہ میں رکھا اور پیشانی کو خاک پر رگڑ کر عرض کہ یا الٰہی جب تم تمام امت محمدی ﷺ کو نہ بخش دے گا اس مرقع کو جو تیرے محبوب ﷺ نے مجھے بھیجا ہے نہیں پہنوں گا۔ غیب سے آواز آئی میں کچھ امت کو بخش دیا لباس پہن لیں عرض کیا کہ جب تک تمام امت کو بخشوا نہیں لوں گا اس وقت تک یہ لباس نہیں پہنوں گا یہ تکرار بڑھتی چلی گئی اور امت کی بخشش میں اضافہ ہوتا چلا گیا یہاں تک کہ حضرت عمر اور حضرت علی آپ کے پاس آتے ہیں کہ آپ کیا کر رہے ہیں۔ جب حضرت عمر اور حضرت علی قریب آئے تو بولے ہائے افسوس تم لوگ یہاں کیوں آ گئے اگر نہ آتے تو میں جب تک ساری امت محمدی ﷺ کو بخشوا نہ لیتا یہ لباس نہ پہنتا۔ پھر حضرت اویس قرنی نے آقائے دو جہاں ﷺ کا لباس مبارک پہن لیا اور کہا اللہ تعالیٰ نے ربیعہ اور مضر کی تعداد کے برابر امت محمدی ﷺ کو اس لباس شریف کی برکت سے بخش دیا ہے۔

افغانستان اور شام میں پیدا ہونے والی ہلچل

نقشے پر نگاہ ڈالیں تو افغانستان شام سے بہت دور نظر آتا ہے۔ ان دو ممالک کی ثقافت میں اسلام کے علاوہ مشترک باتیں ڈھونڈنا بھی بہت مشکل ہے۔ 1980ء کی دہائی نے مگر جغرافیائی اور ثقافتی شناختیں بھلا کر عرب دنیا کے تقریباً ہر ملک کے نوجوانوں کی اکثریت کو 'افغان جہاد' کی جانب متوجہ کیا۔ لطیفہ یہ بھی ہوا کہ مذکورہ 'جہاد' کو سرکاری سطح پر سب سے زیادہ مصری حکومت نے پروپیگنڈا ٹول کے طور پر استعمال کیا۔ بنیادی وجہ اس کی یہ تھی کہ مصر کے صدر سادات نے اسرائیل کے ساتھ امریکہ کے ایما پر کیمپ ڈیوڈ معاہدہ پر دستخط کیے تھے۔ اس کی جانب سے اسرائیل کو باقاعدہ ریاست کے طور پر تسلیم کیے جانے کو مسلم امہ کی بے پناہ اکثریت نے اسلام سے غداری مترادف ٹھہرایا۔

مصر میں کئی دہائیوں سے 'احیائے اسلام' کے لیے اخوان المسلمین نامی تنظیم بھی کام کر رہی تھی۔ یہ نہایت منظم جماعت تھی جو قدامت پرست حلقوں میں بہت مقبول تھی۔ سادات کی جانب سے اسرائیل کے ساتھ صلح کے معاہدے کے بعد اس کا اثر بہت تیزی سے مصر کے شہری متوسط طبقے میں بھی ردعمل کے طور پر پھیلنا شروع ہوا۔ مصر کی اشرافیہ کا اہم حصہ بھی اخوان سوچ سے متاثر ہونا شروع ہو گیا۔ خود کو اخوان المسلمین کے بڑھتے اثر سے 'محفوظ' رکھنے کے لیے سادات افغان جہاد کا کٹر حامی بن گیا۔ اس نے اپنی فوج کے لیے خریدی روسی کلاشنکوف کی کثیر تعداد بھی افغان مجاہدین کو تحفتاً بھجوانا شروع کر دی۔ افغان مجاہد مصر سے ملی ان بندوقوں کو ان کے ملک میں در آئی کمیونسٹ فوجوں سے چھینی بندوقیں بتاتے ہوئے اپنے جہادی کارناموں کی تشہیر کے لیے استعمال کرتے۔

سادات نے اس کے علاوہ نہایت مکاری سے مصر کے کئی دانشوروں اور جہاد کو بے چین نوجوانوں کو بھی افغانستان بھجوانے کے لیے اکسانا شروع کر دیا۔ اسے گماں تھا کہ جذباتی نوجوانوں کو افغان جہاد کی نذر کرنے کے بعد وہ اور اس کی حکومت محفوظ و مستحکم رہے گی۔ ایسا مگر ہوا نہیں۔ سادات کو ایک فوجی پریڈ میں اس کے سپاہیوں ہی نے قتل کر دیا۔ اس کے بعد آئے حسنی مبارک کی حکومت کو کئی برسوں تک افغان جہاد کی بدولت 'انقلابی' ہوئے مسلم انتہا پسندوں پر قابو پانے کے لیے جابرانہ ہتھکنڈے استعمال کرنا پڑے۔



مصر کے علاوہ شام کے بے شمار نوجوان بھی افغان جہاد میں شریک ہونے کو بے تاب رہے۔ مجھے خبر نہیں کہ حال ہی میں اسد راج کا خاتمہ کرنے والی تنظیم -ہیئت تحریر الشام- کا سربراہ ابو محمد الجولانی جہاد میں حصہ لینے کے لیے افغانستان آیا تھا یا نہیں۔ عراق پر امریکا کے قبضے کے بعد وہ مگر اپنے ملک سے وہاں چلا گیا تھا۔ عراق میں اس نے القاعدہ سے منسلک زرقاوی کی بنائی تنظیم میں شمولیت اختیار کی۔ اسامہ بن لادن کی ہلاکت کے بعد مصر سے ابھرے ڈاکٹر ایمن الظواہری سے بھی رابطے میں رہا۔ عراق ہی میں وہ امریکا کی قید میں چلا گیا۔ امریکا کی قید میں پانچ برس گزارنے کے بعد وہ 'معتدل مزاج' ہو گیا۔ اب پگڑی اور عبا نہیں فوجی کمانڈوز کی وردی پہنتا ہے اور شام کے عوام کو یقین دلانے کی کوشش میں مصروف کہ اس کی نگہبانی میں چلائی حکومت خواتین کے ساتھ افغان طالبان والا رویہ اختیار نہیں کرے گی۔

کالم کا آغاز شام اور افغانستان کے مابین اسلام کے علاوہ چند مشترکہ باتیں ڈھونڈنے سے ہوا تھا۔ ان کی نشاندہی مقصود نہ تھی۔ سچی بات یہ ہے کہ جب سے شام میں اسد راج کا خاتمہ ہوا ہے میرا وسوسوں بھرا دل نجانے کیوں جبلی طور پر یہ سوچنا شروع ہو گیا کہ اب افغانستان میں بھی کوئی 'بڑا واقعہ' ہوگا۔ بدقسمتی سے بدھ کے روز میرے دل میں اٹھتے خدشات درست ثابت ہوئے۔ افغانستان کے مشہور زمانہ حقانی نیٹ ورک کے خلیل الرحمن حقانی جو مجاہدین کے معاملات دیکھنے والی وزارت کے مدار المہام تھے اپنے دفتر میں ایک اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے بم دھماکے کے ذریعے جاں بحق ہو گئے۔

سوشل میڈیا کی وجہ سے کنوئیں کے مینڈک ہوئے پاکستانیوں کی اکثریت کے لیے یہ سوچنا بہت دشوار ہوگا کہ خلیل الرحمن حقانی کا قتل افغانستان کے لیے بھونچال ثابت ہوگا۔ افغان طالبان نظر بظاہر کٹر اسلامی ہونے کی وجہ سے ہمیں متحد اکائی کی صورت نظر آتے ہیں۔ 'نظریات' مگر افغانوں کو متحد اکائی کی صورت دینے میں اکثر ناکام رہے ہیں۔ طالبان سے پہلے وہاں کمیونسٹ ابھرے تھے۔ 'کٹر کمیونسٹ' بھی لیکن خلق اور پرچم دھڑوں میں منقسم رہے۔ اپریل 1978ء کا 'انقلاب ثور' خلق دھڑے نے اپنے کھاتے میں ڈال لیا۔ اس کے سربراہ کا تعلق قندھار سے تھا۔ 'پرچم' دھڑے والوں نے مگر اس کی 'انقلابی' سوچ پر سوال اٹھانا شروع کر دیے۔ اس دھڑے میں شامل بیشتر افراد کابل کے معتدل طبقے سے تعلق رکھتے تھے۔ وہاں کی مشہور یونیورسٹیوں کے طالب علم رہے تھے۔ ایک حوالے سے وہ افغان اشرافیہ کے نمائندے بھی تھے۔ ان کے برعکس نور محمد ترکی جیسے خلقی قندھاری دیہاتی سوچ کے نمائندہ سمجھے جاتے تھے۔ خلق اور پرچم دھڑوں کے مابین جاری رہی کش مکش نے بالآخر سوویت یونین کو مجبور کیا کہ وہ اپنے ہمسائے میں آئے 'انقلاب' کو بچانے کے لیے اپنی افواج دسمبر 1979ء میں کابل پر قابض فوج کی صورت بھیج دے۔

کٹر اسلام پسند ہونے کے باوجود طالبان بھی قندھار اور افغانستان کے مشرق سے ابھرے حقانی جیسے گروہوں میں تقسیم ہیں۔ حقانی پاکستان کے بے شمار وجوہات کی بدولت قریب شمار ہوتے ہیں۔ اس دھڑے کی حقیقی قیادت خلیل الرحمن کے پاس تھی جو ایک مشہور مجاہد جلال الدین حقانی کے برادر خورد ہیں۔ حقانی دھڑے کو پس منظر میں رہتے ہوئے منظم رکھنا ان کی ذمہ داری تھی۔ موصوف ایک کائیاں سفارت کار بھی تھے جو عالمی دنیا کو یہ سمجھانے میں مصروف رہتے کہ طالبان کو 'معتدل مزاج' ہونے کے لیے وقت درکار ہے۔ ان کے قتل کے بعد کابل میں انتہا پسند دھڑے توانا تر محسوس کریں گے جو افغانستان کے پاکستان جیسے ہمسایوں کے لیے اچھی خبر نہیں ہے۔

پیارے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی پیاری پیاری باتیں!!!!!

عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو دیکھا کہ جب آپ نماز میں تکبیر تحریمہ شروع کرتے تو جس وقت اللہ اکبر کہتے اپنے دونوں ہاتھ یہاں تک اٹھاتے کہ انہیں اپنے دونوں مونڈھوں کے بالمقابل کر لیتے، اور جب رکوع کے لیے اللہ اکبر کہتے تو بھی اسی طرح کرتے، پھر جب سمع اللہ لمن حمدہ کہتے تو بھی اسی طرح کرتے اور ربنا ولک الحمد کہتے اور سجدہ میں جاتے وقت اور سجدہ سے سر اٹھاتے وقت ایسا نہیں کرتے۔ وائل بن حجر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی، جب آپ نے نماز شروع کی تو اللہ اکبر کہا، اپنے دونوں ہاتھ یہاں تک اٹھائے کہ انہیں اپنے کانوں کے بالمقابل کیا، پھر سورۃ فاتحہ پڑھنے لگے، جب اس سے فارغ ہوئے تو باآواز بلند آمین کہی اے اللہ اسے قبول فرما۔ مالک بن حویرث رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے (اور یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے اصحاب میں سے تھے) کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم جب نماز پڑھتے تو جس وقت آپ اللہ اکبر کہتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے کانوں کے بالمقابل اٹھاتے، اور جب رکوع کرنے اور رکوع سے اپنا سر اٹھانے کا ارادہ کرتے۔ سعید بن سمعان کہتے ہیں کہ ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قبیلہ زریق کی مسجد میں آئے، اور کہنے لگے تین کام ایسے ہیں جنہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کرتے تھے اور لوگوں نے انہیں چھوڑ دیا ہے آپ نماز میں اپنے دونوں ہاتھ بڑھا کر اٹھاتے تھے، اور تھوڑی دیر چپ رہتے تھے اور جب سجدہ کرتے اور سجدہ سے سر اٹھاتے تو اللہ اکبر کہتے تھے۔

ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم مسجد میں داخل ہوئے، اور ایک اور شخص داخل ہوا، اس نے آ کر نماز پڑھی، پھر وہ آیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو سلام کیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اس کے سلام کا جواب دیا، اور فرمایا: واپس جاؤ اور پھر سے نماز پڑھو، کیونکہ تم نے نماز نہیں پڑھی تو وہ لوٹ گئے اور جا کر پھر سے نماز پڑھی جس طرح پہلی بار پڑھی تھی، پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پاس آئے اور آپ کو سلام کیے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ان سے (پھر) فرمایا وعلیک السلام، واپس جاؤ اور پھر سے نماز پڑھو، کیونکہ تم نے نماز نہیں پڑھی، ایسا انہوں نے تین مرتبہ کیا، پھر عرض کیا اس ذات کی قسم جس نے حق کے ساتھ آپ کو مبعوث فرمایا ہے، میں اس سے بہتر نماز نہیں پڑھ سکتا، آپ مجھے (نماز پڑھنا) سکھا دیجیے، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جب آپ نماز کے لیے کھڑے ہوں تو اللہ اکبر کہیں پھر قرآن میں سے جو آسان ہو پڑھو، پھر رکوع کرو یہاں تک کہ رکوع کی حالت میں آپ کو اطمینان ہو جائے، پھر رکوع سے سر اٹھاؤ یہاں تک کہ اطمینان سے سیدھے کھڑے ہو جاؤ، پھر سجدہ کرو یہاں تک کہ اطمینان سے سجدہ کر لو، پھر سجدہ سے سر اٹھاؤ یہاں تک کہ اطمینان سے بیٹھ جاؤ پھر اسی طرح اپنی پوری نماز میں کرو۔

سائرن
محمد اکرم چوہدری
lahore1947@gmail.com

عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی اکرم ؐ کے پیچھے کھڑے ہو کر پڑھا (ترجمہ) اللہ بہت بڑا ہے، اور میں اسی کی بڑائی بیان کرتا ہوں، تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں اور میں اسی کی خوب تعریف کرتا ہوں، اللہ کی ذات پاک ہے، اور میں صبح و شام اس کی ذات کی پاکی بیان کرتا ہوں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے پوچھا یہ کلمے کس نے کہے ہیں؟ تو اس آدمی نے عرض کیا: اللہ کے نبی! میں نے، تو آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا مجھے اس کلمہ پر حیرت ہوئی میں نے بارہ فرشتوں کو اس پر جھپٹتے دیکھا اور آپ نے ایک ایسی بات ذکر کی جس کا مفہوم یہ ہے کہ اس کے لیے آسمان کے دروازے کھول دیے گئے، ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ جب سے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو یہ کہتے سنا ہے میں نے اسے کبھی نہیں چھوڑا۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے مجھے دیکھا کہ میں نماز میں اپنا بایاں ہاتھ اپنے داہنے ہاتھ پر رکھے ہوئے تھا، تو آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے میرا داہنا ہاتھ پکڑا اور اسے میرے بائیں ہاتھ پر رکھ دیا۔ وائل بن حجر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے (اپنے جی میں) کہا کہ میں یہ ضرور دیکھوں گا کہ رسول اللہ نماز کیسے پڑھتے ہیں: چنانچہ میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ کھڑے ہوئے تو اللہ اکبر کہا، اور اپنے دونوں ہاتھ یہاں تک اٹھائے کہ انہیں اپنے کانوں کے بالمقابل لے گئے، پھر آپ نے اپنا داہنا ہاتھ اپنی بائیں ہتھیلی (کی پشت)، کلائی اور بازو پر رکھا پھر جب رکوع کرنے کا ارادہ کیا تو پھر اسی طرح اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھایا، پھر آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے دونوں گھٹنوں پر رکھا، پھر جب آپ نے رکوع سے اپنا سر اٹھایا تو پھر اسی طرح اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھایا، پھر آپ نے سجدہ کیا، اور اپنی دونوں ہتھیلیوں کو اپنے دونوں کانوں کے بالمقابل رکھا، پھر آپ نے قعدہ کیا، اور اپنے بائیں پیر کو بچھا لیا، اور اپنی بائیں ہتھیلی کو اپنی بائیں ران اور گھٹنے پر رکھا، اور اپنی داہنی کہنی کا سرا اپنی داہنی ران کے اوپر اٹھائے رکھا، پھر آپ نے اپنی انگلیوں میں سے دو کو بند کر لیا، اور (بیچ کی انگلی اور انگوٹھے سے) حلقہ (دائرہ) بنا لیا، پھر آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اپنی شہادت کی انگلی اٹھائی، تو میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ اسے حرکت دے رہے تھے اور اس سے دعا کرتے تھے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں نماز قائم کرنے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی سنتوں پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

مذاکرات سے ہی آگے بڑھا جاسکتا ہے!

حکومت اور تحریک انصاف مذاکرات کرنے پر آمادہ ہو گئے ہیں، حکومت اور تحریک انصاف نے قریب آنے میں کچھ دیر تو کر دی، مگر یہ اچھی بات ہے کہ دونوں کے درمیان مذاکرات کیلئے رابطے شروع ہو گئے ہیں اور اس کیلئے پارلیمنٹ کا پلیٹ فارم استعمال کیا جا رہا ہے، اس کشیدگی کی شدید کیفیت میں توقع تو نہیں کی جاسکتی ہے کہ کل ہی سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا، لیکن اس مذاکراتی عمل سے سیاسی درجہ حرارت میں فوری کمی ضرور آئے گی اور آگے بڑھنے کا کوئی راستہ بھی نکلے گا، کیونکہ سیاست میں مذاکرات سے ہی آگے بڑھنے کا راستہ نکلتا ہے۔

یہ بات اہل سیاست بخوبی جانتے ہیں اور مانتے ہیں، اس کے باوجود مذاکرات سے اعتراض کیا جاتا رہا ہے، تاہم اب بھی دیر آید درست آید کے پیش نظر، اس کا خیر مقدم کیا جانا چاہیے اور اس عمل میں جس کی جانب سے جتنا تعاون فراہم ہو سکتا ہے، اس میں کنجوسی کا مظاہرہ نہیں کیا جانا چاہیے، اس مذاکرات کے عمل میں زیادہ ذمے داری برسر اقتدار فریق کے کندھوں پر عائد ہوتی ہے کہ اگر مذاکرات کامیابی سے ہمکنار ہوتے ہیں تو اس کا زیادہ فائدہ بھی حکومت کے حصے ہی میں آئے گا کہ اسے کمتر مزاحمت اور پرسکون ماحول میں کام کرنے اپنے معاشی، معاشرتی اور سیاسی عزائم کی تکمیل، عوام کی خدمت اور ملک و قوم کے مسائل حل کے لیے منصوبوں پر عملدرآمد میں آسانی فراہم ہوگی۔

یہ امر حیران کن ہے کہ اس ضمن میں حکومت کی جانب سے جس گرمجوشی کا مظاہرہ کیا جانا چاہیے تھا، وہ دیکھنے میں نہیں آ رہا ہے، بلکہ بعض وفاقی وزراء خصوصاً وزیر دفاع خواجہ محمد آصف اور وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ وغیرہ کی جانب سے ایسے بیانات سامنے آ رہے ہیں کہ جن سے مفاہمت کا عمل آغاز ہی میں سبوتاژ کرنے کا تاثر نمایاں ہونے لگا ہے، اس سے ایسا لگ رہا ہے کہ حکومت مفاہمت سے گریز کر رہی ہے، اس قسم کا تاثر نہیں آنا چاہیے، اگر اپوزیشن نے ہاتھ بڑھایا ہے تو حکومت کو بھی آگے بڑھ کر گلے لگانا چاہیے اور اسے سیاسی انتشار سے جتنا جلد ہو سکے، باہر نکلنا چاہیے، اگر ایک دوسرے سے ایسے ہی سرد مہری کا مظاہرہ کیا جاتا رہا تو معاملات سلجھنے کی بجائے مزید الجھتے ہی چلے جائیں گے۔

صدائے سحر
شاہد ندیم احمد
sadaaysehar@gmail.com

اگر دیکھا جائے تو اس وقت حالات اجازت نہیں دیتے ہیں کہ معاملات کو مزید بگاڑا جائے، وزیر اعظم میاں شہباز شریف کے متعلق عمومی تاثر پایا جاتا ہے کہ وہ معاملات کو مفاہمت اور افہام و تفہیم سے طے کرنے پر یقین رکھتے ہیں تو اس صورت حال پر خصوصی نظر رکھنے کی ضرورت ہے اور مذاکراتی عمل کو سبوتاژ کرنے کی ہر کوشش کی حوصلہ شکنی کرنے کی ضرورت ہے، وزیر اعظم اور حکومت کی جانب سے مذاکرات کی کامیابی کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی کی خاطر بعض ایسے اقدامات بھی کیے جانا چاہئیں کہ جن سے جذبہ خیر سگالی کا اظہار ہوتا ہو، اس میں سیاسی و انتقامی نوعیت کے مقدمات کے خاتمے کا اعلان اور معمولی الزامات کے تحت پس دیوار زنداں دھکیلے گئے حزب اختلاف کے کارکنوں کی رہائی بھی شامل ہو سکتے ہیں۔

اس میں کوئی دو رائے نہیں ہے کہ اس آئے روز کے لڑائی جھگڑوں اور انتشار کی سیاست سے عوام تنگ آ چکے ہیں، عوام سکون چاہتے ہیں، اپنی زندگی میں تبدیلی چاہتے ہیں، اس کیلئے حکومت اور اپوزیشن کو سنجیدہ کاوش کرنا ہوگی، اگرچہ حکومت کے کچھ وزراء کی جانب سے رابطوں کی بحالی اور مذاکراتی عمل کی جانب مثبت پیش رفت کی تصدیق کی جا رہی ہے، تاہم اس مقصد کے لیے حکومت کی جانب سے کسی مذاکراتی کمیٹی کی تشکیل یا اس کے ارکان کے ناموں کی تصدیق تاحال نہیں کی جا رہی ہے، بہتر ہوگا کہ اس کمیٹی کی تشکیل اور اس کے ارکان کے ناموں کا اعلان بلا تاخیر کیا جائے، اس ضمن میں وزیر اعظم کو احتیاط بھی لازماً کرنا ہوگی کہ منفی سوچ کا حامل اور تصادم کی سیاست پر یقین رکھنے والا کوئی شخص کمیٹی میں شامل نہ کیا جائے، ورنہ یہ بڑی مشکل سے شروع ہونے والا مفاہمت اور مذاکرات کا عمل ابتداء میں ہی دم توڑ جائے گا۔

پاکستانی عوام ایک بار پھر اہل سیاست سے اُمید لگائے بیٹھے ہیں کہ اس مذاکراتی عمل سے حالات سازگار بنائیں گے، اُن کی زندگی میں کوئی تبدیلی لائیں گے، تاہم عوام کو خیال رکھنا چاہیے کہ حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان مذاکرات اتنا جلد نتیجہ آور نہیں ہوں گے، لیکن بات چیت ہی وہ واحد طریقہ ہے کہ جس کے ذریعے آگے بڑھا جاسکتا ہے اور ملک و عوام کو بھی درپیش بحرانوں سے نکال کر استحکام اور ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے۔

صنم تم کو بھی لے ڈوبیں گے

فیض حمید کے خلاف چارج شیٹ جاری کر دی گئی۔ ہم تو ڈوبے ہیں صنم تم کو بھی لے ڈوبیں گے۔ 12 اگست 2024ء کو پاکستان آرمی ایکٹ کی متعلقہ دفعات کے تحت لیفٹیننٹ جنرل (ر) فیض حمید کے خلاف فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کی کارروائی شروع کی گئی، فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کے اگلے مرحلے میں فیض حمید کو باضابطہ طور پر چارج شیٹ کر دیا گیا ہے، ان چارجز میں سیاسی سرگرمیوں میں ملوث ہونا، آفیشل سیکرٹ ایکٹ کی خلاف ورزیاں کرتے ہوئے ریاست کے تحفظ اور مفاد کو نقصان پہنچانا، اختیارات اور سرکاری وسائل کا غلط استعمال اور افراد کو ناجائز نقصان پہنچانا شامل ہیں، آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کے عمل کے دوران ملک میں انتشار اور بدامنی سے متعلق پرتشدد واقعات میں لیفٹیننٹ جنرل فیض حمید (ر) کے ملوث ہونے سے متعلق علیحدہ تفتیش بھی کی جا رہی ہے، ان پرتشدد اور بدامنی کے متعدد واقعات میں 9 مئی سے جڑے واقعات بھی شامل تفتیش ہیں، ان متعدد پرتشدد واقعات میں مذموم سیاسی عناصر کے ساتھ ملی بھگت کا الزام بھی شامل ہے، فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کے عمل کے دوران فیض حمید کو قانون کے مطابق تمام قانونی حقوق فراہم کیے جا رہے ہیں۔۔۔ عمران خان نے مشرف سے لے کر جنرل قمر جاوید باجوہ تک سب کے خوب بوٹ پالش کیے۔ اور جب ان کی دس سالہ منصوبہ بندی کا بھانڈہ بیچ چوراہے پھوٹ گیا تو ادارے کے لئے وہ شرمناک زبان اور رویہ اپنایا کہ ایسی سوچ سے شیطان بھی پناہ مانگ رہا ہے۔ اس سے بڑا محسن کش احسان فراموش بے مروت تاریخ نے کوئی سیاستدان نہیں دیکھا۔ تکبر اور انا پرستی نے اسے وہاں پہنچا دیا ہے جہاں سے شاید ہی کوئی بچ پایا ہو۔ کنٹینر پر کھڑے امیرزادوں کو کئی گولیاں لگیں لیکن سب محفوظ رہے؟ نیچے کھڑے ایک غریب ورکر کو صرف ایک گولی لگی اور وہ چل بسا، مگر یہ حقائق ہوشمندوں کے لئے ہیں۔ جہاں شخصیت پرستی آ جائے وہاں شعور رخصت ہو جاتا ہے اور برین واشنگ جگہ لے لیتی ہے۔

مکتوب امریکہ
طیبہ ضیا

عمران خان صاحب کے مشیران اور چالوں وظائف سے قطع نظر، کانوں کے کچے اور مقبولیت کے زعم میں گرفتار تمام کارڈز استعمال کر چکے ہیں۔ اب فقط شناختی کارڈ بچا ہے۔ پی ٹی آئی کی حکومت میں خان نے سیاست طارق جمیل نے تبلیغ، پیرنی نے چلہ، فیض حمید نے فوج، ثاقب نثار نے عدلیہ اور بول اے آر وائی ٹی وی چینلز اور سوشل میڈیا نے مورچے سنبھال رکھے تھے مگر تبدیلی، انقلاب، نیا پاکستان، ریاست مدینہ، حقیقی آزادی، کچھ بھی نصیب نہ ہو سکا۔۔۔؟ پہلوں نے جس ملک کو اگر تباہ کرنے میں چالیس برس لگائے اس ایک نے صرف ساڑھے تین سال میں وہ کام کر دکھایا کہ دوسری باری لینے کے لئے مقبولیت بھی ساتھ نہیں دے رہی۔ اس وڈیو اس کی پارٹی نے کہا تو دو بس اس نے اپنی ٹانگ توڑ دی، اسمبلی توڑ دی مگر مقبولیت کا دیو داس آج جیل میں پڑا ہے۔ بھلے لاکھ ایاک نعبد و ایاک نستعین پڑھتے رہو، اگلی آیت مبارکہ بھی پڑھ لیا کرو کہ رب ہدایت بھی دے۔ نوجوانوں اور عورتوں کی جو کھیپ رنگیلے نے تیار کر دی ہے اس ملک کو اب دشمن کی ضرورت نہیں رہی۔ نواز شریف کو مدت پوری نہ کرنے دی اور غیر آئینی طریقے سے نکلوا دیا۔ تب اس نے سوچا تھا کہ جیسا کرو گے ویسا بھرو گے؟۔ نواز شریف کہتے رہے مجھے کیوں نکالا کیوں نکالا؟ پھر رنگیلا بھی جب نکالا گیا تو جیل سے بھی چیخوں کی بازگشت سنائی دے رہی ہے کہ مجھے کیوں نکالا۔ وہ محسن جو کل آپ کے مائی باپ تھے آج ان کے خلاف غلیظ مہم چلا رہا ہے؟ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے برحق فرمایا "جس کم ظرف پر احسان کرو اس کے شر سے بچو"۔ جو کھچڑی اندر پک رہی تھی اس پر بروقت قابو پانے کے لئے سابق آرمی چیف کو آپ کی نظروں میں برا تو بنا پڑا مگر انہوں نے ملک اندرونی سازش سے بچا لیا۔ جب نواز شریف نے جنرل قمر جاوید باجوہ کو آرمی چیف بنایا تو اس وقت ایک سابق مقتدر شخصیت کے دستخط سے منظور شدہ عمران خان پراجیکٹ آخری مراحل میں تھا جسے مقدس ڈاکٹرائن سمجھ کر آگے بڑھایا گیا۔ پانامہ میں نواز شریف اور ان کی بیٹی کو الیکشن سے پہلے جیل میں ڈال کر عمران خان کو وزیر اعظم بنانے کا فائنل راؤنڈ شروع ہوا۔ بیساکھیاں مہیا کی گئیں اور عمران خان وزیر اعظم بن گئے۔ سب کچھ ٹھیک چل رہا تھا لیکن 2019ء میں جب عمران خان نے جنرل باجوہ سے کہا کہ ڈی جی آئی ایس آئی جنرل عاصم منیر کو ہٹایا جائے۔ جس پر جنرل باجوہ صاحب نے پہلی مرتبہ خطرے کی لائن کراس ہوتے دیکھی مگر خاموشی اختیار کر لی۔ عمران خان بضد رہے اور جنرل باجوہ کو نہ چاہتے ہوئے بھی ان کا فیصلہ ماننا پڑا۔ عمران خان نے اس کے چند ہفتوں کے اندر ساری پی ڈی ایم قیادت کو جیل میں ڈال دیا۔ ملک میں سیاسی بحران پیدا ہو گیا اپوزیشن پر عرصہ حیات تنگ کر دیا گیا ملک کی ساری انتظامی مشینری اور دولت اپوزیشن کو دیوار سے لگانے پر صرف ہو گئی جس کے نتیجے میں ملک کی معیشت بیٹھ گئی۔ فروری 2021ء میں فیصلہ ہوا کہ پاک فوج کا سیاست سے پیچھے ہٹ جانا ہی ملک کے مفاد میں ہے۔ تمام آفیسرز کو ہدایات جاری کر دی گئیں کہ ہم نیوٹرل ہو رہے ہیں لیکن عمران خان کچھ اور ہی پلان بنا رہے تھے۔ آرمی چیف کو وزیر اعظم عمران خان کی اگلے دس سال کی پلاننگ کی ٹھوس ثبوت فائل پیش کی گئی۔ اسی دوران جنرل ندیم انجم کو ڈی جی آئی ایس آئی بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔ عمران خان درست فرمایا کرتے تھے کہ آرمی چیف جنرل قمر باجوہ میں بہت برداشت اور صبر ہے۔ جب خان کے دس سالہ پلان پر پانی پھر گیا تو وہ جنرل باجوہ سے بگڑ گئے جس سے اس مقولہ کی حقانیت سامنے آ گئی کہ "جس پر احسان کرو اس کے شر سے بچو"..... خدارا، اپنی افواج کی قدر کرنا سیکھیے آج فلسطین، لیبیا، لبنان اور اب شام میں جو کچھ ہو رہا ہے کیا وہ ہماری آنکھیں کھولنے کے لئے کافی نہیں ہے؟؟؟ اندرونی اور بیرونی دشمن مل کر اس وقت پاکستان پر حملہ آور ہیں۔ ہمارا حال بھی ان ملکوں سے مختلف نہ ہوگا اگر ہم نے ہوش کے ناخن نہ لیے تو۔۔۔ اپنی اور اپنے ملک کی حفاظت کے لئے اپنی روزانہ کی بنیادوں پر قربانیاں دینے والی افواج کو کمزور مت کریں کیونکہ اس میں نقصان صرف پاکستان کا ہے۔

قوت
SPORTS
PAKISTAN

ریڈ بال کوچ جیسن گلیسپی مستعفی، عاقب جاوید عبوری ہیڈ کوچ مقرر

پاکستان ٹیم اس وقت جنوبی افریقہ میں تین میچوں کی ٹی ٹوئنٹی سیریز کھیل رہی ہے جس کے بعد تین ون ڈے میچوں کی سیریز کھیلی جائے

لاہور (این این آئی) پاکستان مینز کرکٹ ٹیم کے کے ریڈ بال کوچ جیسن گلیسپی نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے ریڈ بال کے ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی کے استعفے کے بعد عاقب جاوید کو پاکستان کرکٹ ٹیم کا عبوری ریڈ بال ہیڈ کوچ مقرر کر دیا۔ پی سی بی کے مطابق ریڈ بال کے ہیڈ کوچ کے طور پر عاقب کی پہلی اسائنمنٹ جنوبی افریقہ کے خلاف جاری آل فارمیٹ ٹور کے دوران دو میچوں کی ٹیسٹ سیریز ہوگی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان پہلا ٹیسٹ 26 سے 30 دسمبر تک سنچورین کے سپر اسپورٹ پارک میں کھیلا جائے گا۔ دوسرا ٹیسٹ 3 سے 7 جنوری تک کیپ ٹاؤن کے نیو لینڈز کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلا جائے گا۔ پاکستان ٹیم اس وقت جنوبی افریقہ میں تین میچوں کی ٹی ٹوئنٹی سیریز کھیل رہی ہے جس کے بعد تین ون ڈے میچوں کی سیریز کھیلی جائے گی۔ علم میں رہے کہ پاکستان مینز کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی نے جنوبی افریقہ جانے سے انکار کر دیا تھا۔ جیسن گلیسپی نے ٹم نیلسن کے معاہدے میں توسیع نہ ہونے پر جنوبی افریقہ نہ جانے کا فیصلہ کیا۔ ذرائع کے مطابق انہوں نے ذاتی وجوہات کی بنا پر جنوبی افریقہ نہ جانے کا بورڈ کو بتایا ہے۔ خیال رہے کہ جیسن گلیسپی کو کل جنوبی افریقہ پہنچنا تھا، جہاں انہیں جنوبی افریقہ میں پری ٹیسٹ کیمپ کی نگرانی کرنا تھی۔

قومی ٹیم کے آل راؤنڈر عماد وسیم پھر انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائر

پاکستان کی نمائندگی کرنا میری زندگی کا بہت بڑا اعزاز ہے، عماس وسیم

لاہور (شہروز میاں سے) قومی ٹیم کے آل راؤنڈر عماس وسیم نے ایک مرتبہ پھر انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر جاری کردہ اپنے پیغام میں آل راؤنڈر عماد وسیم نے لکھا کہ بڑی سوچ بچار کے بعد انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا فیصلہ کیا ہے، پاکستان کی نمائندگی کرنا میری زندگی کا بہت بڑا اعزاز ہے۔ عماد وسیم نے اپنی پوسٹ میں مزید لکھا کہ میں ڈومیسٹک اور فرنچائز کرکٹ میں اپنا سفر جاری رکھوں گا۔ یاد رہے کہ عماد وسیم نے ٹی 20 ورلڈ کپ سے قبل ریٹائرمنٹ واپس لی تھی۔ قومی ٹیم کے آل راؤنڈر عماس وسیم نے ایک مرتبہ پھر انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر جاری کردہ اپنے پیغام میں آل راؤنڈر عماد وسیم نے لکھا کہ بڑی سوچ بچار کے بعد انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا فیصلہ کیا ہے، پاکستان کی نمائندگی کرنا میری زندگی کا بہت بڑا اعزاز ہے۔

22 سالہ انٹرنیشنل فٹبالر کار حادثے میں زخمی ہونے کے ایک ماہ بعد چل بسا

فٹبالر مارکو انگولو 7 اکتوبر کو کوئٹو میں پیش آنے والے کار حادثے میں شدید زخمی ہوئے تھے

کوئٹو (این این آئی) جنوبی امریکی ملک ایکواڈور کے انٹرنیشنل فٹبالر مارکو انگولو کار حادثے میں شدید زخمی ہونے کے ایک ماہ بعد چل بسے۔ برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی کے مطابق 22 سالہ نوجوان فٹبالر مارکو انگولو 7 اکتوبر کو ایکواڈور کے دارالحکومت کوئٹو میں پیش آنے والے کار حادثے میں شدید زخمی ہوئے تھے۔ حادثے کے بعد مارکو ایک ماہ سے زائد عرصے تک اسپتال میں زیر علاج رہے اور اب ان کے کلب نے فٹبالر کی موت کا اعلان کیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق پیر کی رات انتقال کرنے سے پہلے نوجوان فٹبالر کے کئی آپریشن کیے گئے تھے، وہ ایک ہفتے سے آئی سی یو میں تھے۔ واضح رہے کہ مارکو انگولو نے نومبر 2022 میں ایکواڈور کے لیے اپنا ڈیبیو کیا تھا۔

ویمنز انڈر 19 ایشیا کپ، پاکستانی ٹیم کپتان ضوفشاں ایاز کی قیادت میں ملائیشیا روانہ

کراچی (این این آئی) ویمنز انڈر 19 ایشیا کپ کے سلسلے میں پاکستانی ٹیم کپتان ضوفشاں ایاز کی قیادت میں ملائیشیا روانہ ہوگئی۔ قومی ٹیم غیر ملکی پرواز سے کراچی سے براستہ دبئی ملائیشیا روانہ ہوئی۔ پاکستانی ٹیم جیت کیلئے پرعزم ہے۔ کپتان ضوفشاں ایاز کہتی ہیں کہ ٹورنامنٹ کیلئے بھرپور تیاری کی ہے۔ تمام کھلاڑی پرجوش ہیں اور انشاء اللہ اچھی کارکردگی دکھائیں گی۔ ہیڈ کوچ محسن کمال کا کہنا تھا کہ انڈر 19 ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ کیلئے بہترین کھلاڑیوں کا انتخاب کیا گیا ہے۔ کھلاڑیوں کا مورال بلند ہے۔ ٹیم سے اچھی کارکردگی کی امید ہے۔ واضح رہے کہ ویمنز انڈر 19 ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ 15 دسمبر سے 22 دسمبر تک ملائیشیا کے شہر کوالالمپور میں کھیلا جائے گا۔

جنوبی افریقہ کی پچز ہائی اسکورنگ، کم سے کم رنز دینے کی کوشش کریں گے، حارث رؤف

جوہانسبرگ (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر حارث رؤف نے کہا ہے کہ جنوبی افریقہ کی پچز ہائی اسکورنگ ہیں، بولنگ یونٹ کے لحاظ سے کوشش کریں گے کہ کم سے کم اسکور دیں۔ جوہانسبرگ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حارث رؤف کا کہنا تھا کہ پہلے میچ میں کافی غلطیاں ہوئیں، اس پر بات چیت ہوئی۔ انکا کہنا تھا کہ سیریز کا اہم میچ ہے، جیتنے کی کوشش کریں گے۔ کوشش کریں گے کہ میچ میں اپنا بیسٹ دیں۔ حارث رؤف نے کہا کہ یہاں کی پچز ہائی اسکورنگ ہیں، بولنگ یونٹ کے لحاظ سے کوشش کریں گے کہ کم سے کم اسکور دیں۔ آئی سی سی ایوارڈ ملنے پر حارث رؤف کا کہنا تھا کہ آئی سی سی پلیئر آف دی منتھ ہونے پر اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں۔

میرا ہدف ورلڈ ریکارڈ قائم کرنا ہے: ارشد ندیم

کنڈیشننگ سیشن جاری ہے، ارشد ندیم کے مسلز کو مضبوط کیا جا رہا ہے

لاہور: (ویب ڈیسک) پیرس اولمپکس 2024 کے گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم نے کہا ہے کہ اولمپکس کا ریکارڈ قائم کیا اب میرا ہدف ورلڈ ریکارڈ قائم کرنا ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے ارشد ندیم نے کہا ہے کہ 4 ماہ کے وقفے کے بعد ٹریننگ کا آغاز کر دیا ہے، فٹنس پر توجہ ہے، جلد بھرپور پریکٹس بھی شروع کر دوں گا۔ ان کا کہنا ہے کہ آئندہ سال اہم ایونٹس آ رہے ہیں، بھرپور تیاری کے ساتھ شریک ہوں گا، 2025 میں بھی کامیابی حاصل کرنا ہدف ہے، ایشین ایتھلیٹکس، ڈائمنڈ لیگز اور ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں شرکت کروں گا۔ دوسری جانب ارشد ندیم کے کوچ سلمان اقبال بٹ کا کہنا ہے کہ کنڈیشننگ سیشن جاری ہے، ارشد ندیم کے مسلز کو مضبوط کیا جا رہا ہے۔

جنوبی افریقہ کیخلاف دوسرے ٹی 20 کیلئے ٹیم پاکستان میں ایک تبدیلی

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) پاکستان نے جنوبی افریقہ کے خلاف دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ کیلئے پلیئنگ الیون کا اعلان کر دیا۔ قومی ٹیم میں ایک تبدیلی کی گئی ہے، اسپنر سفیان مقیم کی جگہ فاسٹ بولر جہانداد خان کو شامل کیا گیا ہے۔ ٹیم میں محمد رضوان (کپتان)، بابر اعظم، صائم ایوب، عثمان خان، طیب طاہر، عرفان خان، عباس آفریدی، شاہین شاہ آفریدی، جہانداد خان، حارث روف اور ابرار احمد شامل ہیں۔ سیریز میں جنوبی افریقہ کو ایک۔ صفر کی برتری حاصل ہے، جنوبی افریقہ نے پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ میں پاکستان کو 11 رنز سے شکست دی تھی۔

پاکستان کیخلاف ون ڈے سیریز سے جنوبی افریقا کا اہم کھلاڑی باہر

جوہانسبرگ (این این آئی) پاکستان کے خلاف ون ڈے سیریز سے جنوبی افریقا کا اہم کھلاڑی باہر ہو گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جنوبی افریقا کے فاسٹ بولر اینرک نورکیا پیر کی چوٹ کے باعث پاکستان کے خلاف وائٹ بال سیریز سے باہر ہو گئے ہیں۔ علاوہ ازیں جنوبی افریقا نے پاکستان کے خلاف 3 ون ڈے انٹرنیشنل کی سیریز کے لیے 15 رکنی اسکواڈ کا اعلان کر دیا ہے، ٹیم کی قیادت ٹیمبا باوما کریں گے۔ جنوبی افریقا نے اس ون ڈے سیریز کے لیے اپنے سب سے مضبوط اسکواڈ کا انتخاب کیا ہے۔ اسکواڈ میں ٹیمبا باوما (کپتان)، اوٹنیل بارٹمین، ٹونی ڈی زورزی، مارکو جانسن، ہینرک کلاسن (وکٹ کیپر)، کیشو مہاراج، کوینا مافاکا، ایڈن مارکرم، ڈیوڈ ملر، اینڈائل، کاگیسو ربادا، ٹریستان اسٹبس، ریان ریکلٹن، تبریز شمسی اور ریسی وان ڈر ڈوسن شامل ہیں۔

بھارت کیخلاف تیسرا ٹیسٹ، آسٹریلیا کی پلیئنگ الیون میں 1 تبدیلی

سڈنی (این این آئی) بھارت کے خلاف تیسرے ٹیسٹ میچ کے لیے آسٹریلیا کی جانب سے پلیئنگ الیون میں ایک تبدیلی کی گئی ہے۔ اسکاٹ بولینڈ کی جگہ فاسٹ بولر جوش ہیزل ووڈ کی واپسی ہوئی ہے۔

اسٹار کرکٹرز کے معاملے پر فرنچائزز ہی ایک دوسرے کے آمنے سامنے آگئیں

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) اسٹار غیر ملکی کرکٹرز کے معاملے پر پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) فرنچائزز آمنے سامنے آنے لگیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 10 کا انعقاد 8 اپریل سے 19 مئی کے درمیان ہوگا، نئے سی ای او سلمان نصیر نے اپنی موجودگی کا احساس دلانے کیلئے آن لائن میٹنگز وغیرہ کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) چاہتا ہے کہ آئی پی ایل کیلئے منتخب نہ ہونے والے اسٹار کرکٹرز کو پاکستان مدعو کیا جائے، پی ایس ایل میں کسی کھلاڑی کے زیادہ سے زیادہ معاوضے کی حد 2 لاکھ ڈالر ہوتی ہے، البتہ بورڈ اور بعض فرنچائزز کو خدشہ ہے کہ اتنے معاوضے میں شاید بڑے غیر ملکی اسٹارز نہ آئیں، براہ راست معاہدوں کی تجویز کچھ عرصے قبل ٹیموں نے مسترد کر دی تھی، اب ایجنٹس سے بات چیت کا اختیار دینے کا امکان ہے۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ کئی غیر ملکی کرکٹرز کے ایجنٹس نے فرنچائزز سے رابطہ کر کے معاوضوں کا استفسار کیا ہے بعض ٹیمیں اس طریقہ کار کی مخالف اور چاہتی ہیں کہ بڑے کھلاڑی بھی ڈرافٹ کا حصہ بنیں البتہ بورڈ چند پلیئرز سے پہلے ہی معاہدوں کے حق میں ہے۔

پی ایس ایل کے 10 ویں ایڈیشن کیلئے غیر ملکی کھلاڑیوں کی رجسٹریشن کا عمل شروع

سپر لیگ کے 10 ویں ایڈیشن کیلئے غیر ملکی کھلاڑیوں کی رجسٹریشن ونڈو کے ساتھ ساتھ ٹریڈ ونڈو اب کھل گئی ہے

لاہور (این این آئی) ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ کے 10ویں ایڈیشن کے لیے غیر ملکی کھلاڑیوں کی رجسٹریشن کا عمل شروع ہوگیا۔ ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ کے 10ویں ایڈیشن کے لیے غیر ملکی کھلاڑیوں کی رجسٹریشن ونڈو کے ساتھ ساتھ ٹریڈ ونڈو اب کھل گئی ہے۔ کھلاڑیوں کی کیٹیگری کی تجدید کا اعلان منگل 17 دسمبر کو کیا جائے گا۔ کھلاڑیوں کی ریٹیکیشن اور ریٹینشن کا عمل رواں ماہ کے دوران کیا جائے گا۔ پی ایس ایل پلیئرز کا ڈرافٹ 11 جنوری 2025 کو ہونا ہے۔ ڈرافٹ کے مقام اور وقت کا اعلان مقررہ وقت پر کیا جائیگا۔ ایچ بی ایل پی ایس ایل کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سلمان نصیر کا کہنا ہے کہ ہم غیر ملکی کھلاڑیوں کے ساتھ ساتھ ٹریڈ ونڈو کے لیے رجسٹریشن کے عمل کو کھولنے کا اعلان کرتے ہوئے بہت خوش ہیں۔ یہ ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ کے 10 ویں ایڈیشن کی تیاریوں کا ایک دلچسپ آغاز ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر سلمان نصیر نے کہا کہ پی ایس ایل ایک ایسا برانڈ ہے جس پر ہم سب کو فخر ہے۔ 2016 میں اپنے قیام کے بعد سے اپنے فرنچائز مالکان، تجارتی شراکت داروں اور اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر ہم نے ایک طویل اور کامیاب سفر کا آغاز کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تاریخی 10 واں سیزن سب کے لیے مزید جوش و خروش لانے کا وعدہ کرتا ہے اور ایچ بی ایل پی ایس ایل ٹیم شائقین کو بے مثال تجربات فراہم کرنے کے لیے انتھک محنت کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

چیمپئنز ٹرافی ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں ہونے جا رہی؟ نئی پیش رفت سامنے آگئی

ایونٹ کو روایتی ون ڈے فارمیٹ سے تبدیل کر کے ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں کرائے جانے کا امکان ہے، بھارتی میڈیا کا دعویٰ

دبئی (این این آئی) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے تنازعے کی گتھی تاحال سلجھ نہ سکی اور ڈیڈلاک برقرار ہے جبکہ پاکستان نے آئی سی سی اور بھارتی بورڈ کو اپنا موقف کھل کر بتا دیا ہے۔ بھارت نے سکیورٹی خدشات کے پیش نظر ٹیم پاکستان بھیجنے سے انکار کر دیا تھا جبکہ پاکستان بھی اپنے موقف پر قائم ہے۔ جس کی وجہ سے ایونٹ کا شیڈول بھی ابھی تک جاری نہیں کیا گیا۔ گزشتہ دنوں پاکستان کرکٹ بورڈ نے چیمپئنز ٹرافی کے تنازعے کے دیرپا حل کیلئے پارٹنرشپ فارمولا پیش کیا تھا جس کے مطابق پاکستان اور بھارت دونوں ممالک ایک دوسرے کے ملک میں کوئی ایونٹ نہیں کھیلیں گے۔ یہ فارمولا چیمپئنز ٹرافی سے لاگو ہوگا اور 3 برس تک رہے گا جس کے تحت بھارت دبئی میں میچز کھیلے گا اور پاکستان بھی اگلے 3 سال تک اپنے تمام میچز دبئی میں کھیلے گا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کو بھارتی کرکٹ بورڈ یا آئی سی سی سے اس فارمولے پر تاحال کوئی باضابطہ جواب نہیں ملا ہے۔ تاہم اب بھارتی میڈیا کی جانب سے ایک اور پیش رفت سامنے آئی ہے کہ چیمپئنز ٹرافی جو ون ڈے فارمیٹ میں ہونی ہے، وہ اب ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں کھیلی جا سکتی ہے۔ بھارت کی کرکٹ ویب سائٹ کرک بز کے مطابق چیمپئنز ٹرافی کے تنازعے کے حل میں تاخیر کی وجہ سے ایونٹ کو روایتی ون ڈے فارمیٹ سے تبدیل کر کے ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں کرائے جانے کا امکان ہے۔ یہ ممکنہ تبدیلی ون ڈے کرکٹ کی گرتی ہوئی مقبولیت اور شائقین میں ٹی ٹوئنٹی میچز کی بڑھتی ہوئی پسندیدگی کے باعث کی جا سکتی ہے۔ البتہ اس حوالے سے ابھی تک کوئی واضح فیصلہ نہیں ہوا ہے۔ واضح رہے کہ چیمپئنز ٹرافی 2025 کی میزبانی پاکستان کے پاس ہے۔



شادی کے بعد فیملی پلاننگ بہت ضروری ہے، اداکارہ نیمل خاور

حمزہ کیساتھ کم عمری میں شادی کرنا اور پھر مصطفیٰ کی پیدائش پر میری کسی قسم کی پلاننگ نہیں تھی

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ نیمل خاور نے کہا ہے کہ شادی کے بعد فیملی پلاننگ بہت ضروری ہے، انہوں نے تمام تر توجہ اپنی فیملی کو دینی شروع کر دی ہے۔ ایک انٹرویو کے دوران گفتگو کرتے ہوئے نیمل خاور کا کہنا تھا کہ حمزہ کیساتھ کم عمری میں شادی کرنا اور پھر مصطفیٰ کی پیدائش پر ان کی کسی قسم کی پلاننگ نہیں تھی، بس میں بچوں کو پسند کیا کرتی تھیں۔ انہوں کا کہنا تھا کہ شادی کے بعد فیملی کو ترجیح دینے کے فیصلے پر میری اپنی ذاتی شناخت کافی متاثر ہوئی ہے، میں مصوری کرنا تک بھول چکی تھی۔ اداکارہ کا مزید کہنا تھا کہ شادی کے بعد فیملی پلاننگ لازمی ہونی چاہیے اسی لیے حمزہ اور میں نے یہ فیصلہ کیا کہ حمزہ شوبز میں کام کریں گے اور میں گھر کی ذمہ داریاں نبھاؤں گی۔ نیمل خاور نے کہا کہ حمزہ بہت سپورٹ کرنے والے شوہر ہیں، ماں باپ کے تعلقات کا اولاد پر گہرا اثر پڑتا ہے، جب بچہ دیکھتا ہے کہ اس کے ماں باپ لڑ رہے ہیں تو اس کے ذہن پر غلط اثر پڑتا ہے۔

ہیرو اور ہیروئن کا تعلق عمر سے نہیں کردار سے ہوتا ہے، ہمایوں سعید

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کے سینئر اداکار ہمایوں سعید نے کہا ہے کہ ہیرو اور ہیروئن کا تعلق عمر سے نہیں کردار سے ہوتا ہے۔ سینئر اداکار ہمایوں سعید نے ایک تقریب میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں ہیرو اور ہیروئن سے متعلق الگ تصورات پائے جاتے ہیں، باقی ممالک اور خصوصی طور پر مغربی ممالک میں ایسا نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ درحقیقت ہیرو اور ہیروئن کا عمر سے کوئی تعلق نہیں ہوتا لیکن ہمارے ہاں یہ خیال کیا جاتا ہے کہ ہیرو وہ ہوتا ہے جس کے ساتھ کم عمر ہیروئن آئے گی۔ ہمایوں سعید کا کہنا تھا کہ بالی ووڈ میں آج بھی 65 سال یا اس سے زائد عمر ہونے کے باوجود ڈینزل واشنگٹن یا کیبن کاسنر بطور ہیرو آتے ہیں، اسی طرح میرل سٹریپ بھی ہیروئن کے طور پر آتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی کردار کے طور پر کاسٹ کرنے کا فیصلہ ہدایت کار یا پروڈیوسر کرتے ہیں جو پہلے یہ دیکھتے ہیں کہ کون سا اداکار یا اداکارہ ایسی ہے جو کہ ان کی توقعات پر پورا اترے گی۔

اکشے کمار فلم 'ہاؤس فل 5' کی شوٹنگ کے دوران زخمی ہو گئے

ممبئی (این این آئی) مشہور بالی ووڈ اداکار اکشے کمار فلم 'ہاؤس فل 5' کے سیٹ پر پیش آئے حادثے میں زخمی ہو گئے، ان کی آنکھ پر چوٹیں آئی ہیں۔ بھارتی میڈیا نے ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ اکشے ایک اسٹنٹ کر رہے تھے کہ اچانک ایک چیز اڑتی ہوئی ان کی آنکھ میں جا لگی۔ سیٹ پر فوری طور پر ایک ماہر امراض چشم کو بلایا گیا جنہوں نے ان کی آنکھ پر پٹی باندھی اور انہیں آرام کرنے کی ہدایت دی۔ رپورٹ کے مطابق اکشے کے ساتھ حادثے کے باوجود فلم کی عکسبندی دیگر اداکاروں کے ساتھ جاری رہی۔ اکشے کمار اپنی چوٹ کے باوجود جلد از جلد سیٹ پر واپس آنے کیلئے پرعزم ہیں تاکہ فلم کی شوٹنگ میں مزید تاخیر نہ ہو کیونکہ فلم تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔

امریکی گلوکارہ میگھن ٹرینر بوٹوکس کی وجہ سے وہ مسکرانے سے محروم ہوگئیں

نیویارک (این این آئی) امریکی گلوکارہ میگھن ٹرینر نے انکشاف کیا ہے کہ بوٹوکس کی وجہ سے وہ مسکرانے سے محروم ہو گئی ہیں۔ امریکی میڈیا کے مطابق ایک انٹرویو کے دوران 30 سالہ میگھن ٹرینر نے کہا ہے کہ مجھے کسی نے اس حوالے سے خبردار نہیں کیا، میں نے جو چیز کرائی اسے 'لپ فلپ' کہتے ہیں اور میں نے پہلی مرتبہ کرایا۔ گلوکارہ نے کہا کہ مجھے کہا گیا کہ یہ ہر کوئی پسند کرتا ہے، آپ کو بھی اپنے چھوٹے ہونٹ پسند آئیں گے لیکن یہ مجھے اچھا نہیں لگا کیونکہ میں مسکرا نہیں سکتی تھی۔ انہوں نے کہا کہ یہ سب سے تکلیف دہ چیز تھی، مجھے کسی نے اس حوالے سے خبردار نہیں کیا۔ میں نے اپنے جبڑے میں بوٹوکس کرایا تھا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اس سے قبل ایک پوڈکاسٹ میں میگھن ٹرینر نے بوٹوکس کرانے کا اعتراف کیا تھا۔

پاکستانیوں نے ارطغرل غازی کو دنیا بھر میں مقبول بنایا: انگین آلتان کا بیان

جدہ (این این آئی) شہرہ آفاق ترک ڈرامہ سیریل ارطغرل غازی کے مرکزی کردار انگین آلتان نے 'ارطغرل غازی' کی عالمی شہرت کا سہرا پاکستان اور پاکستان کے لوگوں کے سر سجا دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انگین آلتان نے حال ہی میں سعودی عرب میں منعقد ہونے والے ریڈ سی انٹرنیشنل فلم فیسٹیول میں شرکت کی۔ ریڈ سی انٹرنیشنل فلم فیسٹیول کے دوران کی گئی گفتگو میں انگین آلتان کا کہنا تھا کہ ڈرامہ سیریل 'ارطغرل غازی' پر ناظرین نے خاص توجہ دی لیکن اس ڈرامے کو ترکیے اور دنیا بھر کے شائقین کے برعکس پاکستانی شائقین سے زیادہ محبت ملی۔ انگین آلتان کا کہنا تھا کہ ڈرامہ سیریل 'ارطغرل غازی' دنیا بھر میں بالخصوص پاکستان میں بے حد مقبول رہی۔

سائرہ یوسف نے دوبارہ شادی سے متعلق اپنا ارادہ بتا دیا

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ سائرہ یوسف نے دوسری شادی کرنے کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کر دیا۔ سائرہ یوسف نے حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے طلاق کے بعد خواتین پر دوسری شادی کرنے کے دباؤ کے بارے میں بات کی۔ انہوں نے بتایا کہ حال ہی میں ہمارے ملک میں طلاق کی شرح بڑھی ہے تو میرا خیال ہے کہ اب ہمارے بڑے اور کم سے کم میرے والدین تو اس بات کو قبول کر چکے ہیں کہ انسان کے لیے ایک رشتہ ختم کرنے کے فوراً بعد نئی زندگی شروع کرنا آسان نہیں ہوتا تو مجھ پر دوسری شادی کرنے کا کوئی دباؤ نہیں ہے۔ اداکارہ نے اس بات کا اعتراف کیا کہ معاشرے کی طرف سے خواتین پر دوسری شادی کرنے کا دباؤ اب بھی اس لیے ڈالا جاتا ہے کیونکہ کسی بھی انسان کے لیے زندگی اکیلے گزارنا آسان نہیں ہے اور ہمارے معاشرے میں عورت کی زندگی میں مرد کی موجودگی کی اہمیت بھی بہت زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان حقائق کے باوجود بھی اب ایسا لگتا ہے کہ ہمارے معاشرے میں لوگ اس بات کو قبول کرنا شروع ہو گئے ہیں کہ اگر کوئی عورت پہلی شادی کے ناکام ہونے کے بعد دوسری شادی نہیں کرنا چاہتی تو بھی کوئی مسئلہ نہیں ہے۔

ہرناز سندھو بالی ووڈ میں انٹری دینے کو تیار

ہرناز سندھو آنے والی فلم 'باغی 4' سے بالی ووڈ میں انٹری دیں گی

ممبئی (این این آئی) سابق 'مس یونیورس' ہرناز سندھو بالی ووڈ میں انٹری دینے کو تیار ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ہرناز سندھو آنے والی فلم 'باغی 4' سے بالی ووڈ میں انٹری دیں گی۔ اس حوالے سے انہوں نے سوشل میڈیا پر مداحوں کو اطلاع دی اور بھرپور خوشی کا اظہار بھی کیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فلم 'باغی 4' رومانس اور ایکشن سے بھرپور فلم ہے جس میں ٹائیگر شیروف مرکزی کردار نبھا رہے ہیں۔ ہرناز سندھو نے 2021 میں 21 سال کی عمر میں 'مس یونیورس' کا ٹائٹل اپنے نام کیا تھا۔ یہ اعزاز بھارت کی ہرناز کور سندھو نے 79 ممالک کی حسیناؤں کو پیچھے چھوڑ کر اپنے نام کیا تھا اور ساتھ ہی وہ مس یونیورس کا خطاب جیتنے والی تیسری ہندوستانی لڑکی بھی بن گئی تھیں۔ ان سے قبل 21 سال پہلے اداکارہ لارا دتہ نے 2000 میں اور اداکارہ سشمیتا سین نے 1994 میں بھارت کو مس یونیورس کا خطاب دلایا تھا۔

اداکارہ پریانکا چوپڑا کی بالی ووڈ کی واپسی کی تیاری

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ پریانکا چوپڑا جونس کے بارے میں اطلاعات ہیں کہ وہ بالی ووڈ میں واپس آ رہی ہیں۔ اس حوالے سے بھارتی میڈیا کا کہنا ہے کہ 42 سالہ پریانکا نے بالی ووڈ میں اپنے کم بیک کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ وہ بالی ووڈ میں ڈانسنگ کو بہت مس کرتی ہیں۔ واضح رہے کہ پریانکا چوپڑا نے اپنے کیریئر کا آغاز اور شہرت ممبئی کی فلم انڈسٹری سے حاصل کی اور اپنے لیے مستحکم اور مستقل جگہ بنائی، لیکن اسکے بعد ان کی توجہ مغرب کی جانب مبذول ہوئی اور وہ امریکن ٹی وی سیریز اور ہالی ووڈ فلموں میں نظر آنے لگیں اور وہ ایک گلوبل آئیکون بن گئیں۔ اس سے قبل انھوں نے امریکی گلوکار و اداکار نک جونس سے دسمبر 2018 میں شادی کی اور بعدازاں امریکا منتقل ہوگئیں۔ انکی آخری ہندی فلم دی وائٹ ٹائیگر (2021) تھی جس میں وہ آدرش گورو اور راجکمار راو؟ کے ساتھ نظر آئیں۔ جس کے بعد سے انھوں نے کسی ہندی فلم میں کام نہیں کیا، فلم بین ان کی کمی محسوس کرتے ہیں۔ اب اطلاع یہ ہے کہ وہ 2025 کی ہندی فلم میں کام کرینگی، اس حوالے سے جدہ میں منعقدہ ریڈ سی فلم فیسٹیول میں گفتگو کے دوران انکا کہنا تھا کہ وہ جلد ہی ایک بھارتی فلم سائن کرنے والی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ میں کہیں بھی چلی جاؤں میری جڑیں وہی ہیں، یہ میرے خاندان کا حصہ ہے، جہاں میری پرورش ہوئی۔ بھارتی فلمیں ہمیشہ میرے دل کا حصہ ہیں۔

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت و تجارت نیوز



معیشت نامہ

16 دسمبر سے پانچ روزہ انسداد پولیو مہم شروع کی جائیگی

غفلت یا لاپرواہی کا مظاہرہ کیا گیا تو سخت محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی، ڈپٹی کمشنر

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے کہا ہے کہ ضلع بھر میں 16 دسمبر سے پانچ روزہ انسداد پولیو مہم شروع کی جائیگی۔ انسداد پولیو مہم کے دوران پانچ سال تک کی عمر کے دو لاکھ 38 ہزار 551 بچوں کو حفاظتی قطرے پلائے جائینگے۔ اس مہم کے لیے محکمہ صحت کی جانب سے 998 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جو سکولوں، بس اڈوں، ریلوے اسٹیشن، عوامی مقامات اور گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائینگی۔ انسداد پولیو مہم کے انتظامات کے جائزہ کے سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ظہیر احمد، ڈی ایچ او ڈاکٹر فائق علی تارڑ، ڈبلیو ایچ او کے نمائندہ ڈاکٹر توقیر احمد سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے محکمہ صحت کی ٹیموں اور دیگر افسران کو ہدایت کی کہ پانچ روزہ انسداد پولیو مہم میں بغیر کسی غفلت، لاپرواہی تمام ٹارگٹڈ بچوں کو حفاظتی قطرے ضرور پلائے جائیں اور اگر کسی ٹیم کی جانب سے غفلت یا لاپرواہی کا مظاہرہ کیا گیا تو انکے خلاف سخت محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔ ڈپٹی کمشنر نے مقامی علمائے کرام، میڈیا کے نمائندوں اور سوسائٹی کے دیگر سرکردہ افراد سے اپیل کی کہ اپنے بچوں کے صحت مند روشن اور محفوظ مستقبل کے لیے انہیں پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے ضرور پلانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ اجلاس میں سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ظہیر احمد نے بتایا کہ 16 دسمبر سے 20 دسمبر تک جاری پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کے دوران پانچ سال تک کی عمر کے دو لاکھ 38 ہزار 551 بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کیلئے 915 موبائل 49 فکسڈ 34 ٹرانزٹ ٹیموں سمیت مجموعی طور پر 998 ٹیمیں فیلڈ میں رہتے ہوئے اپنے فرائض سرانجام دینگی۔

تعلیم صرف نصابی کتب تک محدود نہیں ہوتی، پروفیسر ڈاکٹر نذیر احمد ظفر

ذہین اور متوازن شخصیت صرف کتابوں کے ذریعے نہیں بنتی، تقریب سے خطاب

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کسی بھی قوم کی ترقی کا اندازہ وہاں کی تعلیمی صورتحال اور نوجوان نسل کی ذہنی و جسمانی تربیت سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے۔ کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد، ساہیوال کیمپس میں منعقدہ سٹوڈنٹ ویک 2024 کی اختتامی تقریب میں ڈائریکٹر کامسیٹس، پروفیسر ڈاکٹر نذیر احمد ظفر نے کہا کہ تعلیم صرف نصابی کتب تک محدود نہیں ہوتی، بلکہ ہم نصابی سرگرمیاں طلباء کی مکمل شخصیت سازی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ سٹوڈنٹ ویک کے دوران طلباء وطالبات نے کھیلوں، ثقافتی تقاریب، اور دیگر غیر نصابی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اختتامی تقریب کو خصوصی طور پر پنجاب کلچرل ڈے کے طور پر منایا گیا، جس میں روایتی ملبوسات، ثقافتی رقص، اور ڈرامائی پرفارمنسز پیش کی گئیں۔ تقریب میں سول سوسائٹی، اساتذہ، صحافیوں، اور طلباء کے والدین نے بھی بھرپور شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر نذیر احمد ظفر نے کہا ذہین اور متوازن شخصیت صرف کتابوں کے ذریعے نہیں بنتی، بلکہ غیر نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے نوجوانوں کو سیکھنے، خود اعتمادی بڑھانے، اور قائدانہ صلاحیتوں کو پروان چڑھانے کا موقع ملتا ہے۔ کامسیٹس یونیورسٹی ساہیوال اپنے طلباء کو ایسے مواقع فراہم کرنے میں ہمیشہ پیش پیش رہی ہے۔ انہوں نے طلباء کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی ان کی جسمانی و ذہنی نشوونما کے لیے کھیلوں اور غیر نصابی سرگرمیوں کے مزید مواقع فراہم کرے گی تاکہ نوجوان عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کر سکیں۔ تقریب میں بہترین کارکردگی دکھانے والے طلباء اور منتظمین کو شیلڈز اور اعزازی سرٹیفکیٹس پیش کیے گئے۔ اس کے علاوہ، طلباء نے ڈائریکٹر کے ساتھ یادگاری تصاویر بھی بنوائیں۔ پروفیسر ڈاکٹر نذیر احمد ظفر نے سٹوڈنٹ افیئرز ڈیپارٹمنٹ کے کردار کو سراہتے ہوئے تاکید کی کہ ایسے پروگرام سمسٹر کے دوران بھی جاری رکھے جائیں تاکہ طلباء ہمہ جہت ترقی کر سکیں۔

جھنگ: بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں آج کا بجلی بندش شیڈول

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 8 بجے سے دن 1 بجے تک 16 دسمبر کو ملہوآنہ، جوآنہ، دوسیرا، کوٹ خان، سرگودھا روڈ فیڈرز، صبح 9 بجے سے دن 3 بجے تک ملہوآنہ موڑ، تریموں فیڈرز میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی

ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کا ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے ہمراہ ڈسٹرکٹ ہیڈ ہسپتال میں پولیو مہم کا افتتاح

جھنگ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے ہمراہ ڈسٹرکٹ ہیڈ ہسپتال میں پولیو مہم کا افتتاح کیا اور پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو مرض سے بچا٭ کے دو قطرے پلائے۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر خرم شہزاد بھٹی اور اسسٹنٹ کمشنر عمر سرور سمیت محکمہ صحت کے افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر محکمہ صحت کے افسران نے ڈپٹی کمشنر کو شروع ہونے والی پولیو مہم کے حوالہ سے کیے گئے اقدامات بارے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ پولیو مہم 16 دسمبر سے 20 دسمبر تک جاری رہے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پانچ روزہ پولیو مہم کے دوران پانچ لاکھ 81 ہزار سے زائد بچوں کو قطرے پلائے جائیں گے، 2343 ٹیمیں گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا کہ پولیس کے نوجوان پولیو ٹیموں کے ہمراہ سکیورٹی ڈیوٹی کریں گے۔

بزنس کمیونٹی کے وفد کی صوبائی وزیر بلدیات سے ملاقات

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) بزنس کمیونٹی کے وفد کی صوبائی وزیر بلدیات سے ملاقات وفد نے علاقائی مسائل پر تبادلہ خیال کیا، گذشتہ روز بزنس کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے میاں وسیم احمد، زاہد اقبال مغل، ٹھیکیدار اشہباز احمد چیمہ اور مسلم لیگی رہنما چوہدری سجاد احمد گجر نے ایک وفد کی صورت میں صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق سے ملاقات کی بزنس کمیونٹی کے وفد نے انہیں ڈسکہ شہر کے مسائل سے آگاہ کیا صوبائی وزیر بلدیات نے انہیں ڈسکہ کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کروانے کی یقین دہانی کرائی انہوں نے کہا کہ ڈسکہ شہر میرا گھر ہے علاقہ کے مسائل کے حل کے لئے کام شروع کر دیا گیا ہے جلد ہی ڈسکہ کا دیرینہ سیوریج کا مسئلہ حل ہو جائے گا اس کے علاوہ کالج روڈ، پسرور روڈ، بینک روڈ، وزیر آباد روڈ کی تعمیر کا کام بھی جلد شروع ہو جائے گا۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کی ممبر صوبائی اسمبلی کے ہمراہ تاجروں سے ملاقات

کارپوریشن کی دوکانوں کی بولی میرٹ اور قوانین کے مطابق ہوگی، اعتزاز اسلم مارتھ

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اعتزاز اسلم مارتھ کی ممبران صوبائی اسمبلی ملک قاسم ندیم اور محمد ارشد ملک کے ہمراہ تاجروں سے ملاقات، کارپوریشن کی دوکانوں کی بولی میرٹ اور قوانین کے مطابق ہوگی، دوکاندار بقایاجات کو فوری جمع کروائیں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اعتزاز اسلم مارتھ۔ تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اعتزاز اسلم مارتھ نے ممبران صوبائی اسمبلی ملک قاسم ندیم اور محمد ارشد ملک کے ہمراہ ضلع کونسل ہال میں کارپوریشن کی دوکانوں کو کرایہ پر دینے کے حوالے سے تاجروں سے ملاقات کی۔ اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال رانا اورنگزیب اور چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن شیخ اشفاق احمد بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اعتزاز اسلم مارتھ نے کہا کہ سرکاری دوکانوں کی بولی میرٹ اور قواعد قوانین کے مطابق ہوگی۔ انہوں نے تمام دوکانداروں کو دوکانوں کے کرایہ کے بقایاجات جلد از جلد ادا کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ بقایا کرایہ جات جمع نہ کروانے والے دوکانداروں کو بولی میں شرکت کی اجازت نہیں ہوگی۔ اجلاس میں تاجروں نے کل بقایاجات کا 25 فی صد 25 دسمبر تک جمع کروانے پر رضا مندی ظاہر کی جبکہ 6 جولائی 2025 کو کارپوریشن کی 780 دوکانوں کی نیلامی بھی کی جائے گی۔

جھنگ: ڈی پی او کی جانب سے مکھیانہ میں کھلی کچہری کا انعقاد

فوری اور موثر حل کیلئے ڈی پی او نے پولیس افسران کو احکامات جاری کئے

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کو انکی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کیلئے چوکی مکھیانہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جہاں پر انہوں نے آئی جی پولیس پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کی شکایات اور مسائل سنے کھلی کچہری میں شہریوں نے فرداً فرداً اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں جن کے فوری اور موثر حل کیلئے ڈی پی او نے پولیس افسران کو احکامات جاری کئے شہریوں نے کھلی کچہری میں پولیس کی کارکردگی پر اعتماد کا بھی اظہار کیا ڈی پی او کی طرف سے عوامی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون کے عزم کا اظہار کیا گیا ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا کہ دیہی علاقوں میں چوری کی وارداتوں کی روک تھام کیلئے ٹھیکری پہرے کو فعال رکھا جائے گا۔ منشیات فروشوں کے سہولت کاروں کو کسی صورت نہیں چھوڑا جائے گا۔ ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے۔ جرائم کے خاتمے کیلئے جھنگ پولیس موثر کریک ڈاؤن جاری رکھے ہوئے ہے۔ ڈی پی او نے جرائم کے خاتمے کیلئے پولیس اور عوام کے درمیان بہتر تعلقات قائم رکھنے پر بھی زور دیا۔

1918 زرعی ٹیوب ویل سولر پر منتقل کئے جائیں گے، سید نوید حیدر شیرازی

حکومت 20 ہارس پاور کے ٹیوب ویلز کی سولر پر منتقلی کے لیے 10 لاکھ روپے سبسڈی دے گی

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے خصوصی پروگرام کے تحت گوجرانوالہ اور گجرات ڈویژن میں 1918 زرعی ٹیوب ویل سولر پر منتقل کیے جائیں گے، پروگرام دو سال میں مکمل ہوگا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے منصوبہ کے حوالے سے تفصیلات بتاتے ہوئے کیا، ڈائریکٹر زراعت توسیع گوجرانوالہ ڈاکٹر شکیل احمد نے بریفنگ دی۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے بتایا کہ حکومت پنجاب کی پالیسی کے مطابق 1314 ٹیوب ویلز گوجرانوالہ، سیالکوٹ، وزیر آباد اور نارووال جبکہ 604 ٹیوب ویلز گجرات، حافظ آباد اور منڈی بہاوالدین میں سولر پر منتقل ہوں گے۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے بتایا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق پچاس فیصد بجلی پر چلنے والے جبکہ پچاس فیصد ڈیزل پر چلنے والے ٹیوب ویلز کو سولر پر منتقل کیا جائے گا۔ کمشنر نے بتایا کہ 10 ہارس پاور کے ٹیوب ویل کی سولر پر منتقلی کے لیے حکومت پنجاب 5 لاکھ روپے، 15 ہارس پاور کے ٹیوب ویلز کے لیے ساڑھے 7 لاکھ روپے جبکہ 20 ہارس پاور کے ٹیوب ویلز کی سولر پر منتقلی کے لیے 10 لاکھ روپے سبسڈی دے گی۔

میاں محمد اقبال مدھول نمبردار 43/4L روڈا وفات پا گئے



پاکپتن (محمد عمران جنجوعہ) معروف سیاسی وسماجی شخصیت میاں محمد اقبال مدھول نمبردار 43/4L روڈا وفات پا گئے ہیں نماز جنازہ میں وکلاء۔ صحافی۔ بیوروکریٹس۔ علاقے کی سیاسی وسماجی شخصیات سمیت کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ میاں صاحب بہت ملنسار خوش اخلاق انسان تھے آپ حب الوطنی اور خدمت خلق کے جذبے سے سرشار شخصیت تھے۔ آپ کو اپنے والد محترم میاں خان محمد مدھول کے ساتھ آبائی گاؤں 43/4L کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا ہے ان کے ایصال ثواب کے لئے قل خوانی کا ختم پاک 15 دسمبر بروز اتوار دوپہر 2 بجے 43/4L روڈا میں پڑھا جائے گا

وزیر آباد کا نوجوان ڈاکٹر امریکہ میں ٹریفک حادثہ میں جاں بحق

وزیر آباد (نامہ نگار) وزیر آباد کا نوجوان ڈاکٹر امریکہ میں ٹریفک حادثہ میں جاں بحق۔ امریکہ میں مقیم معروف پاکستانی سینئر ڈاکٹر زاہد فاروق چیمہ، طاہر فاروق چیمہ اور ممتاز سماجی شخصیت رضوان نبی چیمہ کا بھانجا ڈاکٹر توصیف اسلم چیمہ امریکہ میں ٹریفک حادثہ کا شکار ہو کر جاں بحق ہو گئے متوفی ڈاکٹر توصیف چیمہ امریکہ میں مقیم تھے اور ڈاکٹری کے شعبہ سے وابستہ تھے۔ وہ دو روز قبل امریکی ریاست اوکلوہاما کے شہر ایڈمنڈ سٹی میں ہسپتال سے ڈیوٹی کے بعد اپنی رہائش گاہ پر واپس آرہے تھے کہ ان کی کار حادثہ کا شکار ہو گئی جنہیں ہسپتال لے جایا گیا لیکن وہ جانبر نہ ہو سکے جاں بحق ہونے والے نوجوان توصیف اسلم چیمہ کا تعلق نواحی علاقہ کھسرہ سے ہے اور وہ جماعت اسلامی کے راہنما زمان حیدر چیمہ کے کزن ہیں۔

مریدکے: شہر بھر میں منی پٹرول مشینیں شہری خطرے میں

کسی وقت بھی نااہل انتظامیہ کے باعث بڑا سانحہ ہونے کے خدشات منڈلانے لگے

مریدکے (تحصیل رپورٹر) شہر بھر میں منی پٹرول مشینیں شہری خطرے میں تحصیل انتظامیہ و سول ڈیفنس نے معمولی جرمانہ کرنے کی آڑ میں احتیاطی تدابیر کے برعکس کھلی چھوٹ دے دی کسی وقت بھی نااہل انتظامیہ کے باعث بڑا سانحہ ہونے کے خدشات منڈلانے لگے شہریوں کا وزیر اعلیٰ سمیت دیگر ارباب اختیار سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیل کیمطابق مریدکے شہر گلی محلوں میں تحصیل انتظامیہ سول ڈیفنس تھانہ سٹی مریدکے انتظامیہ اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مبینہ ملی بھگت سے ہر طرف منی پٹرول پمپ مشینیں کر دی گئی دوسری جانب جگہ جگہ ایل پی جی گیس بھرنے کا عمل جاری انتظامیہ معمولی جرمانے کرنے کی آڑ میں پٹرول مشینوں اور گیس فلنگ اسٹیشن کو کھلم کھلا چھوٹ دینے لگ پڑی جو بغیر احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کے برعکس ہیں اور کسی وقت بھی کسی بڑے سانحہ کا سبب بن سکتی ہے شہریوں تاجروں رفاحی وسماجی تنظیموں نے ارباب اختیار سے فوری نوٹس لینے غیر قانونی نصف شدہ منی پٹرول پمپ مشینوں اور گیس فلنگ اسٹیشن کیخلاف مقدمات درج کر کے مشینیں ضبط کرنے کا مطالبہ کیا ہے

محکمہ لائیوسٹاک نے جانوروں کیلئے مفت ویکسی نیشن مہم شروع کر دی گئی

موسم سرما کے آغاز میں موسمی امراض سے بچانے کیلئے ویکسی نیشن کی جارہی ہے، ڈاکٹر وحید

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) محکمہ لائیوسٹاک حافظ آباد کی جانب سے گائیں اور چھوٹے جانوروں کو مختلف امراض سے بچانے کے لیے مفت ویکسی نیشن مہم شروع کر دی گئی ہے اور اس سلسلہ میں محکمہ لائیوسٹاک کی خصوصی ٹیمیں شہری اور دیہی علاقوں میں مویشی پال زمینداروں کو آگاہی فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ انکے جانوروں کے علاج معالجہ اور مفت ویکسی نیشن بھی کر رہی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر لائق احمد اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر وحید نے سابق ناظم چودھری امجد پرویز چٹھہ کے ڈیرہ پر محکمہ لائیوسٹاک حکومت پنجاب کی جانب سے چھوٹے جانوروں اور گائیں کو مختلف بیماریوں سے بچانے کیلئے خصوصی ویکسی نیشن مہم کے دوران کیا ان کا کہنا تھا کہ شہری اور دیہی علاقوں میں جانوروں اور بیماریوں سے بچانے کے لیے مویشی پال زمینداروں کو خصوصی آگاہی بھی فراہم کی جارہی ہے تاکہ زمینداروں کے ایک بڑے اثاثہ لائیوسٹاک کو محفوظ بنایا جاسکے۔ محکمہ لائیوسٹاک کے ڈاکٹرز کا کہنا تھا کہ موسم سرما کے آغاز میں گائیں، بکریوں اور بھیڑوں اور دیگر چھوٹے جانوروں کو مختلف موسمی امراض سے بچانے کیلئے محکمہ لائیوسٹاک کی جانب سے مفت ویکسی نیشن مہم شروع کر دی گئی اور اس سلسلہ میں محکمہ لائیوسٹاک کی ٹیمیں شہری اور دیہی علاقوں میں خصوصی آگاہی مہم اور حفاظتی کیمپ لگا کر مویشی پال زمینداروں کو آگاہی فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ جانوروں کا علاج معالجہ بھی کر رہی ہیں۔

گورنمنٹ گرلز ہائی سکول چک نورشاہ: طلباء وطالبات میں مفت سکول یونیفارم کی تقسیم

مخیر حضرات کو چاہیے کہ ان کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، ظفر اقبال حیدری

جھنگ (بیورو رپورٹ) لائنز کلب جھنگ کی جانب سے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول چک نورشاہ میں طلباء وطالبات کو مفت سکول یونیفارم اور جرسیاں تقسیم کی گئیں تقریب میں سی ای او ایجوکیشن تنویر احمد غزالی اور ڈی ای او ایجوکیشن ظفر اقبال حیدری، ضلعی صدر پنجاب ٹیچر یونین محمد انور رچہ، نائب صدر غلام شبیر، صدر لائنز کلب حاجی اشتیاق احمد، ڈسٹرکٹ چیئرپرسن سید حسن علی گیلانی، سیکرٹری چوہدری افنان، حاجی عبید الرحمن، اظہر حسین ملک، عاطف منیر شیخ اور ہیڈ مسٹریس ادارہ ہذا سمیت ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے افسران اور لائنز کلب کے عہدیداران وسٹاف ادارہ نے شرکت کی سی ای او ایجوکیشن تنویر احمد غزالی نے طلباء میں یونیفارم تقسیم کیے اور جھنگ لائنز کلب کے اس نیک کام کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے کام اللہ کی رضا کے لیے کیے جاتے ہیں اور مخیر حضرات کو چاہیے کہ ان کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔

CRIME
& COURT
جرم و سزا

دیپالپور پولیس کی دبنگ کاروائی منشیات فروش گرفتار

پولیس نے دو شراب فروشوں کو گرفتار عمل میں لا کر 323 لیٹر شراب اور ایک چالو بھٹی قبضہ میں لے لی

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور پولیس کی دبنگ کاروائی منشیات فروش گرفتار رپورٹ کے مطابق دیپال پور پولیس نے دو شراب فروشوں کو گرفتار عمل میں لا کر 323 لیٹر شراب اور ایک چالو بھٹی قبضہ میں لے لی یہ کاروائی تھانہ حجرہ شاہ مقیم اور تھانہ حویلی لکھا کے ایس ایچ او کی قیادت میں مکمل کی گئی تفتیش کے دوران منشیات فروش اشتیاق سے 98 لیٹر شراب اور محمد ندیم سے 225 لیٹر شراب برامد کی گئی ان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کیے گئے ملزمان اپنے علاقوں میں شراب فروخت کر کے نوجوان نسل کو بربادی کی طرف دھکیل رہے تھے اس مسئلے کے سدباب کے لیے ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد کی ہدایت پر پولیس منشیات فروشوں کے خلاف بلاتفریق کاروائیاں کر رہی ہیں پولیس کا یہ اقدام منشیات کے بڑھتے ہوئے مسئلے سے نمٹنے کی ایک کوشش ہے جس کا مقصد نوجوانوں کو غیر قانونی سرگرمیوں سے دور رکھنا ہے تنبیہ دی گئی ہے کے منشیات فروشوں کے خلاف یہ محاذ جاری رہے گا جس سے مستقبل میں بھی ایسی کاروائیاں جاری رہنے کی توقع ہے۔

ساہیوال آرٹس کونسل کے زیر اہتمام پانچویں 2 روزہ ساہیوال ادبی وثقافتی کانفرنس

اندرون و بیرون ممالک سے اردو ادب کے مایہ ناز ادیب، محقق اور دانشور شرکت کریں گے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ساہیوال آرٹس کونسل کے زیر اہتمام پانچویں 2 روزہ ساہیوال ادبی وثقافتی کانفرنس کے انعقاد کے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں جس میں اندرون و بیرون ممالک سے اردو ادب کے مایہ ناز ادیب، محقق اور دانشور شرکت کریں گے۔ یہ کانفرنس 19 اور 20 دسمبر کو جناح ہال میں منعقد ہوگی اور کانفرنس کے اختتام پر شرکاء کو خصوصی طور پر ملکہ ہانس میں وارث شاہ مسجد اور پاک پتن میں بابا فرید گنج شکر کے مزار کا بھی دورہ کرایا جائے گا۔ یہ بات ڈائریکٹر ساہیوال آرٹس کونسل ڈاکٹر سید ریاض ہمدانی نے کمشنر آفس میں منعقدہ ایک خصوصی اجلاس میں کمشنر ساہیوال/ چیئرمین ساہیوال آرٹس کونسل شعیب اقبال سید کو بریفنگ دیتے ہوئے بتائی۔ انہوں نے بتایا کہ اس سال کانفرنس کا عنوان "مصنوعی ذہانت، ادب اور ثقافت" (مسائل، خطرات اور امکانات) ہے جس پر محققین اپنے مقالہ جات پیش کریں گے۔ کانفرنس کے مختلف سیشنز کی صدارت ممبر قومی اسمبلی پیر سید عمران احمد شاہ، ارکان صوبائی اسمبلی ملک قاسم ندیم اور محمد ارشد ملک بھی کریں گے۔ کانفرنس کا افتتاح کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید کریں گے جبکہ صدارت ڈاکٹر انوار احمد، ڈاکٹر نجیب جمال اور ڈاکٹر سعادت سعید کریں گے۔ افتتاحی سیشن میں سابق ڈائریکٹر جنرل اردو سائنس بورڈ لاہور ناصر عباس نیر کلیدی خطبہ پیش کریں گے جبکہ مہمانان خصوصی میں معروف ڈرامہ نگار اصغر ندیم سید، ڈاکٹر رفعت عباس اور ڈاکٹر روشن ندیم ہونگے۔ افتتاحی کانفرنس کی میزبانی میاں محمد ساجد سی ای او بارانی انسٹی ٹیوٹ آف سائنسز کریں گے جبکہ نظامت کے فرائض اسسٹنٹ پروفیسر اردو حنا جمشید کریں گی۔ اسی طرح دوسرے سیشن کی میزبانی رفاہ یونیورسٹی ساہیوال کیمپس کے سی ای او چوہدری محمد امین کریں گے۔

سٹی پولیس نے چاند گاڑی کے ڈرائیور کو گرفتار کر کے مبینہ طور پر اغواء کر لیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) سٹی پولیس نے چاند گاڑی کے ڈرائیور کو گرفتار کر کے مبینہ طور پر اغواء کیا گیا آٹھ سالہ بچہ بازیاب کرا لیا۔ تفصیلات کے مطابق حسن رفیق سکنہ محلہ مصری خان نے پولیس کو درخواست دیتے ہوئے الزام عائد کیا کہ رکشہ ڈرائیور مزمل ولد سلیم کے ساتھ اسکا آٹھ سالہ بھانجا دی نالج ہاؤس سکول گیا تو رکشہ ڈرائیور مزمل نے اسے ناجائز مقاصد کے لئے اغواء کر لیا جس پر پولیس نے کاروائی کر کے رکشہ ڈرائیور کو گرفتار کر کے اس سے بچہ بازیاب کرا لیا۔ اور ملزم کے خلاف تھانہ سٹی میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔

اوکاڑہ: مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر لاکھوں روپے نقدی، موٹر سائیکل اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈکیتی کی دو مختلف وارداتوں میں آتشیں اسلحہ سے مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر لاکھوں روپے نقدی، موٹر سائیکل اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ بی ڈویژن اوکاڑہ کی حدود میں محلہ غازی آباد میں ارشاد کریانہ سٹور میں آتشیں اسلحہ سے مسلح تین نامعلوم ڈاکو داخل ہوئے اور گن پوائنٹ پر کریانہ سٹور سے 2 لاکھ روپے نقدی اور 4 عدد موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔ دوسری واردات میں تھانہ صدر اوکاڑہ کی حدود کرمانوالہ بائی پاس کے قریب انس اور اسد اپنی موٹر سائیکل پر سوار ہو کر جا رہے تھے کہ اچانک آتشیں اسلحہ سے مسلح دو نامعلوم ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر روکا اور گن پوائنٹ پر ان سے 1 لاکھ 40 ہزار روپے نقدی، موٹر سائیکل اور 2 عدد موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔ پولیس نے کاروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

اغوا کے دو مختلف واقعات میں شادی شدہ خاتون اور جواں سالہ لڑکی اغوا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) اغوا کے دو مختلف واقعات میں شادی شدہ خاتون اور جواں سالہ لڑکی اغوا تھانہ صدر کے علاقہ راجہ گھمان کے ناظر کی ہمشیرہ کو ملزم عاصم اپنے تین نامعلوم ساتھیوں کے ہمراہ اغوا کر کے لے گیا جبکہ موضع میانوالی بنگلہ کے شاہد کی بیوی کو نامعلوم ملزمان نے اغوا کر لیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

چار ملزمان کا باپ بیٹوں سمیت چار افراد پر تشدد

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) لڑائی جھگڑے کے دو مختلف واقعات میں چار ملزمان کا باپ بیٹوں سمیت چار افراد پر تشدد موضع بمبانوالہ کا نفیس اپنے والد اور بھائی کے ہمراہ تایا کی دوکان پر بیٹھ کر بات چیت کر رہے تھے کہ اسی دوران ملزمان سمیع اللہ سلمان اور خالد آگئے اور آتے ہی اسے اور اس کے بھائی اور والد کو تشدد کر کے زخمی کر دیا جبکہ ڈسکہ کے زبیر کو ملزم طیب ملک نے درانتی کے وار کر کے زخمی کر دیا۔

ڈسکہ: دو بھائیوں نے ساتھیوں کیساتھ ملکر فائرنگ

دوکاندار گولی لگنے سے شدید زخمی ہو گیا، طبی امداد کیلئے سول ہسپتال پہنچا دیا گیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو بھائیوں نے ساتھیوں کیساتھ ملکر فائرنگ کر کے دوکاندار کو شدید زخمی کر دیا سوہاوہ ڈسکہ کا نعمت اللہ گزشتہ روز اپنی دوکان پر موجود تھا کہ اسی دوران ملزمان زین اپنے بھائی فہد اور تین نامعلوم ساتھیوں کے ہمراہ آگئے اور آتے ہی دوکاندار پر قتل کر دینے کی نیت سے فائرنگ کرنا شروع کر دی جس کے نتیجے میں دوکاندار گولی لگنے سے شدید زخمی ہو گیا جس کو طبی امداد کیلئے سول ہسپتال پہنچا دیا گیا وجہ عناد سابقہ رنجش بتائی جاتی ہے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

اوکاڑہ پولیس کے بہادروں کو سراہنے کا سلسلہ جاری

دوران ڈیوٹی ڈاکوؤں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے بہادر غازیوں سے ملاقات

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس کے بہادروں کو سراہنے کا سلسلہ جاری۔ ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت کی دوران ڈیوٹی ڈاکوؤں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے بہادر غازیوں سے ملاقات۔ ملاقات کے دوران ڈی پی او نے غازی پولیس افسران کے مسائل سنے۔

عوامی شکایات ومسائل کے حل کے لیے کھلی کچہری کا سلسلہ جاری

شہریوں نے مختلف نوعیت کی شکایات ومسائل سے ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کو آگاہ کیا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) عوامی شکایات و مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہری کا سلسلہ جاری۔ ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کی مختلف مقامات پر کھلی کچہریاں، شہریوں کی شکایات و مسائل سن کر ازالہ کے لیے احکامات جاری۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کی شکایات و مسائل کے بروقت حل کو یقینی بنانے کے لیے ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد نے النصیب مارکی اڈا قادر آباد علاقہ تھانہ یوسف والا، دفتر یونین کونسل چک نمبر 62/4-R علاقہ تھانہ نور شاہ اور جامع مسجد مصطفی رائل آرچرڈ علاقہ تھانہ یوسف والا میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا کھلی کچہری کے دوران شہریوں نے مختلف نوعیت کی شکایات و مسائل سے ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کو آگاہ کیا جن کے حل کے لیے موقع پر احکامات جاری کیے گئے۔

حافظ آباد کے مدھریانوالہ روڈ پر الیکٹرونکس کی دوکان سے نامعلوم چور قیمتی موبائل فون چرا لے گئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے مدھریانوالہ روڈ پر الیکٹرونکس کی دوکان سے نامعلوم چور مقامی دوکاندار عاکف مبارک ولد مبارک اسلام سکنہ مدھریانوالہ روڈ کا اڑھائی لاکھ روپے مالیت کا موبائل آئی فون چرا لے گیا۔ جس پر پولیس تھانہ سٹی نے نامعلوم ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔

دو بھائیوں نے ساتھیوں کیساتھ ملکر فائرنگ کر کے دوکاندار کو شدید زخمی کر دیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو بھائیوں نے ساتھیوں کیساتھ ملکر فائرنگ کر کے دوکاندار کو شدید زخمی کر دیا سوہاوہ ڈسکہ کا نعمت اللہ گزشتہ روز اپنی دوکان پر موجود تھا کہ اسی دوران ملزمان زین اپنے بھائی فہد اور تین نامعلوم ساتھیوں کے ہمراہ آگئے اور آتے ہی دوکاندار پر قتل کر دینے کی نیت سے فائرنگ کرنا شروع کر دی جس کے نتیجے میں دوکاندار گولی لگنے سے شدید زخمی ہو گیا جس کو طبی امداد کیلئے سول ہسپتال پہنچا دیا گیا وجہ عناد سابقہ رنجش بتائی جاتی ہے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

لڑائی جھگڑے کے دو مختلف واقعات میں چار ملزمان کا باپ بیٹوں سمیت چار افراد پر تشدد

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) لڑائی جھگڑے کے دو مختلف واقعات میں چار ملزمان کا باپ بیٹوں سمیت چار افراد پر تشدد موضع بمبانوالہ کا نفیس اپنے والد اور بھائی کے ہمراہ تایا کی دوکان پر بیٹھ کر بات چیت کر رہے تھے کہ اسی دوران ملزمان سمیع اللہ سلمان اور خالد آگئے اور آتے ہی اسے اور اس کے بھائی اور والد کو تشدد کر کے زخمی کر دیا جبکہ ڈسکہ کے زبیر کو ملزم طیب ملک نے درانتی کے وار کر کے زخمی کر دیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

اغوا کے دو مختلف واقعات میں شادی شدہ خاتون اور جواں سالہ لڑکی اغوا، پولیس نے مقدمہ درج کر لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) اغوا کے دو مختلف واقعات میں شادی شدہ خاتون اور جواں سالہ لڑکی اغوا تھانہ صدر کے علاقہ راجہ گھمان کے ناظر کی ہمشیرہ کو ملزم عاصم اپنے تین نامعلوم ساتھیوں کے ہمراہ اغوا کر کے لے گیا جبکہ موضع میانوالی بنگلہ کے شاہد کی بیوی کو نامعلوم ملزمان نے اغوا کر لیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

لیڈی منشیات فروش سے بھاری مقدار میں چرس برآمد

سونیا بی بی دختر محمد امین سے 5 کلو 100 گرام چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے چھاپہ مار کر لیڈی منشیات فروش سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ منڈی احمد آباد پولیس کو اطلاع ملی کہ بدنام زمانہ لیڈی منشیات فروش بھاری مقدار میں منشیات لیکر گاہک کے انتظار میں کھڑی ہے۔ جس پر اے ایس آئی نذیر احمد نے نفری کے ہمراہ چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروش سونیا بی بی دختر محمد امین سے 5 کلو 100 گرام چرس برآمد کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔

تیز رفتار موٹر سائیکل کی 8 سالہ سکول طالبہ کو ٹکر، طالبہ شدید زخمی

تیز رفتار موٹر سائیکل سوار نے ٹکر ماردی جسکے نتیجہ میں عروش کی دو جگہ سے ٹانگ ٹوٹ گئی

وزیر آباد (نامہ نگار) تیز رفتار موٹر سائیکل کی 8 سالہ سکول طالبہ کو ٹکر، طالبہ شدید زخمی۔ ارائیں کالونی کے رہائشی عمر عزیز ملک کی 8 سالہ کمسن بچی عروش دوسری جماعت کی طالبہ چناب لائسیم سکول شاد مان ٹاؤن سے چھٹی کے بعد سکول وین میں بیٹھنے کے لئے سڑک عبور کر رہی تھی کہ تیز رفتار موٹر سائیکل سوار نے ٹکر ماردی جسکے نتیجہ میں عروش کی دو جگہ سے ٹانگ ٹوٹ گئی۔ نامعلوم موٹر سائیکل سوار فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ زخمی عروش کو طبی امداد کی خاطر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال پہنچایا گیا جہاں اسے گوجرانوالہ ہسپتال ریفر کر دیا گیا۔ تھانہ صدر پولیس نے اطلاع ملنے پر مقدمہ درج کر کے نامعلوم موٹر سائیکل سوار کی تلاش شروع کر دی۔

حسین بخاری بھاری اکثریت سے کامیاب ہونگے، خواجہ اویس مشتاق سابق صدر

ڈی۔ بی۔ اے سیالکوٹ انتخابات میں بھاری اکثریت سے جیتیں گے، طیب نزیر بھٹی

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ لائبریری میں سابقہ صدور و سیکرٹری جنرل ڈی بی اے سیالکوٹ کے ہمراہ سینکڑوں وکلاء سیالکوٹ بار نے سید علی نجم گیلانی سابقہ صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کیجانب سے ہائی ٹی کے میں شرکت کی اس موقع پر خواجہ اویس مشتاق لاء چیمبرز کے نامزد کردہ امیدوار جنرل سیکرٹری انتخابات ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سید حسین بخاری کی بھرپور حمایت کیساتھ ووٹ وسپورٹ کرنے کا عظم دہرایا گیا۔ اس موقع پر سینئر قانون دان خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے دوران خطاب کہا کہ سید حسین بخاری نوجوان۔ زیرک قیادت کیساتھ جراتمند وبلند حوصلہ کی الیکشن کمپین بھرپور انداز میں کی جارہی ہے۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ بقیہ جات 1

دیکھے۔ ہواوے ٹیکنالوجیز میں وزیر اعلیٰ مریم نوازشریف کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نوازشریف سے ہواوے گورنمنٹ افیئرز کے صدر روانگ چینگ ڈونگ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں لاہور کو ماڈرن ڈیجیٹل سٹی بنانے کیلئے مختلف تجاویز اور سفارشات پر گفتگو کی گئی۔ وزیر اعلیٰ مریم نوازشریف نے ہواوے ٹیکنالوجیز کے صدر کو لاہور آنے اور پاکستان بالخصوص پنجاب میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ ملاقات میں ہواوے کے تعاون سے لاہور کو پاکستان کا پہلا جدید ترین سمارٹ سٹی بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نوازشریف نے ہواوے کو نوازشریف آئی ٹی سٹی میں آفس قائم کرنے پر تعاون کی پیشکش کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نوازشریف نے ہواوے کو پنجاب میں اسمبلنگ اور مینوفیکچرنگ پلانٹ لگانے پر بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ وزیر اعلیٰ مریم نوازشریف نے پنجاب بھر میں ہواوے کو پنجاب ریجنل آفس اور آفٹر سیل سروس سنٹر قائم کرنے کی بھی پیشکش کی۔ ملاقات میں ای کامرس، ایکو سسٹم پروڈکشن، ہیلتھ اور ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی ڈیجیٹلائزیشن سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ہواوے کے صدر مسٹر وانگ چینگ ڈونگ نے وزیر اعلیٰ مریم نوازشریف اور وفد کو تفصیلی بریفنگ دی اور ہواوے کے پاکستان میں بالخصوص پنجاب جاری پراجیکٹس کے بارے میں تفصیلات بیان کیں۔

بقیہ بقیہ جات 2

خواہاں ہے، پنجاب حکومت نے چین کی اے آئی فورس لیک کمپنی کے ساتھ مصنوعی ذہانت پر مبنی زرعی آلات کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے ہیں۔ زرعی شعبے میں جدید روبوٹک ٹیکنالوجی متعارف کرانے کا مقصد پاکستان کی اقتصادی ترقی میں انقلاب برپا کرنا ہے، پنجاب میں زرعی ٹیکنالوجی کے استعمال سے کسانوں کی خوشحالی کو یقینی بنانے کا عزم ہے، پاکستان اور چین کے درمیان زرعی تعاون بڑھانے اور جدید زرعی ترقی سیکھنے کا موقع ہے۔

بقیہ بقیہ جات 3

میں دونوں ممالک کے درمیان میڈیا تعاون، مشترکہ دستاویزی فلموں کی تیاری اور سیاحت کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال ہوا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان ترکیہ کے ساتھ برادرانہ تعلقات کو بہت قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، دونوں ممالک کے درمیان یہ تعلقات تاریخی اور مشترکہ مذہبی وثقافتی اقدار پر مبنی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ترکیہ کی حکومت کے ساتھ ڈراموں، دستاویزی فلموں کی مشترکہ پروڈکشن کے حوالے سے معاہدے ہمارے سٹریٹجک فریم ورک کا حصہ ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ میں بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے۔ گرمائی اولمپکس میں 92.97 میٹر کا جیولین تھرو کا ریکارڈ قائم کرنے والے پاکستانی نوجوان ارشد ندیم کا ذکر کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ ارشد ندیم کی ایک بہت ہی متاثر کن کہانی ہے۔ ہم ایسے نوجوانوں پر دستاویزی فلمیں تیار کر سکتے ہیں۔ پاکستان میں شندور پولو فیسٹول کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ شندور پولو فیسٹول نہ صرف سیاحت اور ثقافت بلکہ کھیلوں کے فروغ کا بھی باعث ہے۔ انہوں نے کہا کہ شندور پولو فیسٹول دنیا کے بلند ترین مقام پر کھیلے جانے والا پولو میچ ہے۔ پی ٹی وی ورلڈ کے ساتھ مل کر شندور پولو فیسٹول پر دستاویزی فلم پوری دنیا کو دکھائی جا سکتی ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے ٹی آر ٹی ورلڈ اور پاکستان ٹیلی ویژن کی مشترکہ نشریات کی بھی تجویز پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان مشترکہ ثقافت اور مذہبی اقدار موجود ہیں، یہی وجہ ہے کہ پاکستان میں ترکیہ کے ڈرامے اور دستاویزی فلمیں بہت پسند کی جاتی ہیں۔ ملاقات میں بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر کے معاملے کو اجاگر کرنے کے حوالے سے وزیر اطلاعات نے کشمیر میں ڈھائے جانے والے مظالم پر ڈیجیٹل دستاویزی فلموں کی تیاری کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے ٹی آر ٹی ورلڈ کے مختلف شعبوں کا بھی دورہ کیا۔

بقیہ بقیہ جات 4

کیس کا بھی بل قانون کے مطابق ادا کرتے ہیں، ان کی تنخواہیں قانون کے مطابق مقرر کی گئی ہیں، ہم اپنے حصے کی قربانیاں دے رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ نادرا میں گزشتہ دو سال میں کوئی گاڑی نہیں خریدی گئی، نادرا کے دور دراز علاقوں میں دفاتر ہیں، معذور افراد کو ان کی دہلیز پر جا کر نادرا سہولیات فراہم کرنے کے حامی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 5

بات کی جائے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری نے پارلیمان میں واضح کہا تھا کہ پی ٹی آئی قوم سے معافی مانگے۔ شیری رحمٰن کا کہنا ہے کہ پیپلز پارٹی نے کب اور کس سے سیاسی مذاکرات نہیں کیے؟ پہلا کام سیاسی استحکام ہے لیکن جب بھی ہم نے پیشکش کی حقارت سے ٹھکرائی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ایوان نے فلسطین پر اے پی سی میں پی ٹی آئی کو بلایا لیکن یہ نہیں آئے، اس وقت پی ٹی آئی کا رویہ تکبر اور رعونت سے بدلا ہوا ہے تو موسٹ ویلکم۔ پیپلز پارٹی کی رہنما کا مزید کہنا ہے کہ ہمیں تحریک چلانے کے لیے ڈنڈے اٹھانے کے نہیں پُرامن رہنے کی ہدایت کی جاتی تھی، پیپلز پارٹی نے جب بھی وعدے کیے پورے کیے ہیں۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ مدارس رجسٹریشن کا معاملہ پارلیمان میں حل ہو سکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 6

نے واضح پیش کرتے ہوئے کہا کہ 'معذرت خواہ ہوں، میرے الفاظ قانونی نوعیت کے نہیں تھے' جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ کل بھی کہا تھا کہ 9 مئی کے واقعات کی تفصیلات فراہم کریں، فی الحال تو ہمارے سامنے صرف کور کمانڈر ہاؤس کا ہی معاملہ ہے، اگر کیس صرف کور کمانڈر ہاؤس تک ہی رکھنا ہے تو یہ بھی بتا دیں۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے بتایا کہ تمام تفصیلات آج صبح ہی موصول ہوئی ہیں جنہیں وہ باضابطہ طور پر متفرق درخواست کی صورت میں جمع کروائیں گے۔ جسٹس مسرت ہلالی نے استفسار کیا کہ جن دفعات کو کالعدم قرار دیا گیا ہے ان کے تحت ہونے والے ٹرائل کا کیا ہوگا؟ 9 مئی سے پہلے بھی تو کسی کو ان دفعات کے تحت سزا ہوئی ہوگی؟۔ وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ عمومی طور پر کالعدم ہونے سے پہلے متعلقہ دفعات پر ہونے والے فیصلوں کو تحفظ ہوتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 7

دوران ہوئیں، خفیہ اطلاعات پر کی گئی کارروائیوں میں ہلاکتیں فتنۃ الخوارج اور بلوچستان میں دہشت گرد گروہوں کیلئے بڑا دھچکا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق 12 اور 13 دسمبر کی رات سکیورٹی فورسز نے کئی سرحد میں آپریشن کیا، سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو موثر طریقے سے نشانہ بنایا، کارروائی کے دوران 6 خوارج ہلاک کیے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 9 دسمبر سے اب تک خیبر پختونخوا میں 18 خوارج جہنم واصل کیے گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق 13 دسمبر کو بلوچستان میں موسیٰ خیل اور پنجگور میں کارروائیاں کی گئیں، سکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں 10 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا، 9 دسمبر سے اب تک بلوچستان میں 25 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 8

کہنا ہے کہ اس وقت لوگوں کو مرہم رکھنے کی ضرورت ہے، ادارے سب سے زیادہ اہم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم 26 نومبر کا بھی انصاف مانگتے ہیں، خوشی ہے کہ ٹریبونل کام کر رہے ہیں، یہ سب 151 کے ووٹرز ہیں، یہ وہ لوگ ہیں جن کے حق پر 8 فروری کے الیکشن میں ڈاکے ڈالے گئے۔ مہر بانو قریشی نے کہا کہ ہم اپنا حق مانگ رہے ہیں، موسیٰ گیلانی پیش ہونے سے کیوں گھبرا رہے ہیں، فارم 47 والے ممبروں کو براجمان کرنے کے لیے سب کیا جا رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 9

شہریوں کو ویزے جاری کیے گئے۔ طیارے کے اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پہنچنے پر وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے پاکستانی شہریوں کا استقبال اور خطاب کیا۔ اس موقع پر وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے ایئرپورٹ پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانیوں کو خیریت سے ملک واپس آنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانیوں کی بحفاظت واپسی پر لبنان کے وزیراعظم کے شکرگزار ہیں۔ احسن اقبال کا مزید کہنا تھا کہ این ڈی ایم اے نے مسافروں کو ان کی منزل تک پہنچانے کے لیے بسوں کا انتظام کیا۔ واضح رہے کہ ان شہریوں کو بذریعہ سڑک شام سے لبنان پہنچایا گیا، جہاں سے آج انہیں خصوصی طیارے کے ذریعے پاکستان روانہ کر دیا گیا۔ بیروت ایئرپورٹ پر پاکستان کے سفیر نے پاکستانی شہریوں کو رخصت کیا، چارٹرڈ طیارہ 13 دسمبر کی درمیانی شب اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پہنچ گیا۔

بقیہ بقیہ جات 10

پی ٹی آئی نے سول نافرمانی کی کال دی لیکن یہ کوئی نہیں دیکھ رہا کہ اس سے پہلے انہوں نے کمیٹی بنائی۔ دوسری جانب ن لیگ کے سینیٹر رہنما رانا ثناءاللہ نے تحریک انصاف کے سیاسی جماعتوں سے مذاکرات کے لیے راضی ہونے کی تعریف کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سیاسی جماعتوں سے بات چیت کو تیار ہیں تو یہ اچھا فیصلہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 11

بھاگ رہے ہیں۔ شوکت یوسفزئی کا کہنا ہے کہ ملک کی خاطر مذاکرات ہو رہے ہیں تو ہونے چاہئیں۔ پی ٹی آئی کے رہنما نے یہ بھی کہا کہ حکومت تکبر اور رعونت سے نکلے اور اپوزیشن کو انگیج کرے۔

بقیہ بقیہ جات 12

کم کرنے اور مستقبل کے بجلی کے پیداواری منصوبوں کے حوالے سے لائحہ پر عملدرآمد کو تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مستقبل میں کم لاگت بجلی منصوبوں کو ہی ترجیح دی جائے، بجلی کی پیداوار کے منصوبوں کے لیے مقامی وسائل کو ترجیح دی جائے، پن بجلی کے منصوبے کم لاگت بجلی کے ایسے ذرائع ہیں جن سے صارف کو ماحول دوست اور سستی بجلی فراہم ہوگی بجلی کی پیداواری لاگت کے لحاظ سے کم لاگت بجلی کے انتخاب و ترسیل کیلئے جدید ٹیکنالوجی کے نظام کے نفاذ پر جلد عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ جاری اعلامیے کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ملک میں مستقبل کے لیے بجلی کے پیداواری منصوبوں، بجلی شعبے بالخصوص ترسیلی نظام پر جائزہ اجلاس ہوا اجلاس کو بجلی کے نئے مجوزہ منصوبوں، جاری منصوبوں کی تعمیر پر پیش رفت اور ملک میں بجلی کے شعبے کی جاری اصلاحات پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بجلی کی موجودہ طلب اور استعداد سے بھی آگاہ کیا گیا۔ اجلاس کو درآمدی ایندھن سے چلنے والے بجلی گھروں کی تحلیل اور ترسیلی نظام کی اصلاحات پر پیش رفت سے بھی آگاہ کیا گیا۔ وزیراعظم نے بجلی شعبے کی اصلاحات کیلئے تمام تر اقدامات کو معینہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایات جاری کر دیں۔ وزیراعظم کو ملک بھر میں جاری پن بجلی کے منصوبوں پر پیش رفت سے بھی آگاہ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 13

4 تک گر گیا جبکہ آزاد کشمیر کے بالائی علاقوں میں وقفے وقفے سے برف باری جاری ہے، پہاڑوں پر 2 فٹ سے زائد برف گرنے کے بعد سردی کی شدت میں اضافہ ہو گیا۔ گلگت بلتستان کے بالائی علاقوں میں بھی برف باری جاری ہے، ضلع استور میں برف باری سے نظام زندگی متاثر ہو گیا جبکہ خیبر پختونخوا میں بابوسر ٹاپ، نانگا پربت اور بٹوگاہ میں برف باری ہوئی۔ لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں بھی شدید سردی کی لہر ہے، بلوچستان میں کوئٹہ، قلات، چمن، قلعہ عبداللہ، پشین اور زیارت سمیت صوبے بھر میں شدید سردی کے باعث پانی پائپوں میں جم گیا۔

بقیہ بقیہ جات 14

اور منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ وفاقی وزیر نے نادرا ریجنل ہیڈ کوارٹر کی نئی بلڈنگ کو شہری سہولتوں کی فراہمی میں ایک اہم قدم قرار دیتے ہوئے کہا کہ جدید انفراسٹرکچر نادرا کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوگا۔ بریفنگ کے دوران نادرا کے جاری منصوبوں، شہری خدمات اور عوام کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈی جی نادرا نے وفاقی وزیر کو ادارے کے مختلف منصوبوں اور خدمات کے بارے میں آگاہ کیا اور پشاور ریجن کی کارکردگی پر روشنی ڈالی۔ وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے نادرا کی خدمات کو سراہتے ہوئے ادارے کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے اور عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے بھرپور تعاون فراہم کرنے کا یقین دلایا۔

بقیہ بقیہ جات 15

10 بجے سے ہوگا۔ پاکستان اور افغان میں تھائی ویزا کے خواہشمند غیر ملکی شہریوں کو نئے آن لائن ویزا پلیٹ فارم کے ذریعے درخواست جمع کرانی ہوگی جس کے لیے اس ویب سائٹ کا وزٹ کرنا ہوگا۔ ای ویزا کی درخواست منظور ہونے کے بعد، درخواست دہندگان کو ایک تصدیقی ای میل موصول ہوگی۔ اس ای میل کی ایک پرنٹ شدہ کاپی روانگی کے وقت ایئر لائن کو اور آمد پر تھائی امیگریشن حکام کو ظاہر کرنی ہوگی۔ سفارت خانہ 24 دسمبر 2024 تک ذاتی طور پر ویزا کی درخواستیں قبول کرتا رہے گا۔ اضافی پوچھ گچھ کے لیے، درخواست دہندگان قونصلر isb@mfa.go.th پر ای میل کے ذریعے سفارت خانے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ ڈیجیٹل درخواست کے عمل کی طرف یہ اقدام پاکستان اور افغانستان میں مسافروں کے موثر قونصلر خدمات کو برقرار رکھتے ہوئے ویزا کے طریقہ کار کو جدید بنانے کے لیے تھائی لینڈ کے عزم کی نشاندہی کرتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 16

جیل میں ہیں۔ ان کے اکاؤنٹس منجمد ہو چکے ہیں۔ ان کے پروڈکشن آرڈر جاری کیے جائیں، حکومت سے بھی درخواست ہے کہ اس معاملے کو دیکھا جائے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ اس معاملے پر میں متعلقہ وزارتوں، صوبائی حکومتوں اور حکام سے بات کر چکا ہوں۔ وزیر قانون، داخلہ، صوبائی حکومت اور متعلقہ حکام کو یہ معاملہ بھجوا دیا ہے۔ امید ہے وہ اس پر سنجیدگی سے ضروری اقدام کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 17

اینڈ انڈسٹریز میں پاکستان۔ تاجکستان بزنس فورم سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان اور تاجکستان کے درمیان تجارت کی حقیقی صلاحیت سے فائدہ نہیں اٹھایا جا سکا، بزنس فورمز تجارت کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ تاجکستان کے لیے پاکستانی مصنوعات بہترین معیار کی ہیں، پاکستانی صنعت اعلیٰ معیار کے انجینئرنگ سامان، ٹیکسٹائل اور سرجیکل آلات تیار کر رہی ہے، ہماری آئی ٹی برآمدات عالمی سطح پر نمایاں ہو رہی ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت نے آئی ٹی شعبے کو ترقی دینے کے لیے اہم اقدامات کیے ہیں جن کے ثمرات سامنے آ رہے ہیں۔ جام کمال نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان براہ راست پروازیں تجارت کو مزید آسان بنائیں گی، تاجکستان کے ساتھ ترجیحی تجارتی معاہدہ جلد ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 18

بھرتیوں کا عمل جاری ہے، دارالحکومت کے ماسٹر پلان پر نظرثانی کی جا رہی ہے۔ جمعہ کو سینیٹ میں وقفہ سوالات کے دوران سینیٹر کامران مرتضیٰ کے سوال کے جواب میں اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ اسلام آباد میں کھوکھوں کا معاملہ قانون کے مطابق طے کیا جا رہا ہے، کسی کو بے روزگار نہیں کیا جائے گا، اس معاملے پر متعلقہ فریقوں سے مشاورت کی ہے، سی ڈی اے کے آئندہ بورڈ اجلاس میں اس پر غور کیا جائے گا۔ سینیٹر کامران مرتضیٰ کے سوال کے جواب میں اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ سی ڈی اے ہسپتال میں بھرتیوں کا عمل جاری ہے، میرٹ اور شفاف طریقے سے بھرتیاں یقینی بنائی جا رہی ہیں، سینیٹر دینش کمار، دوست محمد خان اور کامران مرتضیٰ کے سوال کے جواب میں وزیر برائے پارلیمانی امور، قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت کے ماسٹر پلان پر نظرثانی کی جا رہی ہے، شہر میں ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں، ماسٹر پلان کے لئے ٹیکنیکل کمیشن تشکیل دیا جا رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 19

درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ فلوریڈا سے رکن کانگریس برائن ماسٹ کو حال ہی میں ریپبلکن سٹیئرنگ کمیٹی کا سربراہ منتخب کیا گیا ہے۔ پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے اپنے ٹویٹ میں کہا کہ ہم نے وسیع تر اقتصادی تعاون کے ذریعے دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے بارے پرامید گفتگو کی اور ابھرتے عالمی منظرنامے میں پاک امریکا تعاون اور شراکت داری کو آگے بڑھانے کے امکانات اور راہیں تلاش کیں۔

بقیہ بقیہ جات 20

جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر اور ایرانی سفیر کے مابین ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی اور دوطرفہ تعاون کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 21

کیا اور لیتھیم بیٹریوں کی تیاری کے مختلف مراحل کا مشاہدہ کیا۔ چین کی لیتھیم بیٹریاں بنانے والی کمپنی نے پنجاب میں پلانٹ لگانے کا اعلان کیا اس حوالے سے محکمہ صنعت وتجارت پنجاب اور چین کی کمپنی کے مابین معاہدہ طے پا گیا۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین اور چین کی کمپنی کے چیئرمین رک شیک نے معاہدے پر دستخط کیے۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چین کی بڑی کمپنی کے ساتھ پنجاب میں لیتھیم بیٹریاں بنانے کا کارخانہ لگانے کا معاہدہ خوش آئند ہے، چین کی کمپنی کو پنجاب میں پلانٹ لگانے کیلئے ہر ممکن سہولت دیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 22

دیگر کو اشتہاری قرار دے دیا گیا۔ لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ارشد جاوید نے مسلم لیگ (ن) کا دفتر جلانے سے متعلق پولیس کی درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے پی ٹی آئی رہنماں حماد اظہر، مراد سعید، میاں اسلم اقبال، واثق قیوم، وزیر خان اور دیگر کو اشتہاری قرار دیتے ہوئے ملزمان کے دائمی وارنٹ گرفتاری بھی جاری کیے۔ پولیس نے انسداد دہشت گردی عدالت میں موقف اختیار کیا کہ ملزمان گرفتاری کے خوف سے روپوش ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 23

کاروباری ہفتے کے پانچویں اور آخری روز بھی سٹاک ایکسچینج میں کاروبار کے آغاز پر زبردست تیزی دیکھنے میں آئی۔ ٹریڈنگ کے دوران پاکستان سٹاک مارکیٹ میں 600 سے زائد پوائنٹس کا اضافہ ہوا جس کے ساتھ سٹاک ایکسچینج میں ہنڈرڈ انڈیکس 1 لاکھ 15 ہزار 172 پوائنٹس کی حد کو چھو گیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ کاروباری روز کے اختتام پر ہنڈرڈ انڈیکس 3 ہزار 370 پوائنٹس اضافے کیساتھ 1 لاکھ 14 ہزار 180 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 24

عالیہ نیلم نے بشپ ڈاکٹر آزاد مارشل، ہائی کورٹ ملازمین اور دیگر اقلیتی وکلا کے ہمراہ کرسمس کا کیک کاٹا۔ اس موقع پر اقلیتی سماجی تنظیم کے چیئرمین سیموئیل پیارا، ایڈمنسٹریٹر سوئل پرویز اور ایڈووکیٹ شہزاد سمیت دیگر موجود تھے۔ شرکا سے اظہار خیال کرتے ہوئے چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم کا کہنا تھا کہ لاہور ہائیکورٹ میں کرسمس کا کیک کاٹنا باعث مسرت ہے اور یہ عدالت عالیہ لاہور کی روایت رہی ہے کہ اقلیتی ملازمین کی خوشیوں کا ہمیشہ خیال رکھا جاتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم آئین پاکستان کے محافظ ہیں اور ہمارا آئین تمام مذاہب کے لئے یکساں حقوق فراہم کرتا ہے۔ بشپ ڈاکٹر آزاد مارشل نے کرسمس تقریب کے انعقاد پر چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم کا شکریہ ادا کیا اور گلدستہ پیش کیا۔

بقیہ بقیہ جات 25

ہیں۔ ترکیہ کے دارالحکومت استنبول میں وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کا سٹارٹ کام سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے کہنا تھا کہ پاکستان کے نوجوان محنتی اور باصلاحیت ہیں، پاکستان کی آبادی میں زیادہ تر تعداد نوجوانوں کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں مصنوعی ذہانت کا غلط استعمال کیا جا رہا ہے، مصنوعی ذہانت کو مثبت طریقے سے استعمال کرنے کی ضرورت ہے، دنیا بھر میں سوشل میڈیا کو کنٹرول کیا جا رہا ہے، ہم سوشل میڈیا پر کشمیری نوجوان برہان وانی کا نام نہیں لکھ سکتے۔ عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ غزہ میں جاری قتل عام کے حوالے سے بات چیت کرنا ممنوع سمجھا جاتا ہے، پاکستان میں 111 ملین انٹرنیٹ صارفین ہیں جبکہ موسمیاتی تبدیلیوں پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیاں دنیا بھر کیلئے بڑا چیلنج ہے۔ وزیر اطلاعات ونشریات کا مزید کہنا تھا کہ سٹارٹ کام سمٹ میں شرکت میرے لیے باعث اعزاز ہے، سوشل میڈیا کے لیے ریگولیٹری فریم ورک ضروری ہے، ایسا ضابطہ اخلاق نافذ کرنا ہوگا جو سب کے لیے قابل قبول ہو۔

بقیہ بقیہ جات 26

دوران ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی بھی عدالت پیش ہوئیں جس دوران عمران خان نے عدالت میں جمع کرائے گئے 342 کے بیان میں ترمیم کروی۔ بعد ازاں عدالت نے 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس پر فریقین کے حتمی دلائل کے لیے 17 دسمبر کی تاریخ مقرر کردی۔

بقیہ بقیہ جات 27

میں 94.3 روپے فی لیٹر کمی متوقع ہے۔ موجودہ 15 دن کے پہلے 12 دنوں میں حکام نے عالمی مارکیٹ میں شام میں حکومت کی تبدیلی کے باعث غیر یقینی صورتحال کی وجہ سے پیٹرول کی قیمت میں معمولی 0.81 روپے فی لیٹر اضافے اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 94.3 روپے فی لیٹر کمی کا تخمینہ لگایا ہے۔ اگر شام کی صورتحال جلد مستحکم ہو جاتی ہے تو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں مزید کم ہو سکتی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 28

ہے۔ جمعہ کو سینیٹ میں وقفہ سوالات کے دوران سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان، سینیٹر دینش کمار، سینیٹر شبلی فراز اور روبینہ قائم خانی کے سوال کے جواب میں وفاقی وزیر پارلیمانی امور و قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ کونسل آف ایکٹ فعال ہے۔ دو سال میں پیمرا نے 390 شکایات کو نمٹایا، اس میں نشر کیا گیا مواد اور ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی شامل ہے۔ ٹی وی چینلز کو جرمانے کیے گئے ہیں، ان کے خلاف تادیبی کارروائیاں کی گئی ہیں۔ اس میں نیوز چینلز اور انٹرٹینمنٹ چینلز شامل ہیں۔ حکومت ہر شعبے میں میرٹ اور شفافیت یقینی بنا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کے لئے موبائل فون کے مقابلے میں ٹی وی دیکھنا صحت مند سرگرمی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 29

سماعت کی۔ لاہور ہائی کورٹ نے سابق کپتان بابر اعظم پر ہراسانی مقدمے کی سماعت ملتوی کرنے کی استدعا پر کرکٹر کے وکیل پر ناراضگی کا اظہار کیا۔ سماعت کے دوران عدالت نے بابر اعظم کے وکیل سے استفسار کیا کہ یہ 2021 کی درخواست ہے، ہر مرتبہ آپ کیس ملتوی کرنے کی درخواست دائر کرتے ہیں؟ اس پر بابر اعظم کے وکیل کے ایسوسی ایٹ نے بتایا کہ سینئر وکیل بیرسٹر حارث عظمت موجود نہیں لہٰذا کیس ملتوی کیا جائے۔ دوسری جانب خاتون درخواست گزار کے وکیل نے عدالت میں موقف اختیار کیا کہ یہ زنا کا کیس ہے، کرکٹر بابر اعظم شادی کا جھانسہ دے کر خاتون سے زیادتی کرتے رہے ہیں اور انہوں نے خاتون کے 12 لاکھ روپے بھی دینے ہیں۔ بعد ازاں عدالت نے بابر اعظم کے وکیل کی استدعا منظور کرتے ہوئے کیس کی سماعت 16 دسمبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 30

اہلکاروں کے لئے 10 لاکھ، فیصل آباد ریجن کیلئے 17 لاکھ، لاہور ریجن کے اہلکاروں کے لئے ساڑھے 7 لاکھ روپے کی منظوری دی گئی ہے، ساہیوال اور راولپنڈی کے سی ٹی ڈی اہلکاروں کیلئے 2 لاکھ روپے منظور کیے گئے ہیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا ہے کہ پانچوں ریجنز میں بہترین کارکردگی کے حامل سی ٹی ڈی کارپورلز اور افسران کو ایوارڈز دیے جا رہے ہیں، سی ٹی ڈی افسران و اہلکاروں نے مختلف ہائی پروفائل آپریشنز کامیابی سے سرانجام دیتے ہوئے دہشت گردوں کا خاتمہ کیا۔ ڈاکٹر عثمان انور نے مزید کہا کہ ملک کی اندرونی سرحدوں کو محفوظ بنانے والے نڈر اور جانباز افسران واہلکاروں کی حوصلہ افزائی جاری رہے گی۔

بقیہ بقیہ جات 31

قمردین کاریز و منزہ کئی کے قبائلی عمائدین اور مقامی افراد نے شرکت کی۔ قبائلی عمائدین نے باؤر سیٹلمنٹ اور امن وامان کے قیام میں پاک فوج اور ایف سی بلوچستان کے کردار کو سراہا۔ آئی جی ایف سی نے منزہ کئی میں واقع ایف سی پبلک اسکول کا دورہ کیا۔

بقیہ بقیہ جات 32

پہلے تحریک انصاف سے رابطہ کیا گیا تھا، البتہ بانی پی ٹی آئی کی رہائی کی بات نہیں ہوئی تھی، پی ٹی آئی نے مذاکرات کا پیغام بھیجا تو ہماری طرف سے انکار نہیں ہوگا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ مذاکرات کی حمایت کی ہے، جب ہم اپوزیشن میں تھے تب بھی ہم نے چارٹر آف اکانومی کی پیشکش کی تھی، تحریک انصاف نے مذاکرات کے لیے کمیٹی بنائی ہے لیکن بات چیت کا پیغام نہیں دیا، تحریک انصاف کا ہمارے لیے ابھی بھی پیغام ہے کہ ہم آپ سے کیوں مذاکرات کریں؟، اگر تحریک انصاف نے مذاکرات کا پیغام بھیجا تو ہماری طرف سے انکار نہیں کیا جائے گا۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ مدارس کی رجسٹریشن کا معاملہ بیٹھ کر سلجھایا جا سکتا ہے، اس معاملے میں کوئی ڈیڈ لاک والی بات نظر نہیں آ رہی، سوسائٹی ایکٹ یا وزارت تعلیم سے رجسٹرڈ ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی صدق دل سے معذرت کرے، 9 مئی کو کن کی تنصیبات اور گھر پر حملہ کیا گیا، یہ 9 مئی واقعات کی مذمت کیوں نہیں کرتے، کیوں نہیں کہتے کہ ان سے غلطی ہوئی ہے، یہ کہنا 9 مئی کو ہم نہیں تھے، وہ خود ہی تھے، یہ تو اور گلی بڑھانے کی بات ہے۔

بقیہ بقیہ جات 33

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب نے لاہور پولیس کے باربر عمار یاسر کی طبی معاونت کی درخواست پر ڈی آئی جی ویلفیئر کو ریلیف کی ہدایت کی، ہیڈ کانسٹیبل طلحہ نواز کی ساہیوال سے ملتان تبادلے کی درخواست پر ڈی آئی جی سپیشل پروٹیکشن یونٹ کو ریلیف کی ہدایت کی۔ آئی جی پنجاب نے انسپکٹر ناصر محمود خان (ریٹائرڈ) کی درخواست پر سی پی او راولپنڈی کو ریلیف کے احکامات دیئے، انسپکٹر غضنفر علی کی پروموشن اور تنخواہ بقایا جات ادائیگی کی درخواست پر ڈی پی او بہاولپور کو ریلیف کی ہدایت دی۔ انسپکٹر حماد حسن کی جانب سے بیٹی کے تعلیمی اخراجات میں معاونت کی درخواست پر ڈی آئی جی ویلفیئر کو ریلیف کی ہدایت جبکہ ڈرائیور کانسٹیبل محمد رمضان کی تنخواہ پروموشن کی درخواست پر ڈی پی او وہاڑی اور ایس ایس پی آئی اے بی ملتان کو ہدایات جاری کیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ڈسپلن، ایڈمن، پروموشن اور ویلفیئر سے متعلقہ دیگر درخواستوں پر بھی احکامات جاری کیے۔

بقیہ بقیہ جات 34

نے کہا کہ پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن صوبہ بھر کے سرکاری ونجی ہسپتالوں کی مسلسل انسپکشن کو یقینی بنا رہا ہے۔ ابھی تک حکومت پنجاب صوبہ بھر میں 55 ہزار سے زائد عطائیوں کے کاروبار بند کروا چکی ہے۔ عطائی نام نہاد ڈاکٹرز بن کر معصوم انسانی جانوں سے انتہائی خطرناک طریقوں سے کھیل رہے ہیں۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پورے پنجاب میں انسپکشن کے دوران چلڈرن ہسپتال لاہور اور پی کے ایل آئی کے انڈی کیٹرز الحمدللہ سب سے بہتر ہیں۔ پنجاب میں ابھی بھی زیادہ تر او پی ڈی، ایمرجنسی اور سرجریز الحمدللہ سرکاری ہسپتالوں میں ہو رہی ہیں۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں میں انفیکشن کنٹرول کی ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کروانا ہوگا۔ ہمیں تعلیمی اداروں میں جا کر صفائی ستھرائی بارے آگاہی سیمینارز کا انعقاد کرنا ہوگا۔ سرکاری ہسپتالوں میں کوالٹی امپروومنٹ کے شعبہ کو بھی فعال کرنے کی ضرورت ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن بہت بہتر انداز میں سرکاری ونجی ہسپتالوں کی انسپکشن کر رہا ہے۔ حکومت پنجاب کے شعبہ صحت میں اٹھائے گئے اقدامات کی کامیابی اور سو فیصد ثمرات عوام تک پہنچانے کیلئے پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کا کردار انتہائی اہم ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے اجلاس میں سرکاری ہسپتالوں میں شام کے اوقات میں پریکٹس کیلئے ماڈل تیار کرنے کی ہدایت بھی کی۔

بقیہ بقیہ جات 35

لئے ہر لمحہ تیار رہنے کا حکم دیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب ہر محکمہ کی بہترین کارکردگی کو فوکس کیے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کام نہ کرنے والے ملازمین کے بارے زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر سختی سے عمل درآمد کرنے کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر تمام سرکاری اداروں میں احتساب اور شفافیت کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 36

گئی، جن میں اقلیتی کمیونٹی کی فلاح و بہبود اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے مختلف اقدامات شامل تھے۔ خاص طور پر "مینارٹیز کارڈ" کے اجراء اور اس میں حائل رکاوٹوں کے حل پر تفصیلی بحث کی گئی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ اقلیتی حقوق کا تحفظ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اور اس کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ اجلاس میں اقلیتی نمائندوں نے اپنے اپنے مسائل اٹھائے اور ان کے حل کے لیے مشترکہ اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ اجلاس کے اختتام پر صوبائی وزیر نے یقین دہانی کرائی کہ حکومت اقلیتی کمیونٹی کی فلاح کے لیے مزید عملی اقدامات کرے گی اور ان کی مشکلات کو حل کرنے کے لیے مناسب پالیسیوں پر کام جاری رکھے گی۔

بقیہ بقیہ جات 37

وفاقی حکومت اور وفاقی محکمہ داخلہ سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ دائر درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ کرم میں سڑکوں کی بندش، صحت کی بنیادی سہولیات سے شہری محروم ہیں، امن وامان کی خراب صورتحال کے باعث شہری نہ ضلع کرم سے آ سکتے ہیں اور نہ ہی جا سکتے ہیں۔ درخواست گزار کی جانب سے کہا گیا کہ کرم میں ٹرانسپورٹ اور موبائل سروس بھی بند ہے، گزشتہ 2 سے 3 مہینوں سے ضلع کرم میں معمولات زندگی شدید متاثر ہیں، خوراک کی بھی شدید قلت پیدا ہو گئی ہے، ضلع کرم کے شہری بنیادی حقوق سے محروم ہیں۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ ضلع کرم میں امن وامان بحال کر کے مراکز صحت اور تعلیمی ادارے کھولے جائیں اور درخواست کو جلد سماعت کے لیے مقرر کیا جائے۔ پاراچنار کو دوسری اضلاع سے لنک کرنے والی سڑک گزشتہ 2 ماہ سے بند ہے، شہر میں اشیائے خورد ونوش، ادویات، ایندھن، ایل پی جی اور لکڑی سمیت ہر چیز ناپید ہو گئی۔ پاراچنار ٹل واحد مین شاہراہ 12 اکتوبر سے لے کر اب تک ہر قسم آمد ورفت کے لیے بند ہے، جس کے باعث ضلع کرم کے صدر مقام پاراچنار شہر کو ہر قسم کی سپلائی معطل ہونے سے شہری ایک کلو چینی، گھی، آٹے اور نمک کے لیے ترس گئے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ شہر میں غذائی قلت پیدا ہو گئی شہر میں ایک کلو آلو کی قیمت 350 روپے، ٹماٹر 200 روپے اور پیاز 300 روپے فی کلو کے حساب سے فروخت ہو رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 38

اکبرؓ محسن اسلام اور محافظ ختم نبوت ﷺ ہیں، خلیفہ بلافصل سیدنا صدیق اکبرؓ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر مسلمان پوری دنیا پر غالب آ سکتے ہیں، خلفائے راشدین کے ایام سرکاری سطح پر منائے جائیں، صحابہ کرامؓ کی سیرت وکردار پر مبنی تعلیمی نصاب بنایا جائے، سیدنا صدیق اکبر ختم نبوت کے محافظ اول ہیں، سیدنا صدیق اکبرؓ نے انتہائی مشکل حالات میں نظام خلافت سنبھالا اور فتنہ ارتداد و جھوٹے مدعیان نبوت اور منکرین زکوٰۃ کی سرکوبی فرمائی اور کفر کی دو بڑی طاقتوں روم اور فارس کو شکست فاش دے کر اسلامی فتوحات کا آغاز فرمایا اور ہر طرف امن وسکون اور خلافت راشدہ کے مقدس نظام کے ثمرات وبرکات نظر آنے لگے، سیدنا صدیق اکبرؓ آپ نے جنگ یمامہ میں کثیر تعداد میں حفاظ قرآن کی شہادت کے بعد سیدنا حضرت فاروق اعظمؓ کے مشورے سے قرآن کی جمع و تدوین کا عظیم کارنامہ سرانجام دیا، سیدنا صدیق اکبرؓ کا دور خلافت مسلمان حکمرانوں کیلئے مشعل راہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 39

کیے گئے، نمبر پلیٹس میں چھیڑ چھاڑ یا رد و بدل کرنے پر 13 ہزار سے زائد موٹر سائیکلوں کو بند کیا گیا۔ 12 ہزار سے زائد کاروں کو غیر نمونہ فینسی نمبر پلیٹس لگانے پر 60 لاکھ سے زائد کے جرمانے کیے گئے، 5600 سے زائد موٹر سائیکل اور گاڑیوں کو جعلی نمبر پلیٹس لگانے پر سخت قانونی کارروائی کی گئی۔ ای چالان اور کیمروں سے بچنے کیلئے نمبر پلیٹس کے ہندسوں کو چھپانے پر 5 ہزار سے زائد موٹر سائیکل گاڑیوں کے خلاف کارروائی کی گئی، 30 ہزار 756 کمرشل گاڑیوں کو بھی نمبر پلیٹس میں رد و بدل پر بھاری جرمانے اور سخت قانونی کارروائی کی گئی۔ ایڈیشنل آئی جی مرزا فاران بیگ نے کہا کہ صوبہ بھر میں ٹریفک پولیس کی کمرشل نان کمرشل ہر قسم کی گاڑیوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ نمبر پلیٹ گاڑی کی پہچان ہے گاڑی کی پہچان کو چھپانا قانوناً جرم ہے۔

بقیہ بقیہ جات 40

گے۔ پنجاب میں پیپلز پارٹی کی طاقت، کھویا ہوا مقام اور وقار دوبارہ بحال کریں گے۔ رانا جمیل منج نے کہا کہ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نوجوانوں کے حقیقی معنوں میں لیڈر ہیں۔ ملک میں سیاسی اور معاشی استحکام کے لیے نوجوان قیادت کو آگے لانا ہوگا۔ انشاءاللہ بلاول بھٹو زرداری کو ملک کا اگلا وزیراعظم بنائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی شہدا کی پارٹی ہے جو کہ خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 41

ہیں؟۔ رانا جاوید عمر نے کہا کہ فارم سینتالیس مارکہ حکومت جتنا ظلم کر سکتی ہے کر لے لیکن ہمیں ملک و قوم کیلئے کی جانے والی جدوجہد سے پیچھے نہیں ہٹا سکتی، دباؤ میں لانے کیلئے جتنے اوچھے ہتھکنڈے آزمانے تھے وہ آزمائے جا چکے ہیں لیکن ہم آج بھی ڈٹ کر کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے ملک اور عوام کے لئے لازوال قربانی دے کر تاریخ میں اپنا نام سنہری حروف میں لکھوا لیا ہے، کیا ہمارے سیاسی مخالفین اس طرح کی قربانی کی کوئی مثال پیش کر سکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 42

رہے ہیں۔ حکومت ان کیلئے فکرمند ہے۔ انہوں نے کویت میں مقیم پاکستانی کمیونٹی سے اپیل کی کہ ملکی معیشت بہتر بنانے کیلئے زیادہ سے زیادہ رقوم قانونی طریقے سے بھیجیں۔ بہتر ہوگا کہ روشن پاکستان اکاؤنٹ کے ذریعہ رقوم کی ترسیل کریں۔ انہوں نے ان خبروں کو بے بنیاد قرار دیا کہ 1000 ڈالرز سے زائد رقوم بھیجنے پر حکومت ٹیکس وصول کرے گی۔ انہوں نے بیرونی ممالک میں مقیم پاکستانیوں سے کہا کہ وہ افواہوں پر کان نہ دھریں کوئی بھی خبر ملے تو اس کی تصدیق کر لیا کریں انہوں نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن (او پی ایف) کے نئے چیئرمین آ گئے ہیں سمندر پار مقیم پاکستانیوں کے مقدمات جلد نمٹانے کیلئے خصوصی عدالتیں قائم کر دی گئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 43

ایس پی (سکیورٹی ون) خالد محمود افضل، ایس پی کینٹ (آپریشنز) اویس شفیق، ایس پی کینٹ (انویسٹی گیشن) بشریٰ نثار اور ایس ٹی او ٹریفک سٹی منیر احمد ہاشمی نے شرکت کی۔ لاہور پولیس کے مختلف دفتر کے 10 جونیئر کلرکس کو سینئر کلرک کے عہدے پر ترقی کے احکامات جاری کر دیئے گئے ہیں۔ ترقی پانے والوں میں آپریشنز، انویسٹی گیشن اور سکیورٹی ڈویژن سمیت لاہور پولیس کے مختلف یونٹس کے ملازمین شامل ہیں۔ جونیئر کلرک شاہزیب رفیق، وقار انور، حافظ ناصر سلیم، حیدر علی، محمد اشفاق، سید سائل عباس، ماجد حسین، زکریا حمید، اشرف علی اور محمد وقاص کو سینئر کلرک کے عہدے پر ترقی دی گئی ہے۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے پروموٹ ہونے والے پولیس ملازمین کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ سال 2023ء سے اب تک لاہور پولیس کے 4200 سے زائد محکمانہ پروموشنز کی گئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 44

کرنے والوں کیخلاف سنجیدہ اقدامات کر کے عوام کو ریلیف فراہم کرے۔ انہوں نے مزید کہا کہ خود ساختہ نرخ کے باعث ہونے والی مصنوعی مہنگائی نے عام آدمی کی قوت خرید ختم کر کے رکھ دی ہے ایک طرف حکومت کی جانب سے مسلسل مہنگائی میں اضافہ کیا جا رہا ہے تو دوسری طرف دکانداروں نے من مانے ریٹ مقرر کر رکھے ہیں جنہیں کوئی پوچھنے والا تک نہیں رہنماؤں نے کہا کہ عوام پہلے ہی بجلی اور سوئی گیس کے ناقابل برداشت بل ادا کر رہی ہے لوگوں کیلئے دو وقت کا کھانا پورا کرنا مشکل ہوتا جا رہا ہے آئی ایم ایف کی پالیسیوں نے نہ صرف محنت کش طبقہ بلکہ مڈل کلاس بھی غربت کی لکیر سے نیچے کی زندگی بسر کرنے پر مجبور ہے رہنماؤں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد کیلئے عملی اقدامات اٹھائے۔

بقیہ بقیہ جات 46

کیا ہے۔ ٹرانزٹ ٹریڈ کے عمل کو انسانی مداخلت سے پاک کرنے کے لیے اہم تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ لائسنس یافتہ کمپنیوں کے لیے جدید ٹریکنگ آلات کا استعمال یقینی بنایا جائے گا۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کے آڈٹ کی بنیاد پر سسٹمز کا جائزہ لیا جائے گا۔ نئے قوانین کے تحت ٹریکنگ آلات کی اپ گریڈیشن کو وقتاً فوقتاً چیک کیا جائے گا۔ ایف بی آر کی جانب سے جدید ترین ٹریکنگ ٹیکنالوجی کا اطلاق یقینی بنانے کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ سسٹمز کی مانیٹرنگ اور آڈٹ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کے مطابق ہوگی۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر کو ٹریکنگ اور مانیٹرنگ کے آلات کی مسلسل اپ ڈیٹ رکھنے کی ذمہ داری دیدی گئی ہے۔ ایف بی آر نے ٹریکنگ آلات اور سسٹمز کا آڈٹ بھی لازمی قرار دیدیا ہے۔ ایمرجنسی میں فوری فیصلوں کے اختیارات بورڈ کی بجائے لائسنسنگ کمیٹی کو دے دیے گئے ہیں، نوٹیفکیشن کے مطابق ٹریکنگ ڈیوائسز اور آلات کی تصدیق کے لیے لائسنسنگ کمیٹی کی منظوری لازمی قرار دیدی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 47

علاوہ انچارج شادی پروگرام طلعت خان، انچارج کمیونٹی سروسز عظمیٰ محمد علی نے بھی شرکت کی جبکہ اس موقع پر فیملی کاؤنسلر فلاح خاندان سینٹر عاصمہ غنی نے خصوصی خطاب کیا۔ شادی گفٹ میں دلہن کے عروسی جوڑے و دیگر کپڑوں کے علاوہ دولہا کے کپڑے، ڈریس سیٹ، کچن کا سامان، ٹرنک، جیولری، واٹر کولر، سٹیل کے برتن، دیگچے، ڈنر سیٹ، کوکر، بیگ اور دیگر ضرورت کی اشیا شامل ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے عاصمہ غنی نے کہا کہ ہر والدین کی اولین خواہش ہوتی ہے کہ وہ اپنی بیٹیوں کے ہاتھ پیلے کریں لیکن موجودہ مہنگائی کے دور اور سماج کے رسم ورواج اور نمائش نے اس فریضہ کی ادائیگی کو انتہائی مشکل بنا دیا ہے، بہت سی بیٹیوں کے بالوں میں گھر بیٹھے چاندی اتر آتی ہے جو والدین کے لئے مزید اداسی اور فکر کا باعث بنتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ لوگوں میں شعور بیدار کیا جائے اور اسلامی تعلیمات کے مطابق سادگی کو اپنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہم اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہوں اور نبی پاک ﷺ کی زندگی کو سامنے رکھتے ہوئے سادگی کو اپنائیں تو یہ مسائل خود بخود حل ہو جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 48

کاری اور لاشوں کی سیاست کو وطیرہ بنا کر نوجوان نسل کو بدتمیزی اور ملک دشمنی کا درس دیا گیا، ڈی چوک میں آئین اور قانون کے تقاضوں کو پورا کرنے کا وقت تھا مگر بدقسمتی سے تخریبی سیاست کا آغاز کرنے والے خود ہی اس میں پھنس گئے، اب بھی وقت ہے کہ ملک اور قوم کا وقت تباہ کرنے کی بجائے جھوٹ کی سیاست سے کنارہ کشی کر کے تعمیری سوچ کا آغاز کیا جائے تاکہ ملک سے مہنگائی، بے روزگاری اور لاقانونیت کا سلسلہ بند ہو سکے۔ برعکس طاہر کا مزید کہنا تھا کہ تحریک انصاف طعنہ زنی، اور لاشوں کی سیاست سے توبہ کر لے اور ملک سے مذاق کا سلسلہ بند کر کے آئین اور قانون کو خندہ پیشانی سے قبول کرلے تاکہ ملک سے عوامی محرومیوں کا ازالہ ہو سکے۔

بقیہ بقیہ جات 49

نے شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی محتسب اعلیٰ پنجاب کے میڈیا ایڈوائزر عبدالباسط خاں کی جانب عوام کو محتسب کے ادارہ بارے آگاہی دینے کے لئے گورنمنٹ گریجوایٹ کالج بورے والا میں آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈپٹی کمشنر وہاڑی عمرانہ توقیر، اسسٹنٹ کمشنر ملک فاروق احمد، سابق اراکین پارلیمنٹ چوہدری فقیر احمد آرائیں، چوہدری نذیر احمد آرائیں، سردار خالد محمود ڈوگر، پرنسپل گورنمنٹ کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم، پرنسپل گورنمنٹ گریجوایٹ کالج آف کامرس پروفیسر ڈاکٹر عبدالشکور، چوہدری نعیم صابر، سول سوسائٹی کے ارکان، محتسب پنجاب میڈیا ٹیم اسسٹنٹ ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز عادل اصغر، میڈیا ایڈوائزر پی اس شہروز خان، اسسٹنٹ کوآرڈینیٹر فرحان خورشید اور طلباء وطالبات نے شرکت کی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی محتسب کے ایڈوائزر عبدالباسط خاں نے کہا کہ انکا ادارہ پنجاب کے تمام صوبائی محکموں سے متعلق عوامی شکایات کا بغیر کسی، وکیل یا سفارش کے ازالہ یقینی بناتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 50

تحقیق پیش کیں ٹیکنیکل سیشن میں پاکستانی معیشت اور ترقی کا جائزہ لیا گیا مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اپنی صلاحیت اور دستیاب وسائل کے باوجود پاکستانی معیشت کو بہت بڑے مسائل کا سامنا ہے۔ معاشی مشکلات ہی پاکستان کی ترقی میں بڑی رکاوٹ ہیں۔ جہاں حکومتی اخراجات محصولات سے زیادہ ہیں یہ خسارہ ملک کے قرضوں کے بحران میں اہم کردار ادا کرتے ہوئے بھاری قرضے لینے کا باعث بنتا ہے۔ مہنگائی کی اونچی شرح نے اوسط پاکستانی کی قوت خرید کو ختم کر دیا ہے، جس سے شہریوں کے لیے بنیادی ضروریات کا حصول مشکل ہو گیا ہے۔ صنعتی ترقی کو آسان بنانے اور برآمدی مسابقت کو بڑھانے کے لیے بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں میں سرمایہ کاری، جیسے سڑکیں، بندرگاہیں اور توانائی کے منصوبوں پر کام کرنا پڑے گا۔ اس وقت پاکستان کا گردشی قرضہ بڑھ کر 7.5 ٹریلین روپے تک پہنچ گیا ہے جو کہ جی ڈی پی کا 4.5 فیصد ہے پاور سیکٹر کا گردشی قرضہ 703.2 جب کہ گیس سیکٹر کا 022.3 ٹریلین روپے ہے۔ اسمارٹ ٹیکنالوجی سے بجلی سسٹم لاسز چھ ماہ میں پچاس فیصد تک کم کیے جا سکتے ہیں۔ بھارت سمیت مختلف ممالک میں اسمارٹ گرڈ اور اسمارٹ ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جا رہا ہے، لیکن پاکستان میں اس کا فقدان ہے ماہرین کا کہنا تھا کہ پاکستان میں بجلی کافی مہنگی بنائی جا رہی ہے، ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن لاسز بھی کافی ہیں، جدید ٹیکنالوجی سے ان پر قابو پا کر صارفین کو ریلیف دیا جا سکتا ہے ہم انسانی وسائل اور خصوصاً ٹیکنالوجی کے میدان میں دنیا سے بہت پیچھے رہ گئے ہیں۔

اطلاع عام / تلاش گمشدہ

میری ماسٹر آف کمیونیکیشن ایوننگ سیشن 2004-2006 رجسٹریشن نمبر 01-wsd-105 رول نمبر 17 کی ڈگری گم ہوگئی ہے تمام سرکاری وغیر سرکاری ادارے آگاہ رہیں اور اگر کسی کو ملے تو مجھے میرے ایڈریس پر بھجوا کر مشکور فرمائیں۔

المشتہر:
ثنا حلیم شیخ دختر شیخ عبدالحلیم جیون لاج سٹریٹ بالمقابل جناح ہال، موکان نمبر 538/3-BVHI ساہیوال

بقیہ بقیہ جات 51

اس بات پر اتفاق ہے کہ دہشت گردی اور آئی ایس کے خلاف جنگ ابھی ختم نہیں ہوئی بلکہ اس کے لئے اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں ہماری موجودگی نے بین الاقوامی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اہم کردار ادا کیا"۔ روسی نائب وزیر خارجہ نے مزید کہا کہ روس نے شام کے حیات تحریر الشام (ایچ ٹی ایس) گروپ کی سیاسی کمیٹی کے ساتھ رابطے قائم کیے ہیں اور ملک میں روسی سفارتی مشن اور شہریوں کی سلامتی کو یقینی بنانے کے امور پر تبادلہ خیال کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ روس اپنے شہریوں کو مدد فراہم کرنے کے لئے تیار ہے جو شام چھوڑنا چاہتے ہیں۔ بوگدانوف نے یہ بھی کہا کہ روس شام کی صورتحال کے حوالے سے اسرائیل کے ساتھ رابطے میں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 52

آ گیا، آگ کی شدت دیکھ کر اہل خانہ سمجھے کہ سلنڈر پھٹا ہے۔ فائر بریگیڈ کے آگ بجھانے کے بعد پولیس نے متاثرہ گھر کا مشاہدہ کیا تو گھر میں سلنڈر پھٹنے کے کوئی شواہد نہیں ملے۔ آتشزدگی میں پانچ بہنیں زخمی ہوئی ہیں، جن کی عمریں 3 سے 9 سال کے درمیان ہیں، زخمی بچیوں کو سول اسپتال کے برنس وارڈ میں طبی امداد دی گئی، زخمی بچیوں کی حالت خطرے سے باہر ہے۔ زخمیوں بچیوں میں تین سال کی عشاء، پانچ سال کی علیشاہ، سات سال کی منال، نو سال کی تعبیر اور گیارہ سال کی عائزہ شامل ہیں، زخمی بچیوں کی حالت خطرے سے باہر ہے۔

بقیہ بقیہ جات 53

پربت اور بٹوگاہ میں برف باری ہوئی۔ لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں بھی شدید سردی، بلوچستان میں کوئٹہ، قلات، چمن، قلعہ عبداللہ، پشین اور زیارت سمیت صوبے بھر میں شدید سردی کے باعث پانی پائپوں میں جم گیا۔ پہاڑی تودا گرنے سے گلگت اسکردو روڈ بند ہے، کراچی میں بھی سردی، پارہ 11 ڈگری تک گر گیا۔

بقیہ بقیہ جات 54

گئی ہے۔ گرفتار ملزمان میں نجم، کامران اور مدثر شامل ہیں، ملزمان نے دوران تفتیش 100 سے زائد وارداتوں کا انکشاف کیا ہے۔ ملزمان کی کچھ روز قبل کی سیلز مین کی گاڑی کو لوٹنے کی سی سی ٹی وی ویڈیو بھی موجود ہے۔ ملزمان علاقے میں دکانوں پر سپلائی کے لیے آنے والی گاڑیوں کو ٹارگٹ کرتے تھے۔ ملزمان نے ناظم آباد، گلشن اقبال، فیروز آباد، ٹیپو سلطان، محمود آباد اور الفلاح میں بھی وارداتیں کی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 55

دنیا میں اپنی نوعیت کا یہ سب سے بڑا منصوبہ گزشتہ 10 سالوں کے دوران اپنے وسطی اور مشرقی راستوں کے ذریعے ملک کے شمالی علاقوں میں 7.76 ارب مکعب میٹر سے زیادہ پانی منتقل کر چکا ہے۔ آبی وسائل کے نائب وزیر وانگ ڈاؤشی نے پریس کانفرنس میں کہا کہ اس منصوبے نے چین کے آبی وسائل کی تقسیم کے منظرنامے کو بہتر بنایا ہے اور اقتصادی، سماجی اور ماحولیاتی فوائد میں اضافہ کیا ہے۔ وزارت کے مطابق اس منصوبے نے چین کے شمالی علاقوں میں جی ڈی پی کی نمو میں 160 کھرب یوآن (تقریباً 22 کھرب 30 ارب امریکی ڈالر) سے زیادہ حصہ ڈالا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 56

معیشت عمومی طور مستحکم اور پائیدار ہے اور یہ ترقی کی سمت میں گامزن ہے۔ چینی سفیر نے کہا کہ ہم مجموعی طور پر معاشی استحکام کو یقینی بنانے اور خطرات سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں۔ ہماری اعلیٰ معیار کی ترقی پرجوش انداز میں آگے بڑھ رہی ہے اور اس کی مثبت رفتار برقرار رہنے کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ چینی سفیر نے اس بات پر زور دیا کہ گرم وسرد حالات کے باوجود چینی معیشت نے اتنا طویل سفر طے کیا ہے۔ شائے کا کہنا تھا کہ چین کو یقین ہے کہ وہ رواں سال کی شرح نمو کا ہدف حاصل کرلے گا۔ اگلے سال ہم میکرو اقتصادی پالیسیوں پر عمل کریں گے جو زیادہ فعال اور موثر ہوں گی اور اہم شعبوں اور بیرونی جھٹکوں کے خطرات کو روک کر اسے حل کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 57

تحصیل درگ کے تمام ریسکیو فورس کو آگ بجھانے کیلئے روانہ کیا گیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے تین گھنٹے کی کوششوں سے آگ پر قابو پا لیا اور آگ کو مکمل طور پر بجھا دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے آگ بجھانے کے آپریشن میں حصہ لینے والے تمام ملازمین کو نقد انعام اور تعریفی اسناد دینے کا اعلان کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 58

مشقوں کے بارے میں میڈیا کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہی، جس میں پی ایل اے کے غیر متزلزل عزم پر زور دیا گیا۔ ترجمان نے قومی خودمختاری اور علاقائی سالمیت، چینی قوم کے بنیادی مفادات کے تحفظ اور آبنائے تائیوان کے دونوں اطراف کے ہم وطنوں کے مشترکہ مفادات کا دفاع کرنے کے لئے پی ایل اے کے مشن کا اعادہ کیا۔ ترجمان وو چیان نے کہا کہ بیرونی حمایت حاصل کرنے یا طاقت کا سہارا لے کر قوم کو تقسیم کرنے کی کسی بھی کوشش کی سرکوبی کی جائے گی اور انہیں کبھی کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 59

قدیمہ اور اشاعتوں سمیت تقریباً 2 ہزار 100 اشیاء رکھی گئی ہیں جو جاپانی شاہی فوج کے یونٹ 731 کے جرائم کے ثبوتوں کے بارے میں حاصل کی گئی ہیں۔ ژانگ کا کہنا ہے کہ نمائش میں پیش کردہ کچھ نئے شواہد موجودہ تاریخی مواد کے لیے اہم ہیں جو دوسری جنگ عظیم کے دوران جاپان کی جراثیمی جنگی سرگرمیوں پر مزید تحقیق کے لئے قیمتی مواد مہیا کرتے ہیں۔ ژانگ کے مطابق اس نمائش میں 1920 اور 1940 کی دہائی کے درمیان جاپان میں شائع ہونے والے مختلف طبی جرائد کو بھی نمائش کے لئے رکھا گیا ہے، جن کی کل 347 جلدیں ہیں۔ نمائشی ہال اور ہی لونگ جیانگ انٹرنیشنل یونیورسٹی کی مشترکہ تحقیق میں یونٹ 731 کے شیرو ایشی اور ماساجی کتانو سمیت مرکزی ارکان کے لکھے گئے 42 طبی مقالوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 60

صغیر شاہد نے کالم نگاروں سے ملاقات کی۔ سیکرٹری اطلاعات طاہر رضا ہمدانی نے سینئر صحافیوں کو وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے دورہ چین پر بریفنگ دی۔ اس موقع پر انکا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز چین کے تاریخی دورے پر ہیں جہاں وہ عوام کی فلاح و بہبود کے تاریخی معاہدے کر رہی ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے نوازشریف کینسر ہسپتال کے لئے بھی تاریخی معاہدہ کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ کے دورہ چین کے ثمرات آنے والے دنوں میں صوبہ پنجاب کی عوام کو ملیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں سموگ کے خاتمے کے لئے بھی چین کے ساتھ مل کر کام کرنے پر اتفاق ہوا ہے۔ پنجاب میں سکول کی سطح پر آرٹیفیشل انٹیلی جنس کو فروغ دینے کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب نے وہاں کی کمپنیوں کے دورے کئے ہیں۔ پنجاب کے سکولوں میں اے آئی پر کام شروع کرنے پر جلد پیش رفت ہوگی۔ ڈی جی پی آر غلام صغیر شاہد نے بتایا کہ اخبارات کو اشتہارات کی منصفانہ تقسیم اور میڈیا کی مسلسل ادائیگیوں کا سلسلہ بڑی تیزی سے جاری ہے۔ گزشتہ دور حکومت کی التواء شدہ ادائیگیاں دستاویزات مکمل ہونے پر ادا کردی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چھوٹے اور بڑے اخبارات کو مکمل منصفانہ انداز میں اشتہارات دیے جا رہے ہیں۔ جو زیر التواء ادائیگیاں ہیں انکو اگلے دو ماہ تک جاری کر دیا جائے گا۔ ملاقات میں سینئر صحافی مجیب الرحمٰن شامی، ارشاد عارف، پرویز بشیر، واصف ناگی شامل تھے۔ عرفان عفان، مدثر بشیر، سہیل قیصر، اعجاز حفیظ، جمیل اطہر، نجم ولی بھی وہاں موجود تھے۔ کالم نگاروں نے مریم نواز کے دورہ چین میں کینسر ہسپتال اور سولر پینل کے معاہدوں کو سراہا اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے لیے تجاویز بھی دیں۔

بعدالت مس نادیہ علی صاحبہ فیملی جج درجہ اول بھلوال

دعویٰ تنسیخ نکاح عنوان مہوش اقبال بنام صابر حسین
بنام: صابر حسین ولد محمد شریف سکنہ گلی نمبر 16 ظہور حیات کالونی بھلوال ضلع سرگودھا۔ ہرگاہ کے مقدمہ مندرجہ بالا میں مدعا علیہ مذکور کی تعمیل آسان طریقے سے ہونی مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بتاریخ 16-12-24 اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت حاضر آئیں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 61

اور سلامتی میں ٹھوس تعاون کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ تعاون کا طریقہ کار بہتر بنانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ چین نے 2024-2025 کے لئے شنگھائی تعاون تنظیم کی صدارت سنبھالی ہے اور اگلے سال شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان مملکت کی کونسل کے 25 ویں اجلاس کی میزبانی کرے گا۔

بقیہ بقیہ جات 62

اور سرگرمیوں کی فیکسز جیسے بہت سے امدادی منصوبوں کو روک دیا گیا ہے۔ فو چھونگ نے نشاندہی کی کہ انسانی امداد تمام افغان عوام کے اہم مفادات سے متعلق ہے اور اسے سیاسی دباؤ کے لئے سودے بازی کی چپ کے طور پر استعمال نہیں کیا جانا چاہئے۔ چین روایتی ڈونرز سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اپنی مالی مدد میں اضافہ کریں اور خاص طور پر امریکہ سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ غیر مشروط طور پر افغان عوام کے بیرون ملک اثاثوں کو غیر منجمد اور مکمل طور پر واپس کرے۔ فو چھونگ نے زور دے کر کہا کہ افغانستان میں ''داعش''، ''القاعدہ'' اور ''ایسٹ ترکستان اسلامک موومنٹ'' سمیت دیگر دہشت گرد قوتیں اب بھی بین الاقوامی امن اور سلامتی کے لئے ایک بڑا خطرہ ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 63

آباد، بالائی، وسطی پنجاب اور خیبر پختونخوا کے میدانی علاقوں میں صبح کے اوقات میں بعض مقامات پر کہرا پڑنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے انتباہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کے بیشتر علاقوں میں سردی کی لہر برقرار رہنے کی توقع ہے جبکہ اسلام آباد اور گردونواح میں موسم سرد اور خشک رہنے کا امکان ہے۔ پنجاب کے بیشتر اضلاع میں موسم سرد اور خشک جبکہ مری، گلیات اور گردونواح میں شدید سرد رہنے کا امکان ہے، صبح کے اوقات میں چند میدانی علاقوں میں کہرا پڑنے کی توقع ہے۔ اسی طرح سندھ اور خیبر پختونخوا کے بیشتر اضلاع میں موسم سرد اور خشک جبکہ پہاڑی علاقوں میں شدید سرد رہنے کا امکان ہے، کشمیر اور گلگت بلتستان میں موسم شدید سرد اور خشک رہنے کی توقع ہے۔

بقیہ بقیہ جات 64

نے ایس پی نیئر علی رضا، شاہ اللہ اور فیصل لغاری کو معاف کر دیا۔ نعیم معیز کے ورثاء کا کہنا ہے کہ ہم نے ملزمان کو اللہ کے نام پر معاف کر دیا ہے، ملزمان کے ساتھ عدالت کے باہر ہمارے معاملات طے پا گئے ہیں۔ ورثاء نے کہا کہ ہم ایس پی نیئر سمیت دیگر ملزمان کے خلاف کیس کی پیروی نہیں کرنا چاہتے، بغیر کسی دباؤ کے ملزمان کے ساتھ صلح کر لی ہے۔ واضح رہے کہ 14 اپریل 2024 کو درخشاں تھانے میں زیر حراست شہری معیز نعیم ہلاک ہو گیا تھا، کیس میں سابق ایس پی گلشن، ایس ایچ او درخشاں، ہیڈ محرر اور چوکی انچارج سی ویو نامزد تھے۔

بقیہ بقیہ جات 65

حدود بلجیٹر چوک اباسین مارکیٹ کے قریب پولیس ٹیم پر منشیات فروشوں نے فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں ایس ایچ او تھانہ منگلور انسپکٹر رحیم خان شہید ہو گئے۔ فائرنگ سے ہیڈ کانسٹیبل عطاء اللہ شاہ زخمی ہوئے جنہیں فوری طور پر سیدو شریف اسپتال منتقل کر دیا گیا، جہاں ان کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ پولیس کی جوابی فائرنگ کے دوران ایک منشیات فروش ہلاک ہو گیا جس کی لاش کو ضابطے کی کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ دوسرا ملزم جائے وقوعہ سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ پولیس نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے تاکہ فرار ہونے والے ملزم کو گرفتار کیا جا سکے۔ ہلاک ہونے والے ملزم کی شناخت شریف سکندر ولد بجوت منگلور سے ہوئی ہے، وہ منشیات فروشی میں ملوث تھا اور پولیس کو اس کی تلاش تھی۔

بقیہ بقیہ جات 66

ووشی میں ان کے گھر سے صرف 2 کلومیٹر کی دوری پر پریوں کی داستان جیسی ایک جگہ موجود ہے جس کی سجاوٹ اور نرم برف انہیں موسم سرما کے خوابوں میں لے جاتی ہے۔ وانگ نے اپنی وڈیو کے اختتام پر مسکراتے ہوئے کہا کہ اسکیٹنگ تناؤ کو کم کرنے کا ایک بڑا ذریعہ ہے۔ میرا پورا خاندان ہر ہفتے اسکی ریزارٹ کا دورہ کر سکتا ہے۔ یہ ناقابل یقین حد تک آسان ہے۔ ووشی یونسکی کے نام سے مشہور یہ زیر چھت سہولت 17 ہزار 500 مربع میٹر پر پھیلی ہوئی ہے اور روزانہ سیکڑوں شوقین افراد کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہے۔ اس میں یہ قابل ذکر بات یہ ہے کہ تقریباً 70 فیصد سیاحوں کا تعلق دریائے یانگسی طاس کے علاقے سے ہے جہاں مسلسل برفباری شاذ و نادر ہی ہوتی ہے۔ بلکہ سردیوں کے عادی کئی شہریوں کے لئے اس طرح کی سہولت اس ماحول کا نظارہ پیش کرتی ہے جہاں قدرتی برف نہیں ہوتی۔ چین میں موسم سرما کے کھیلوں کی مارکیٹ تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ صنعت کی تازہ ترین رپورٹ کے مطابق ملک کی برف اور برفباری کی معیشت کا حجم 2024 میں 970 ارب یوآن (133 ارب امریکی ڈالر) اور 2025 میں 10 کھرب یوآن سے زائد ہونے کی توقع ہے۔ موسم سرما کے کھیلوں میں اعلیٰ معیار کی ترقی کو حکومتی اقدامات کا تعاون بھی حاصل ہے۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
دیپالپور / ADLR صاحب دیپالپور

عنوان: انتقالات وراثت محمد ایوب (متوفی) ولد شاہ علی قوم راجپوت کھوارہ ساکن مواضعات جج، جنڈووال، اجہ بھٹہ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ عنوان بالا میں انتقالات وراثت اراضی واقع مواضعات جج، جنڈووال، اجہ بھٹہ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیے گئے ہیں۔ محمد ایوب (متوفی) بقضائے الہٰی سے وفات پا چکا ہے۔ جس کے تمام وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ شاہ علی (والد)، بلقیس بی بی (بیوہ)، محبوب عالم، نور محمد، محمود احمد، صنم ایوب، صائمہ ایوب، صباء ایوب پسران و دختران متوفی محمد ایوب ساکنان مواضعات جج، جنڈووال، اجہ بھٹہ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہیں۔ لہٰذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقالات وراثت محمد ایوب (متوفی) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بمعہ ثبوت دفتر ہذا رابطہ کرے ورنہ حسب ضابطہ منظور وتصدیق کر دیئے جائیں گے اور بعد ازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

پولیس ملازمین اور انکے اہل خانہ کی بہترین ویلفیئر اولین ترجیح ہے، آئی جی پنجاب

آر پی اوز اور ڈی پی اوز ماتحت فورس کی ویلفیئر کیلئے کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں، پولیس فورس ایک فیملی ہے

آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کی پیش کردہ درخواستیں سنیں اور فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری کئے

لاہور (کرائم رپورٹر، خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا ہے کہ پولیس ملازمین اور انکے اہل خانہ کی بہترین ویلفیئر اولین ترجیح ہے، آر پی اوز اور ڈی پی اوز ماتحت فورس کی ویلفیئر کیلئے کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں، پولیس فورس ایک فیملی ہے جس کے اراکین کی مشکلات کے ازالے کیلئے اقدامات جاری رہیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سنٹرل پولیس آفس میں پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات کے دوران کیا۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کی پیش کردہ درخواستیں سنیں اور فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری کئے۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

صوبائی وزیر صحت

سرکاری ہسپتالوں میں انفیکشن کنٹرول کی ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کرنا ہوگا

پورے پنجاب میں انسپکشن کے دوران چلڈرن ہسپتال لاہور اور پی کے ایل آئی کے انڈی کیٹرز الحمدللہ سب سے بہتر ہیں

ابھی تک حکومت پنجاب صوبہ بھر میں 55 ہزار سے زائد عطائیوں کے کاروبار بند کروا چکی ہے، خواجہ سلمان رفیق کا اجلاس سے خطاب

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سی ای او ڈاکٹر ثاقب عزیز، ڈاکٹر مشتاق سلہریا و دیگر افسران موجود تھے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اجلاس کے دوران پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس حوالے سے سی ای او ڈاکٹر ثاقب عزیز نے مختلف اقدامات پر بریفنگ دی۔ سی ای او ڈاکٹر ثاقب عزیز نے صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کو ادارہ کی سالانہ رپورٹ بھی پیش کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

لاہور، انارکلی بازار میں غیر قانونی پارکنگ اور تجاوزات کی بھر مار ہے

کرم میں امن و امان کی خراب صورتحال کیخلاف پشاور ہائیکورٹ میں درخواست دائر

مقامی شہری کی جانب سے درخواست میں صوبائی و وفاقی حکومت اور وفاقی محکمہ داخلہ سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع کرم میں امن و امان کی خراب صورتحال کے خلاف پشاور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی گئی۔ خیبر پختونخوا کے ضلع کرم میں امن و امان کی خراب صورتحال کے باعث گزشتہ 2 ماہ سے راستوں کی بندش سے شہریوں کو کئی مشکلات کا سامنا ہے، حالات سے تنگ آکر کرم کے شہری نے پشاور ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا۔ مقامی شہری کی جانب سے پشاور ہائیکورٹ میں دائر درخواست میں صوبائی حکومت،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

سیدنا صدیق اکبرؓ محسن اسلام اور محافظ ختم نبوت ﷺ ہیں، سنی علما کونسل

خلفائے راشدینؓ کے ایام سرکاری سطح پر منائے جائیں، مفتی رب نواز حنفی، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) جامع مسجد بلال سبزہ زار میں شان سیدنا صدیق اکبرؓ تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں مولانا سمیع اللہ جھنگوی شہید، رائے مشتاق احمد شہید، مولانا سیف اللہ خالد شہید، قاری عزیز الرحمن شہید سمیت دیگر جماعتی شہید کو زیر دست خراج تحسین پیش کیا گیا اور انکی مجاہدانہ زندگی پر تفصیلی گفتگو کی گئی، تقریب سے قاری محمد صہیب زبیر، صدر سنی علما کونسل لاہور و صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد اور مرکزی رہنما علامہ مفتی رب نواز حنفی نے اپنے مخصوص انداز میں سیدنا ابوبکر صدیقؓ کی شان بیان کرتے ہوئے کہا کہ سیدنا صدیق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

پرانے راوی پل کی تعمیر و بحالی، تزئین و آرائش کے لئے 22 کروڑ کے فنڈز کی منظوری

لاہور (این این آئی) پرانے راوی پل کی تعمیر و بحالی، تزئین و آرائش کے لئے 22 کروڑ کے فنڈز کی منظوری دیدی گئی، فنڈز سے نئی سفالٹ کارپٹنگ، ایکسپینشن جوائنٹس نئے لگائے جائیں گے۔ ایل ڈی اے نے سمری وزیر اعلیٰ پنجاب اور پنجاب کابینہ کو بھجوائی تھی۔ پنجاب کابینہ سے ایل ڈی اے کے پرپوزل کو منظور کیا گیا، ایل ڈی اے نے موجودہ فور لین ٹریفک کیلئے برج کی تعمیر و بحالی تجویز کی تھی۔ اس وقت چار لین ٹریفک جبکہ 2 لین میٹرو بس کے لئے مختص ہیں۔ بھاری ٹریفک کے گزرنے سے پرانا راوی برج ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے۔

جب اسٹیبلشمنٹ کہے گی تو پھر ہی بااختیار مذاکرات ہونگے، احمد خان بھچر

سرگودھا (این این آئی) تحریک انصاف کے پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر ملک احمد خان بھچر نے انسداد دہشت گردی عدالت میں پیشی کے لئے سرگودھا آمد پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت با اختیار نہیں اور اسٹیبلشمنٹ با اختیار ہے، جب اسٹیبلشمنٹ کہے گی تو پھر ہی بااختیار مذاکرات ہونگے، احمد خان بھچر نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں سیاسی اجتماع پر سیدھی فائرنگ ہوئی جس کے ذمہ دار شہباز شریف ہیں۔ ان کے لواحقین کو دھمکایا جا رہا ہے۔ اسی وجہ سے ان لوگوں کو سامنے نہیں لایا جا رہا۔

غیر نمونہ غیر قانونی فینسی پلیٹس لگانے میں موٹر سائیکل سوار سر فہرست

پنجاب بھر میں گزشتہ 5 ہفتوں سے جاری مہم میں 1 لاکھ 24 ہزار سے زائد چالان

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ نے جعلی فینسی غیر قانونی غیر نمونہ نمبر پلیٹس لگانے والوں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری رکھنے کے احکامات جاری کیے ہیں۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق پنجاب بھر میں گزشتہ 5 ہفتوں سے جاری مہم میں 1 لاکھ 24 ہزار سے زائد چالان کیے گئے۔ 75 ہزار سے زائد موٹر سائیکلوں کی نمبر پلیٹس کے ساتھ چھیڑ چھاڑ پر ایک کروڑ 50 لاکھ 80 ہزار کے جرمانے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

پشاور ہائیکورٹ میں ایڈیشنل ججز کی تعیناتی کیلئے 32 نام تجویز کر دیئے گئے

چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ کی جانب سے 9 نام تجویز کیے گئے ہیں جبکہ رکن اسمبلی منیر حسین لغمانی نے تین نام تجویز کیے

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ میں ایڈیشنل ججز کی تعیناتی کیلئے 32 نام تجویز کر دیئے گئے۔ جوڈیشل کمیشن پاکستان کی جانب سے جاری اعلامیہ میں بتایا گیا ہے کہ چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ جسٹس اشتیاق ابراہیم کی جانب سے 9 نام تجویز کیے گئے ہیں جبکہ رکن اسمبلی منیر حسین لغمانی نے تین نام تجویز کیے۔ اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کی جانب سے ایک جبکہ صوبائی وزیر قانون آفتاب عالم کی جانب سے 4 نام تجویز کیے گئے ہیں۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو بی جی آئی جینومکس ہیڈ آفس میں بریفنگ دی جا رہی ہے

افغانستان کے اندر اور اس سے ہونے والی دہشت گردی سنگین خطرہ ہے، پاکستانی مندوب عثمان جدون

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے عالمی برادری کو خبردار کیا ہے کہ افغانستان میں سرگرم دہشت گرد گروپ تحریک طالبان پاکستان القاعدہ کے بازو کے طور پر ابھر کر اپنے علاقائی اور عالمی سطح پر دہشت گردی کے ایجنڈے کے ساتھ خطے کو عدم استحکام سے دوچار کر سکتا ہے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے قائم مقام مستقل مندوب عثمان جدون نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں افغانستان کی صورتحال پر مباحثے کے دوران بتایا کہ افغانستان کے اندر اور اس سے ہونے والی دہشت گردی ملک، خطے اور دنیا کے لئے واحد سنگین خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغان عبوری حکومت داعش خراسان کے خلاف لڑ رہی ہے۔

خوارج دہشتگردوں کی سرکوبی کرنے والے سی ٹی ڈی اہلکاروں کیلئے فنڈز کی منظوری

لاہور (این این آئی) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے خوارج دہشتگردوں کی سرکوبی پر 05 ریجنز کے سی ٹی ڈی اہلکاروں کیلئے 38 لاکھ 50 ہزار روپے کی منظوری دے دی۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق ملتان ریجن کے سی ٹی ڈی اہلکاروں کے لئے 10 لاکھ، فیصل آباد ریجن کیلئے 17 لاکھ، لاہور ریجن کے اہلکاروں کے لئے ساڑھے 7 لاکھ روپے، ساہیوال اور راولپنڈی کے سی ٹی ڈی اہلکاروں کیلئے 2، 2 لاکھ روپے منظور کیے گئے ہیں۔

صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

(ن) لیگ کو ہمارے ساتھ کیے گئے وعدے پورے کرنے ہوں گے، رانا جمیل منج

ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے اتحاد، مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے، جنرل سیکرٹری پیپلز پارٹی لاہور

لاہور (این این آئی) پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کو ہمارے ساتھ کیے گئے وعدے پورے کرنے ہوں گے، ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لئے اتحاد اور مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی کی رابطہ کمیٹی کا اجلاس لاہور میں 24 دسمبر کو ہوگا، امید ہے اس کے بعد معاملات مزید بہتری کی طرف جائیں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

عمران خان صرف اپنی قوم کے لئے جیل کی سلاخوں کے پیچھے ہیں، رانا جاوید عمر

جبر، تشدد اور جیلیں ہمیں جدوجہد سے پیچھے سے نہیں ہٹا سکتیں، ہمارے حوصلے بلند ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما رانا جاوید عمر نے کہا ہے کہ عمران خان صرف اپنی قوم کے لئے جیل کی سلاخوں کے پیچھے ہیں، جبر، تشدد اور جیلیں ہمیں جدوجہد سے پیچھے سے نہیں ہٹا سکتیں، ہمارے حوصلے بلند ہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ جعلی حکومت کا ظلم، جبر اور قید و بند کی صعوبتیں ہمیں حقیقی آزادی اور جمہوریت کیلئے جاری جدوجہد سے پیچھے نہیں ہٹا سکتیں، جعلی حکمران جیل میں ناحق قید رکھنے کا کوئی جواز پیش کر سکتے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

ٹرانزٹ ٹریڈ کے سامان کی مانیٹرنگ مزید سخت، کمپنیوں کو قانونی کارروائی کا انتباہ

لائسنس یافتہ ٹرانزٹ ٹریڈ کمپنیاں جدید آلات اور ٹیکنالوجیز کے استعمال کی پابند قرار

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت نے عالمی مالیاتی فنڈ کی شرائط پر عمل کرتے ہوئے ایف بی آر کا جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے اصلاحات کا فیصلہ کر لیا۔ ٹرانزٹ ٹریڈ کرنے والی لائسنس یافتہ کمپنیوں کو جدید آلات اور ٹیکنالوجیز کے استعمال کا پابند بنا دیا گیا ہے، عملدرآمد نہ کرنے والی کمپنیوں کو سخت قانونی کارروائی کا انتباہ کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ٹرانزٹ ٹریڈ اور لائسنسنگ کے عمل میں شفافیت یقینی بنانے کے لیے نئے اقدامات متعارف کروائے گئے ہیں۔ ٹریکنگ اور مانیٹرنگ کا عمل جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

حکومت اور مہنگائی نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے، جے یو آئی

مصنوعی مہنگائی کرنے والوں کیخلاف سنجیدہ اقدامات کر کے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ حکومت اور مہنگائی نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے، بڑے دوکاندار اپنی من مانی کرتے ہوئے جب چاہیں اشیاء خورونوش کی قیمتوں میں اضافہ کر لیتے ہیں، ضلعی انتظامیہ مصنوعی مہنگائی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

میرٹ اور سنیارٹی پر پورا اترنے والے پولیس ملازمین کی پروموشن کر دی گئی

لاہور پولیس کے مختلف ونگز میں تعینات 10 جونیئر کلرکس کی سینئر کلرکس کے عہدوں پر ترقی کے احکامات جاری

سال 2023ء سے اب تک 4200 سے زائد محکمانہ پروموشنز کی گئی ہیں، بلال صدیق کمیانہ

لاہور (کرائم رپورٹر) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر میرٹ اور سنیارٹی پر پورا اترنے والے لاہور پولیس کے مختلف ونگز میں تعینات جونیئر کلرکس کی سینئر کلرکس کے عہدوں پر ترقی دے دی گئی۔ ایس ایس پی (ایڈمن) عاطف نذیر کی چیئرمین شپ میں منعقدہ پروموشن بورڈ کے اجلاس میں ایس ایس پی (آپریشنز) تصور اقبال،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

سمندر پار مقیم پاکستانیوں پر قوم کی ترسیل پر ٹیکس کی افواہیں بے بنیاد ہیں، بیرسٹر امجد ملک

خصوصی عدالتیں اوورسیز پاکستانیوں کے مقدمات 90 دن میں نمٹائیں گی

چیئرمین اوورسیز پاکستانی کمیشن اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب کا کویت میں پاکستانی کمیونٹی سے خطاب

لاہور (این این آئی) چیئرمین اوورسیز کمیونٹی پنجاب دو روزہ دورہ پر گزشتہ روز کویت پہنچے انہوں نے مقامی ہوٹل میں پاکستانی کمیونٹی کی سرکردہ شخصیات سے ملاقاتیں کیں اور خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں انکا کہنا تھا کہ سمندر پار مقیم پاکستانی ملک کی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں وہ سالانہ 25 ارب ڈالرز سے زائد قوم پاکستان بھیج

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

وزیر اعلیٰ پنجاب کی معاون برائے پاپولیشن ویلفیئر سائرہ افضل تارڑ پاپولیشن ہاؤس جوہر ٹاؤن کے دورہ کے دوران اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

الخدمت ویمن ونگ ٹرسٹ
لاہور کے تحت 30 دلہنوں
میں شادی گفٹس تقسیم

لاہور (این این آئی) الخدمت ویمن ونگ ٹرسٹ لاہور کے تحت 30 دلہنوں میں شادی گفٹس تقسیم کر دیئے گئے۔ اس حوالے سے تقریب کا انعقاد پنجاب سوسائٹی کیمونٹی سنٹر میں ہوا۔ تقریب میں مستحق خاندانوں سے دلہنوں اور ان کی ماؤں کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

تخریبی سیاست آخریں سانسیں لینے لگی، برجیس طاہر

تحریک انصاف طعنہ زنی، لاشوں کی سیاست سے توبہ کر لے، صحافیوں سے گفتگو

سانگلہ ہل (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے نائب صدر چوہدری محمد برجیس طاہر نے کہا ہے کہ تخریبی سیاست آخریں سانسیں لینے لگی ہے، بشریٰ بی بی اور عمران خان پر فرد جرم کے عائد ہونے کے بعد وقت کا تقاضہ ہے کہ عدالتی کارروائیوں کو سنجیدہ لیتے ہوئے قانون کو قانون سمجھیں تاکہ ملک سے نفرت کی سیاست کا خاتمہ ہو سکے۔ وہ ایک تقریب میں شرکت کے بعد صحافیوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ انصاف والوں نے قانون اور انصاف کی دھجیاں اڑا کر رکھ دیں، ساڑھے تین سالہ دور حکومت میں کبھی عوام کی بات نہیں کی عوام کو دھوکہ اور لولی پاپ دینے کے سوا کچھ نہیں دیا، ڈی چوک کو مذاق بناتے ہوئے طعنہ زنی، تنقید، تخریب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

محتسب کے ادارہ سے متعلق
گورنمنٹ کالج بورے والا میں
آگاہی کے لئے سیمینار کا انعقاد

لاہور (این این آئی) صوبائی محتسب اعلیٰ پنجاب کے میڈیا ایڈوائزر کی جانب سے محتسب کے ادارہ سے متعلق گورنمنٹ کالج بورے والا میں آگاہی کے لئے سیمینار کا انعقاد کیا گیا، ڈپٹی کمشنر وہاڑی، اراکین پارلیمنٹ، سول سوسائٹی اور طلبا و طالبات

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

وائس چیئرمین اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک کویت میں منعقدہ تقریب میں پاکستانی شرکا سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

معاون خصوصی وزیر اعلیٰ سائرہ افضل تارڑ کا پاپولیشن ہاؤس جوہر ٹاؤن کا دورہ

وزیر اعلیٰ پنجاب کی معاون برائے پاپولیشن ویلفیئر سائرہ افضل تارڑ کو نادیہ ثاقب اور ثمن رائے کی محکمہ بارے بریفنگ

وزیر اعلیٰ پنجاب کی معاون برائے پاپولیشن ویلفیئر سائرہ افضل تارڑ کا محکمہ کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب کی معاون برائے پاپولیشن ویلفیئر سائرہ افضل تارڑ نے آج پاپولیشن ہاؤس جوہر ٹاؤن کا دورہ کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر نادیہ ثاقب اور ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے و دیگر افسران نے ان کا استقبال کیا۔ اس موقع پر کمیٹی روم میں سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر نادیہ ثاقب اور ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے نے محکمہ بارے بریفنگ دی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی معاون برائے پاپولیشن ویلفیئر سائرہ افضل تارڑ نے محکمہ کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے تمام افسران کو سو فیصد بہترین پرفارمنس دینے کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ مذہبی اقلیتوں کو درپیش مسائل بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اقلیتی حقوق کا تحفظ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، رمیش سنگھ اروڑہ

حکومت اقلیتی کمیونٹی کی فلاح کے لیے مزید عملی اقدامات کرے گی اور ان کی مشکلات کو حل کرنے کے لیے مناسب پالیسیوں پر کام جاری رکھے گی

صوبائی وزیر اقلیتی امور، رمیش سنگھ اروڑہ کی زیر صدارت کیمپ آفس میں ایک اہم اجلاس، اقلیتی ممبران پنجاب اسمبلی نے خصوصی طور پر شرکت کی

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر اقلیتی امور، رمیش سنگھ اروڑہ کی زیر صدارت کیمپ آفس میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں اقلیتی ممبران پنجاب اسمبلی نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ اجلاس میں مذہبی اقلیتوں کے لیے اٹھائے جانے والے اقدامات اور اہم مسائل پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ اس موقع پر سابقہ صوبائی وزیر اعجاز عالم آگسٹین، پارلیمانی سیکرٹری انسانی حقوق سونیا عاشر، ایم پی اے بابا فیلبوس کرسٹوفر، ایمینوئیل اطہر، طارق مسیح گل اور دیگر متعلقہ افراد موجود تھے۔ اجلاس کے دوران اہم موضوعات پر گفتگو کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

ویمن یونیورسٹی ملتان کے شعبہ معاشیات کے زیر اہتمام چوتھی سالانہ انٹرنیشنل کانفرنس جاری

کانفرنس میں غیر ممالک اور پاکستان بھر سے سو سے زائد سکالر شرکت کر رہے ہیں

ملتان (خبر نگار) ویمن یونیورسٹی ملتان کے شعبہ معاشیات (اکنامکس) کے زیر اہتمام چوتھی سالانہ انٹرنیشنل کانفرنس جاری، دوسرے روز 50 سے زائد ریسرچ مقالے پیش کئے گئے ترجمان کے مطابق ویمن یونیورسٹی میں جاری کانفرنس میں غیر ممالک اور پاکستان بھر سے سو سے زائد سکالر شرکت کر رہے ہیں رواں برس کانفرنس کا عنوان ''اقتصادی مسائل اور پائیدار ترقی 2024'' رکھا گیا ہے کانفرنس کے دوسرے روز بھی سکالرز نے اپنی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

International Conference
ECONOMIC ISSUES AND SUSTAINABLE DEVELOPMENT
ICISD-202

ویمن یونیورسٹی ملتان کے شعبہ معاشیات (اکنامکس) کے زیر اہتمام چوتھی سالانہ انٹرنیشنل کانفرنس کے شرکاء کا گروپ فوٹو

چین کو نظر انداز کرنا امریکہ کے لئے غیر دانشمندانہ ہوگا، چینی سفیر

ہم مجموعی طور پر معاشی استحکام کو یقینی بنانے اور خطرات سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں

واشنگٹن (شِنہوا) امریکہ میں چینی کے سفیر شائے فینگ نے کہا ہے کہ چین کو نظر انداز کرنا غیر دانشمندانہ ہوگا، چین کی بربادی کے متعلق دعوے بے بنیاد ہے اور چین کو قابو کرنے کی ہر کوشش ناکامی سے دوچار ہوگی۔ شائے نے واشنگٹن ڈی سی میں امریکہ۔ چین کاروباری کونسل (یو ایس سی بی سی) 2024 کے گالا ڈنر سے خطاب میں کہا کہ چینی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

چین میں جاپان کے تاریخی جراثیمی جنگی یونٹ کے نئے شواہد کی نمائش

نمائش میں آرکائیوز، تاریخی مواد، آثار قدیمہ اور اشاعتوں سمیت تقریباً 2 ہزار 100 اشیاء رکھی گئی ہیں

ہاربن (شِنہوا) دوسری جنگ عظیم کے دوران جاپان کے بدنام زمانہ جراثیمی جنگی یونٹ 731 کا سابقہ صدر مقام جمعہ کو عوام کے لئے کھول دیا گیا۔ یہاں ایک خصوصی نمائش کا اہتمام کیا گیا ہے جس میں جراثیمی جنگی سرگرمیوں کے ثبوت رکھے گئے ہیں۔ نمائش کے ڈپٹی ڈائریکٹر ژانگ یانگ کے مطابق نمائش میں آرکائیوز، تاریخی مواد، آثار

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

روس انسداد دہشت گردی کے لئے شام میں فوجی اڈے قائم رکھنے کا خواہاں ہے، نائب وزیر خارجہ

ماسکو (شِنہوا) روس کے نائب وزیر خارجہ میخائل بوگدانوف نے کہا ہے کہ روس شام میں اپنے فوجی اڈوں کو برقرار رکھنے کی امید رکھتا ہے کیونکہ وہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اہم ہیں۔ سرکاری نیوز ایجنسی آر آئی اے کے مطابق نائب وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ ''میرے خیال میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

چین میں پانی کی منتقلی کے بڑے منصوبے سے 18 کروڑ 50 لاکھ سے زائد افراد مستفید

بیجنگ (شِنہوا) چین میں 18 کروڑ 50 لاکھ سے زیادہ افراد پانی کی منتقلی کے ایک بڑے منصوبے سے براہ راست مستفید ہوئے ہیں جس کے ذریعے گزشتہ ایک دہائی سے پانی سے مالا مال جنوب سے خشک سالی کا شکار شمالی علاقے کو پانی فراہم کیا جا رہا ہے۔ گزشتہ روز ایک پریس کانفرنس میں بتایا گیا کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

''تائیوان کی آزادی'' کا مقابلہ کرنے کے لئے پرعزم ہیں، چینی دفاعی ترجمان

بیجنگ (شِنہوا) چین کے دفاعی ترجمان نے کہا ہے کہ چین کی پیپلز لبریشن آرمی (پی ایل اے) اپنی ضروریات اور زمینی صورتحال کے مطابق فوجی مشقیں کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کرے گی۔ وزارت قومی دفاع کے ترجمان وو چھیان نے جمعہ کو یہ بات تائیوان کے علاقائی رہنما لائی چھنگ تے کی ہوائی اور گوام کے حالیہ سفر کے بعد ممکنہ فوجی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

کراچی، یو پی ایس کی بیٹری پھٹنے سے 5 بہنیں جھلس گئیں

پورا گھر آگ کی لپیٹ میں آ گیا، آگ کی شدت دیکھ کر اہلخانہ سمجھے کے سلنڈر پھٹا ہے

کراچی (این این آئی) کراچی میں کیماڑی کے علاقے میں گھر میں یو پی ایس میں آگ لگنے سے بیٹری دھماکے سے پھٹ گئی، حادثے میں 5 بہنیں جھلس کر زخمی ہو گئیں، جنہیں اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق کیماڑی کچھی پاڑہ میں گھر میں یو پی ایس میں آگ لگنے کے بعد بیٹری دھماکے سے پھٹ گئی جس سے پورا گھر آگ کی لپیٹ میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

آزاد کشمیر کے بالائی علاقوں میں وقفے وقفے سے برف باری

گلگت بلتستان کے بالائی علاقوں میں بھی برف باری، ضلع استور میں برف باری سے نظام زندگی متاثر

مظفر آباد (این این آئی) ملک بھر میں سردی کے ڈیرے، آزاد کشمیر کے بالائی علاقوں میں وقفے وقفے سے برف باری، پہاڑوں پر دو فٹ سے زائد برف گرنے کے بعد سردی کی شدت میں اضافہ ہو گیا۔ گلگت بلتستان کے بالائی علاقوں میں بھی برف باری، ضلع استور میں برف باری سے نظام زندگی متاثر ہو گیا۔ خیبر پختونخوا میں بابوسر ٹاپ، ناگا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

کراچی، وارداتوں کی سینچری کرنیوالا 3 رکنی گروہ گرفتار

گرفتار ملزمان میں نجم، کامران اور مدثر شامل ہیں، دوران تفتیش 100 سے زائد وارداتوں کا انکشاف

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے شاہ فیصل کالونی سے پولیس نے 100 سے زائد وارداتیں کرنے والے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ایس ایس پی کورنگی کامران خان کے مطابق وارداتوں کی سینچری مکمل کرنے والے ملزمان کو خفیہ اطلاع پر دوران چیکنگ گرفتار کیا گیا، ملزمان سے 3 پستولیں، موبائل فون، نقد رقم، موٹر سائیکل برآمد کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

موسیٰ خیل، جنگلات میں لگی آگ بجھا دی گئی

پہاڑ کے جنگلات میں لگی آگ پر لیویز فورس نے تین گھنٹے کی جدوجہد کے بعد قابو پا لیا

موسیٰ خیل (این این آئی) بلوچستان کے ضلع موسیٰ خیل کے علاقے تحصیل درگ میں پہاڑ کے جنگلات میں لگی آگ پر لیویز فورس نے تین گھنٹے کی جدوجہد کے بعد قابو پا لیا، آگ کو مکمل طور پر بجھا دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل جمعہ داد خان نے جیو نیوز کو بتایا کہ تحصیل درگ کے علاقے میں نتھ کے پہاڑوں کے جنگلات میں آگ لگ گئی تھی جس پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

چین کا افغانستان میں انسداد دہشت گردی کی حمایت کا مطالبہ

امریکہ افغان عوام کے بیرون ملک اثاثوں کو غیر منجمد کرے، چینی مندوب

بیجنگ (این این آئی) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے افغانستان کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ جمعہ کے روز اقوام متحدہ میں چین کے مستقل مندوب فو چھونگ نے کہا کہ افغانستان میں سلامتی کی موجودہ صورتحال مستحکم ہے لیکن تقریباً 24 ملین افراد کو انسانی امداد کی ضرورت ہے۔ اس سال انسانی امداد کے نصف سے بھی کم فنڈز فراہم کیے گئے ہیں، اور خوراک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62

کراچی، حب چوکی پر کارروائی، کروڑوں کا نان کسٹم پیڈ سامان برآمد

کراچی (این این آئی) کراچی میں رینجرز اور کسٹم حکام نے حب چیک پوسٹ پر کارروائی کرتے ہوئے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے۔ ترجمان رینجرز کے مطابق کارروائی کے دوران کروڑوں روپے مالیت کی نان کسٹم پیڈ اشیاء برآمد کی گئیں۔ رینجرز کے ترجمان نے بتایا ہے کہ برآمد ہونے والے سامان میں گٹکا، ایرانی ڈیزل، کپڑا، ٹائرز، چھالیہ، سگریٹ شامل ہیں۔

چین کے فوجیان طیارہ بردار بحری جہاز کے تجربات منصوبے کے مطابق جاری رہیں گے، فوجی ترجمان

بیجنگ (شِنہوا) چین کے دفاعی ترجمان نے کہا ہے کہ فوجیان طیارہ بردار بحری جہاز کے تجربات اس کے تعمیری عمل کا ایک معیاری حصہ ہیں۔ تعمیری عمل جوں جوں آگے بڑھے گا یہ تجربات جاری رہیں گے۔ وزارت قومی دفاع کے ترجمان وو چھیان نے یہ بات جمعہ کو ایک پریس کانفرنس میں میڈیا کے سوال کے جواب میں کہی۔

سونے میں تبدیل ہوتی برف، چین میں موسم سرما کے کھیلوں سے کاروبار میں تیزی

نان جنگ (شِنہوا) وانگ نے اسکی کو باندھا، چشمے ٹھیک کر کے ہیلمٹ پہنا، ایک گہری سانس لی اور 138 میٹر لمبی زیر چھت ڈھلوان سے تیزی سے نیچے کی طرف اتر گیا۔ وانگ اسکی کے ایک نئے کھلاڑی ہیں جنہیں چین کی منجمد شمالی سرحدوں تک ہزاروں کلو میٹر کا سفر طے کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ شنگھائی سے صرف 2 گھنٹے کی مسافت پر واقع

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66

لاہور ہائیکورٹ میں کرسمس کے حوالے سے تقریب

چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے بشپ ڈاکٹر آزاد مارشل کے ہمراہ کرسمس کا کیک کاٹا

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ میں کرسمس کے حوالے سے کیک کاٹنے کی تقریب منعقد ہوئی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے بشپ ڈاکٹر آزاد مارشل، ہائی کورٹ ملازمین اور دیگر اقلیتی وکلا کے ہمراہ کرسمس کا کیک کاٹا۔ اس موقع پر اقلیتی سماجی تنظیم کے چیئرمین سیموئل پیارا، ایڈوائزر ایمینوئل پرویز اور ایڈووکیٹ شہزاد سمیت دیگر موجود تھے۔ شرکا سے اظہار خیال کرتے ہوئے چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم کا کہنا تھا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

لاہور، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم بشپ ڈاکٹر آزاد مارشل اور وکلاء کے ہمراہ کرسمس کیک کاٹ رہی ہیں

سوات میں منشیات فروشوں کی فائرنگ سے ایس ایچ او شہید، ملزم مارا گیا

ملزمان کی فائرنگ سے ایک اہلکار زخمی جبکہ جوابی کارروائی کے دوران ایک منشیات فروش فرار

مینگورہ (این این آئی) خیبر پختونخوا کے شہر سوات کے مینگورہ شہر میں منشیات فروشوں کی فائرنگ سے پولیس انسپکٹر (ایس ایچ او) شہید اور ایک اہلکار زخمی ہو گیا جبکہ پولیس کی جوابی کارروائی میں ایک ملزم مارا گیا اور دوسرا فرار ہو گیا۔ سوات کے تھانہ بنڑ کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65

سابق ایس پی کلفٹن و ایس ایچ او پر زیر حراست ملزم کی ہلاکت کا الزام

اللہ کے نام پر معاف کر دیا: مقتول کے ورثاء کا بیان

کراچی (این این آئی) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج جنوبی نے زیر حراست ملزم کی ہلاکت کے کیس میں تمام ملزمان کو بری کرنے کا حکم دے دیا۔ سابق ایس پی کلفٹن نیئر الحق، سابق ایس ایچ او و دیگر کے خلاف زیر حراست ملزم کی ہلاکت کے کیس کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے فریقین کے درمیان صلح نامے کی درخواست منظور کر لی۔ مقتول کے بیٹوں زوہیر معیز اور جنید معیز کی جانب سے صلح کے حلف نامے جمع کروائے گئے۔ مقتول کے ورثاء

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64

وزیر اعلیٰ مریم نواز دورہ چین میں عوام کی فلاح و بہبود کے تاریخی معاہدے کر رہی ہیں، طاہر رضا ہمدانی

سولر پینل پلانٹ، توانائی، زراعت کے شعبوں میں کئی معاہدے ہو رہے ہیں، سیکرٹری اطلاعات پنجاب

لاہور (این این آئی) سیکرٹری اطلاعات و ثقافت پنجاب سید طاہر رضا ہمدانی اور ڈی جی پی آر غلام

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

لاہور، وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمن ٹی ایم جی فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام کرسمس کی مناسبت سے تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں

ایس سی او کے دفاعی حکام کا تعاون بڑھانے کے لئے بیجنگ میں اجلاس

بیجنگ (شِنہوا) چینی وزارت قومی دفاع نے بیجنگ میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے وزرائے دفاع کے 22 ویں ماہرین ورکنگ گروپ اجلاس کی میزبانی کی۔ وزارت کے ترجمان وو چھیان نے جمعہ کو ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک اور ایس سی او سیکرٹریٹ کے 30 سے زائد نمائندے کانفرنس میں شریک ہوئے۔ وو نے کہا کہ شرکاء نے دفاع

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

محکمہ موسمیات کی ملک کے بیشتر علاقوں میں سردی کی لہر برقرار رہنے کی پیشگوئی

اسلام آباد، بالائی، وسطی پنجاب اور خیبر پختونخوا کے میدانی علاقوں میں صبح کے اوقات میں بعض مقامات پر کہر پڑنے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے ملک کے بیشتر علاقوں میں سردی کی لہر برقرار رہنے کی پیشگوئی کر دی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم سرد اور خشک جبکہ پہاڑی علاقوں میں شدید سرد رہنے کا امکان ہے۔ اسلام

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63

لاہور، ہال روڈ کے قریب دکانداروں کے لیپ ٹاپ فروخت کرنے کے لئے گرین بیلٹ پر سجا رکھے ہیں